سلسلہ مطبوعات طاق بستان آرہ

نمبر ۲

# خواب کی دُنیا

آسٹریا کے مشہور ماہر نفسیات

سگمنڈ فریوڈ کی کتاب "تعبیرات خواب" کی تلخیص

مرتبہ

عبدالمالک آروی

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

ذخیرہ محمد وقار مجید
138673

# پیش لفظ

از

(ادیب عصر حضرت علاّمہ نیاز فتحپوری مدظلہ)

---

مولانا عبدالمالک آروی باوجود اس کے کہ وہ خود عملی انسان ہیں عرصہ سے اس ادھیڑ بن میں لگے ہوئے ہیں کہ "خواب" کیا ہے اور اس کا تعلق ہماری حواس ظاہری کی دُنیا سے اگر ہے تو کِس طرح کا،

ان کی اس اُلجھن کا علم مجھے اوّل اوّل اس وقت ہوا جب ۱۹۲۹ء میں رسالۂ "جن" جاری کیا گیا اور انہوں نے ایک بسیط مقالہ اِس موضوع پر تحریر کر کے میرے پاس بھیجا' یہ وہ زمانہ تھا جب مولانا موصوف سے اور مجھ سے کوئی بات "دو بدو" نہ ہوئی تھی، بلکہ میں صرف ان کی تحریروں سے' اُن کے سمجھنے کی کوشش کیا کرتا تھا، اس کے کئی سال بعد جب آرہ میں ان سے ملنے اور باتیں کرنے کی عزّت میں نے حاصل کی، تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ کیا ہیں اور کیوں اتنا مابعد الطبیعاتی شغف رکھتے ہیں۔

ہر چند مجھے مولانا کی زندگی کا کوئی علم حاصل نہیں (حالانکہ مجھے اس کے حاصل کرنے کی تمنا ضرور ہے) تاہم ان سے ملنے کے بعد دو باتیں از روئے "کشف" ضرور مجھ پر روشن ہوگئیں، ایک یہ کہ قدرت

Marfat.com

کی طرف سے جو دماغی یا ذہنی اہلیت وہ لیکر آئے تھے، اس کے لحاظ سے ان کا ماحول سازگار ثابت نہ ہوا، اور دوسرے یہ کہ حوادث نے ان کی زندگی کو ایک خاص قسم کے "مذہبی تشاؤم" میں مبتلا کر رکھا ہے،

اِنسان کا ذہین پیدا ہونا خدا کی بڑی دین ہے، لیکن کبھی کبھی یہی فطری اِنعام سخت اُلجھنوں میں مبتلا کر دیتا ہے اور "نفس مطمئنہ" کی حدود تک پہنچنے سے قبل معلوم نہیں کتنی بار دامن کانٹوں میں الجھتا ہے، اور کتنا تار تار ہو جاتا ہے۔

ہو سکتا ہے عبدالمالک صاحب خار زار ہستی کی یہ تمام وادیاں طے کرنے کے بعد اس نقطہ تک پہنچ گئے ہوں جہاں "غبار شوق" سے "کعبۂ دل" کی طرح ڈالی جاتی ہے، اور "گرد راہ" اڑا کر "رنگ منزل" پیدا کیا جاتا ہے، لیکن مجھے اس کا یقین نہیں، کیونکہ یہ یقین کر کے ان کو ہاتھ سے نکل جاتے ہوئے دیکھنا مجھے گوارا نہیں،

اس میں شک نہیں عبدالمالک صاحب اپنے خاندان، اپنی تعلیم و تربیت اور اپنے ماحول کے لحاظ سے پورے مولوی ہیں، لیکن باوجود اسکے مجھے اُن سے محبت ہے، خاص لگاؤ ہے، کیونکہ وہ "نامسلمانی سے" نفرت نہیں کرتے، بلکہ اگر کوئی مجھسا کافر انہیں بلجائے، تو وہ محبت بھی کرنے لگتے ہیں پھر مجھے چونکہ ابتداء عمر سے اس قوم سے واسطہ پڑا ہے اور میں ان لوگوں کے "شیوہ و انداز" سے پوری طرح واقف ہوں، اِس لئے میں سمجھتا ہوں کہ عبدالمالک صاحب میں باوجود مولوی ہونے کے کتنی زبردست

Marfat.com

صلاحیت" نا مولوی" ہونے کی پائی جاتی ہے، اور معلوم نہیں میں اُن کی اس خصوصیت سے کیا کیا توقعات رکھتا ہوں؛

عبدالمالک صاحب مذہباً مقلد ہوں یا کچھ اور[1] لیکن فکراً وطبعاً وہ بہت آزاد خیال واقع ہوئے ہیں، وہ ان لوگوں میں سے نہیں ہیں جن کے نزدیک ایک مقولہ کی صداقت کا معیار یہ ہوا کرتا ہے کہ وہ بہت پُرانا ہے بلکہ وہ ہر مسئلہ کو خود اپنی قوت فہم سے سمجھنا چاہتے ہیں، اور معقول وغیر معقول (یعنی منقول) ہر قسم کے لٹریچر کی چھان بین کر ڈالتے ہیں چنانچہ آپ دیکھیں گے کہ اس تصنیف میں بھی انہوں نے کتنی محنت شاقہ سے کام لیا ہے اور چونکہ وہ علوم مشرق و مغرب دونوں سے پُورا استفادہ کر سکتے ہیں اس لئے "ذوالریاستین" ہونے کی حیثیت سے کوئی زاویہ نگاہ اس مسئلہ میں ایسا نہیں ہے جس سے اُنہوں نے بحث نہ کی ہو،

خواب کا مسئلہ ابتدائے آفرینش سے اِنسان کے متخیلہ پر کارفرما رہا ہے اور کوئی زمانہ کسی قوم پر ایسا نہیں گزرا، کہ اس کے سمجھنے کی کوشش نہ کی گئی ہو، لیکن اس کے لاینحل ہونے کا ثبوت یہ ہے، کہ عہد حاضر میں بھی (حالانکہ یہ "حقائق ریاضیات" کا عہد کہلاتا ہے) کوئی فیصلہ کن تحقیق اس باب میں پیش نہیں کی گئی، اس کی ابتدائی اہمیت تو یہ تھی کہ اسے بعض اقوام

---

[1] میرے والد مرحوم اور آپ کے اساتذہ و مرشدین حضرت مولانا حافظ عبداللہ صاحب محدث ومنطقی (غازیپوری) اور حضرت شاہ عین الحق صاحب نوراللہ مرقدہ (پھلواروی) اور خود فقیر کے استاد مکرم مولانا نورالدین صاحب آروی "غیر مقلد" (اہلحدیث) تھے، (ع - م)

Marfat.com

نے "پیام ربّانی" سمجھا، اور اب اس کی انتہائی عظمت اس اعتراف سے ظاہر ہے کہ "ما عرفناک حق معرفتک"۔

اس تصنیف میں جن عنوانات پر بحث کی گئی ہے، وہ اس قدر وسیع اور متنوع ہیں کہ اب ان میں، کسی اضافہ کی گنجایش باقی نہیں، اور فاضل مصنف نے جس اہتمام و کاوش اور حسن و جامعیت کے ساتھ قدیم و جدید مباحث کا خلاصہ پیش کیا ہے وہ ہر شخص کے بس کی بات نہ تھی۔

مجھے یقین ہے کہ ملک اس تصنیف کی قدر کرے گا اور مولانا عبدالمالک کو موقعہ دے گا کہ وہ اپنی تحقیقات علمیہ کو (جو ان کا فطری ذوق ہے) بدستور جاری رکھیں، اور جس طرح آج انہوں نے انسان کے "سوئے ہوئے" پہلو سے بحث کی ہے کل اس کی بیداری کے افسانے سنائیں،

نیاز

Marfat.com

# سگمنڈ فرایوڈ کے حالات زندگی

اب جبکہ نازیون کے قول کے مطابق "وائنا" نے نسلی امتیاز کی طرف عنان التفات مبذول کی جمہوری حکومتوں کے ساحل پر پناہ گزینوں کی ایک اور موج ٹکرا رہی ہے، انہیں میں پروفیسر سگمنڈ فرایوڈ ہے، جو عہد حاضر کا بہترین مفکر اور تحلیل نفسیات کا بانی ہے، اس کی ساری زندگی وائنا میں بسر ہوئی تقریباً تیس ۳۰ سال سے جو دور قدیم یعنی وائنا کی عظمت و جلال سمجھا جاتا تھا اب خس و خاشاک کے ایک گٹھر کی طرح ضعیف اِنسان بنکر رہ گیا ہے، اس وقت اس کی عمر ۸۲ سال کی ہے، اور برطانیہ کے خوش اور پرسکون فضا میں اپنی شام زندگی کا آغاز کر رہا ہے۔

گذشتہ مارچ میں وائنا پر دہشت انگیزی کا تسلط ہوا، فرایوڈ کا پاسپورٹ اس سے لے لیا گیا، اس کی ذاتی دولت پر قبضہ کر لیا گیا، اور اس کے دارالاشاعت کی کتابوں کا سارا ذخیرہ برباد کر ڈالا گیا لیکن اس کو اپنے مکتبہ اور یونانی و مصری آثار قدیمہ کے ساتھ اپنے قدیم مکان "وایرنجر سٹریسی" (Waehringerstrasse) کے میدان میں جہاں چالیس سال تک وہ سکونت پذیر رہ چکا تھا، قیام کرنے کی اجازت دی گئی، ہفتوں کے دقت طلب اور پرخوض نامہ و پیام کے بعد گزشتہ جون کی ابتدا میں یہ خبر آئی کہ فرایوڈ کو رہائی ہوگئی اور وہ صحیح و سالم لندن آرہا ہے۔

جیسے ہی وہ وکٹوریہ اسٹیشن پر اترا اس کے کنبہ نے اسکو "سینٹ جان ووڈ"

Marfat.com

میں ایک سُرخ اینٹ کے قدیم عافیت وہ مکان میں اتارا یہاں وہ اور اس کی بیوی اپنی ایک بیاہی لڑکی کے ساتھ مقیم ہیں یہانتک کہ کوئی مستقل قیامگاہ دستیاب ہو جائے، فی الحال اس کا سامان، اس کی عظیم الشان لائبریری، اور آثار قدیمہ کے متعلق اس کا مشہور ذخیرہ بندھے رکھے ہیں، اور اسی طرح بندھے رہیں گے، جب تک کوئی مستقل مسکن نہ ملجائے اس کی لڑکی "انا"، جو اُس کی علمی زندگی کی خاص شریک کار رہی ہے، اس کا لڑکا مارٹن جو وائنا میں اسکے دارالاشاعت کی نگرانی کیا کرتا تھا اس کے کنبہ بقیہ افراد اور وائنا کے اس کے خاص معاونین یا تو اس کے ساتھ ہیں یا سینٹ جان ووڈ کے قریب میں ٹھیرے ہوئے ہیں فریوڈ کے فلسفہ تحلیل نفسیات کا مرکز جسمانی طور پر وائنا سے بدلکر لندن میں آگیا ہے، بے شمار لوگ اس کے پاس آرہے ہیں، ان میں وائنا کے قدیم باشندے ہیں جو اس کی طرح جلاوطنی کی زندگی بسر کر رہے ہیں بہت سے سائنداں ہیں جو اس سے نئے مسکن میں اس کی صحت خوشی اور اطمینان کے آرزومند ہیں، رایل سوسائٹی نے جو ۱۹۳۶ء میں اس کو اس کی اسی سالگرہ کے موقعہ پر اپنی جمعیت کا غیر ملکی رکن بنا چکی ہے، اس کی شاہانہ عزت افزائی کی، اور تین سالہ چارٹر کی کتاب دستخط کے لئے "سینٹ جان ووڈ" میں اُسکے پاس بھیجی، اور حکومت نے اس کے خیر مقدم کے سلسلہ میں اس کو برطانوی قومیت عطا کر کے اپنا سرکاری مہر ثبت کی۔

۶۵ - سال قبل فریوڈ جیسے متعلم طب نے گوئٹے کی اس نظم کا مطالعہ کیا جو فطرت پر ہے، فلسفہ تحلیل نفسی میں شوپنہار، اور نٹشے (Nietzsche)

Marfat.com

بڑی حد تک اس کے ہم آہنگ نظر آتے ہیں، اس کی زندگی کی ترکیب بعض جرمن عناصر سے ہوئی ہے، تقریباً دس سال سے کمتر زمانہ گزرا کہ "ٹامس مین" نے جو عہد حاضر کے تمام جرمن ناول نگاروں میں سب سے بڑا سمجھا جاتا ہے، اس کو جرمن ارباب قلم کی طرف سے سلام پہنچایا اور اس کی لڑکی "انّا" کی جو اس کے قایم مقام کی حیثیت سے موجود تھی، مقام فرینکفارٹ کے "ریتھاس" یں شہر کی طرف سے پذیرائی کی گئی، یہ وہ تقریب تھی جبکہ ۱۹۳۰ء میں "گوئٹے کا انعام" فرایڈ کو عطا کیا گیا تھا تقریباً بارہ سال قبل اس کے وطن وائنا نے اس کو اپنی آزادی بخشی لیکن پھر اسی وطن کی فضا میں اس کا سانس لینا دوبھر ہو گیا اور محض اس وجہ سے کہ نسلاً وہ اس سرزمین کی پیداوار نہ تھا اس کو اس قابل رحم اژدحام کی نذر کر دیا گیا جو جلاوطنی کی مصیبت میں جمہوریت کے دروازوں پر دستکیں دے رہا ہے، کلیر پرایس (Clair-price) نے جب اس کی ہمدردی میں چند کلمات کہے تو اس معصومانہ اور غیر جذباتی رنگ میں اُس نے جواب دیا گویا مخالفین کا شکوہ اس کے سلسلہ میں نہیں کیا جا رہا ہے، بلکہ کسی دوسرے فرد کے بارہ میں بحث و تحیص ہو رہی ہے، لیکن جب دہشت انگیزی اور بربریت کی ہنگامہ زائیوں پر تبصرہ کیا گیا اور اس کا وطن اب موضوع بحث ہوا، تو وہ اپنی کرسی پر آگے کی طرف جھک گیا اور زور دیکر بولا، "وائنا میں اس وقت جو کچھ ہو رہا ہے وہ جنگ ہے اور جنگ کے اندر ہمیشہ بربریت ہی ہوا کرتی ہے، جنگ وائنا میں ہو یا کسی اور ملک میں انجام یکساں ہوا کرتا ہے، لیکن اہل وائنا کے متعلق

Marfat.com

یہ کہنا کہ انہوں نے اپنی روش کے غیر مشتبہہ داغ پیش کئے ہیں بالکل غلط ہے، وائنا کے باشندے بدلے نہیں ہیں وہ ویسے ہی ہیں جیسے پہلے تھے، ہم نے ۴۲ سال تک اسی وائنا کی سرزمین میں زندگی کے دن گزارے اور قبل اس کے کہ ہم رخت سفر باندھیں ہمارے بہت سے قدیم پڑوسی ہم سے ملنے اور اظہار ہمدردی کرنے آئے وائنا والے کبھی بدلتے نہیں۔"

برطانیہ کے متعلق اس نے بہت سی باتیں بتائیں، وہ یہاں اپنے ایام طفولیت میں آچکا تھا، منچسٹر میں وہ گیا تھا، یہاں وہ اپنے دو سوتیلے بھائیوں سے ملا تھا جو روئی کی تجارت کرتے تھے، لندن میں اس کو صرف ایک ہی دن ٹھیرنے کا موقعہ ملا تھا اور قیام لندن کی چند ساعتوں کے متعلق اس نے مسکراتے ہوئے کہا "کیا آپ خیال کر سکتے ہیں کہ یہ ساعتیں میں نے کہاں صرف کیں"؟ ایک گہرے تبسم کے ساتھ جیسے وہ اپنی ذات سے مزاح کر رہا ہو اس نے کہا "متحف بریطانیہ کے دارالمطالعہ میں" ساٹھ سال کے بعد اس "قبۂ تحقیق واکتشاف" کے نیچے ایک دن سانس لینا جہاں سے نکلکر بہتیرے آدمیوں نے دنیا کے خیالات پر اثر آفرینی کی، آج بھی اس کو مسرت آگیں معلوم ہو رہا تھا۔

فرائیڈ کے ٹیبل کے پیچھے مٹی کی چھوٹی چھوٹی مورتوں کی قطار تھی، یہ قدیم بت تراشی کے نمونے تھے جو یونان کی شہزادی جارج نے ہدیۃً اسکو پیش کئے تھے، جبکہ وہ پہلے پہل لندن میں وارد ہوا تھا شہزادی کا مقصد یہ تھا کہ وہ ان کو بمنزلہ ان یونانی اور مصری آثار قدیمہ کے سمجھے جنہیں فرائیڈ نے جمع کیا تھا، وائنا میں فرائیڈ کے دارالمطالعہ میں یہ آثار بکھرے ہوئے رہتے تھے،

Marfat.com



پروفیسر سگمنڈ فرایڈ

Marfat.com

Marfat.com

مقالہ نگار جب گیا تو فرویڈ نے ان مٹی کی مورتوں میں سے ایک چھ انچ کی مورت تھوڑی دیر کے لئے اپنی ران پر رکھی، اور اس طور پر اس کو تکتا رہا گویا وہ کوئی زندہ چیز ہے ایسا نہ ہو کہ گر کر فنا ہو جائے، اور اس کے بعد اس نے نہایت احتیاط سے اس کو اٹھا کر بلا ایک لفظ بولے ٹیبل پر رکھدیا، اس طور سے گویا وہ یورپ کی موجودہ غمناک فضا سے بلند تر ہو چکا ہے، اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسرار دماغ کے کسی بعید ترین نشاط آفریں جگ میں وہ لطف اٹھا رہا ہے

وائنا کے ایک نوجوان جنگ جو ماہر علم اعصاب (Neurologist) کی حیثیت سے جیسا کہ اس کے عہد کے بہت سے آدمیوں نے کیا فرویڈ نے اس اعتقاد کی تبلیغ کی کہ دماغی خرابی کے مسایل کا حل وعقد خود دماغ کے مطالعہ سے نہیں بلکہ مغز (سر) اور نظام اعصابی کے مطالعہ سے ہو سکتا ہے اس کا عقیدہ تھا کہ غیر شعوری کے لئے غیر طبعی ہونا ضروری ہے لیکن تنویم کے ذریعہ ہسٹریا کے ایک کامیاب علاج نے اس کا خیال غیر شعوری دماغ کی طرف منعطف کر دیا اس کا یہ نظریہ کہ "دماغ تہہ بتہہ ہے" ایک جدید تحقیق کا سنگ بنیاد ثابت ہوا، اسی کے ذریعہ فرویڈ اس نتیجہ پر پہنچا کہ دماغی خرابی میں دماغ کے اندر معرکے اور رکاوٹیں ہوا کرتی ہیں، اگلے چالیس سال سے وہ اسی مطالعہ میں بسر کر رہا ہے، کہ غیر شعوری دماغ کی تاریکیوں میں کون سے نظام برسر عمل ہیں۔

مقالہ نگار نے تحلیل نفسیات کے مسئلہ پر گفتگو کرنی چاہی تو فرویڈ نے اس کی طرف زیادہ توجہ نہ کی، بلکہ اس نے عہد شباب کی ان دلچسپیوں پر

Marfat.com

بحث وتمحیص کرنا پسند کیا۔ جو تہذیب وتربیت سے متعلق تھیں اس نے بتایا کہ مجھے زمانہ طفولیت ہی سے مسایل تہذیب سے گہرا لگاؤ تھا، اور آج جب کہ میں زندگانی کا بیشتر حصہ طب اور معالجہ امراض (Psychotheraphy) میدان میں صرف کر چکا ہوں میرا ابتدائی شوق لوٹ کر سامنے آرہا ہے یعنی انسانی طبیعت' اور ارتقا، تہذیب کی معرکہ آرائیوں کے مسایل'. برسوں میرا یہ خیال رہا کہ تاریخ کے واقعات قوموں کی معرکہ آرائیوں کا عکس ہیں' جنکا ماہرین تحلیل نفسیات فرد کی زندگی میں مطالعہ کرتے ہیں' میں نے اس نظریہ کو ۱۹۱۲ء سے ترقی دینا شروع کیا جبکہ میں نے مذہب اور اخلاقیات کی تخلیق پر اپنی کتاب ٹوٹم وبٹو (To Tem and Taboo) لکھی' میں نے حال میں ایک کتاب لکھی ہے جس میں بعض ان اکتشافات کی توضیح کی گئی ہے'. جو میری پہلی کتاب میں ہیں' فریوڈ نے بتایا کہ اس کی کتاب کے پہلے دو حصّے وائنا ہی میں لکھے گئے تھے، لیکن تیسرا حصّہ اس نے لندن میں تمام کیا مقالہ نگار نے فریوڈ سے کہا کہ یہ خبر مشہور ہے کہ آپنے تحلیل نفسیات کی روشنی میں "عہدنامہ عتیق" کا موسےٰ کے زمانہ تک دقیق مطالعہ کیا ہے' اس سے اس نے انکار کیا اور بتایا کہ اس طرح کا کوئی خاکہ اس کی نظر کے سامنے نہیں ہے'۔

(ماخوذ از سنڈے ایڈوانس" ۱۳- نومبر ۱۹۳۸ء)

Marfat.com

# فہرست مضامین


| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| خاتون صحرا کے نام | ۱ | **بزرگوں کا خواب** | ۷۱ |
| ہدیۂ امتنان | ۲ | خواجہ قطب الدین بختیار کا فوت درود | ۷۱ |
| دیباچہ | ۵ | شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر پر جادو | ۷۲ |
| ماخذ | ۶ | حضرت جلال الدین حسین بخاری کی تذکیر | ۷۴ |
| مقدمہ | ۲۸ | مولانا حسام الدین کا مدفن | ۷۵ |
| تکمیل آرزو | ۳۵ | خلیفہ عمر ابن عبدالعزیز کی غشی | ۷۵ |
| خواب میں پیچیدگی | ۴۰ | امام بیہقی کی تصنیفات | ۷۶ |
| عشقیہ خواب | ۵۰ | خواجہ نظام الملک طوسی کی خشیت | ۷۷ |
| پُراسرار خواب | ۵۳ | امام غزالی کی قواعد العقائد کا درجہ | ۸۰ |
| عہد ماضی کی ایک تمنا | ۵۶ | خواجہ ابو یوسف ہمدانی کے اوراق پریشان | ۸۳ |
| عشق پر مذہب و تصوف کا حجاب | ۵۸ | **بادشاہوں کا خواب** | ۸۵ |
| مسجد نبوی کا ایک منظر | ۶۳ | خلیفہ امین کی ولادت | ۸۵ |
| احساسات اخلاقی | ۶۶ | ابو شجاع بویہ دیلمی | ۸۶ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| سلطان محمود غزنوی | ۸۷ | ڈاکٹر ابرکرامبی کے نظریات | ۱۳۰ |
| سلطان شمس الدین التمش | ۸۸ | برگسان کے افکار و آراء | ۱۵۳ |
| احمد شاہ بہمنی | ۸۹ | اہل یونان | ۱۵۹ |
| یوسف عادل شاہ | ۹۲ | وحشی اور مہذب اقوام کا زاویہ نگاہ | ۱۶۱ |
| برہان نظام شاہ ثانی | ۹۳ | ملت بابل | ۱۶۴ |
| **علما کا خواب** | ۹۶ | قوم مصر | ۱۶۶ |
| ابن خلکان | ۹۶ | ٹیوٹانک قوم | ۱۶۹ |
| ابوریحان البیرونی | ۹۸ | ہندوؤں کا نظریہ اور خواب | ۱۷۰ |
| ناصر خسرو | ۹۸ | جینیوں کا مذہبی عقیدہ | ۱۷۱ |
| امام ابوالحسن الاشعری | ۱۰۰ | سکان جاپان | ۱۷۴ |
| مرزا سرخوش کو بشارت | ۱۰۵ | یہودی ادب میں خواب کی اہمیت | ۱۷۵ |
| عزیزوں اور بزرگوں کی موت | ۱۰۸ | اسلامی خواب | ۱۷۸ |
| عریانی تن | ۱۱۲ | ابن خلدون کا خواب | ۱۷۹ |
| فراموشی خواب | ۱۱۳ | ابن حزم کی متکلمانہ وضاحت | ۱۸۶ |
| قوت حافظہ کے خواص اور ان کا مظاہرہ | ۱۲۱ | | |


Marfat.com

۱

# خاتونِ صحرا کے نام

زندگی کیا ہے؟ فلسفی، شاعر، صوفی، سب کے یہاں آپ کو طرح طرح کی نکتہ سنجیاں ملیں گی۔ مجھ سے کوئی پوچھے تو میں مختصراً یہ کہہ دوں زندگی نام ہے ماضی کے خواب و خیال ہو جانے اور مستقبل سے وابستگی تمنا کا۔ ماضی کے کتنے رنگین والمناک ایام آئے اور کچھ دنوں کے لئے قلب میں نشاط و الم کے احساسات چھوڑ کر محو ہو گئے، یہاں تک کہ اب وہ چیزیں بھولی بسری باتیں ہو کر رہ گئیں۔ ماضی کے انہیں لطف آگین ایام میں خاتونِ صحرا کی محبت، ان کا بے وقت مرنا، مرنے کا غم، سب کچھ تھا، آہ! خوشی کی طرح غم میں بھی کتنی لذتیں ہوا کرتی ہیں، حسرت کا شعر ہے ؎

یاد ایام کہ ہم جوشِ جنوں میں حسرت!
خوار پھرتے تھے پریشان بیابانوں میں

شاعر نے ایک خاص حسرت کے ساتھ اس عہدِ جنوں کی دشت پیمائیوں کی لذت کا ذکر کیا ہے۔ شعر زندگی کی ایک حقیقت ہے۔

سنسان تال جیسا لق و دق بیابان، دھواندی کی گہرائی، اور اس کی پرتوج روانیاں، پہن کے دھارے، گھٹو تیا ندی، اسے صبر آزما عبور کرنا ساری باتیں یاد

Marfat.com

آتی ہین ، اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ماضی کی یہ حقیقتین اب کوئی خواب تھین۔
جیٹھ بیساکھ مین تپتی ہوئی ریگزار، ساون بھادون مین جزیرہ نما گاون، نہ کوئی گرپ
اور نہ طئے مرحلہ کا سامان، منزل دور، لیکن "جمال کعبہ" کا شوق فراوان تھا اور
مین کبھی نتوحہ سے بھوجپور تک پا پیادہ جاتا، کبھی کشتی پر بھادون کی بھیانک
تاریکی مین آدھی رات گئے خسرو پور سے ساحل دلنواز تک پہونچتا، نہ موسم کی
صعوبتیں سدراہ تھین، اور نہ طئے مرحلہ کی دقتین مانع وبید، زندگی کے آٹھ سال
انہین سرشاریون مین گزر گئے، یہان تک کہ وہ عزیز ہستی ہمیشہ کے لئے چھوٹ
گئین، تال کا لق و دق بیابان اور ریگزار اب بھی ہے، دھوا کی روانیان بدستور
قائم ہین، اکثر نتوحہ سے اب بھی ہجور کرتا ہون، لیکن مقام و فضا کی یہ ساری چسپیان
اور کششین مٹ گئین، ہان کچھ لطف باقی ہے تو امرؤالقیس کے الفاظ مین
" ذکری حبیب و منزل " پر آنسو کے چند قطرے ٹپکا لینے مین جب کبھی اس
دیار سے گزرتا ہون، تو میر صبا کا یہ شعر یاد آجاتا ہے

کبھی جا گل کو دیکھے ہین کبھی دیکھے ہین نرگس کو
خدا جانے یہ چشم اپنی پھرے ہین ڈھونڈتی کس کو

خاتون صحرا ہماری چہیتی بیوی بھی تھین اور پھوپھی زاد بہن بھی، بڑی ہوئی
تھین اور ان تمام معصوم ادائون کی ملکہ، جو عورت کو اساطیر جاپان کی "
" سنہجن دیوی"، اور خرافات یونان کے "ارتیمس" کو دیوانہ اور صبح اور د

Marfat.com

بتانے مین رہبری کرتی ہین ،

میری آغوش مین جب انہون نے آخری سانس لیا، تو وہ سمان دنیا کی بعض سنگین حقیقتون کی طرح میری یاد پر چھاکر رہ گیا، محبت، شباب، اور شعر حیات کی ایک خاص منزل پر آکر ختم ہو جاتے ہین۔ میر اثر نے غالباً اسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے :-

واقعی کون کس کو چاہے ہے ⁂ ہر کوئی وہم مین بنا ہے ہے

مین نے یا ایام نے بڑی حد تک اس عزیز ہستی کی یاد بھلا دی، وہ سوگ و بروگ ہر مٹ جانے والے تہیج کی طرح ختم ہو گیا۔ لیکن یہ حقیقت ہے، کہ جب کبھی "تصور جانان" کی منزل سے قریب ہو جاتا ہون۔ تو دل کی گہرائی مین ایک خاص قسم کا چبھن اور درد محسوس کرتا ہون،

برسون وہ خواب مین نظر آتین مسکراتین، مہر و پیار کی باتین کرتین، اور مجھے زار و قطار روتا ہوا چھوڑ کر چلی جاتین، اس حالت مین کہ مین بستر پر پڑا ہوتا اور میری آنکھین وا ہوتین، زندگی کا یہ دور بھی ختم ہو گیا، کاش یہی عہد پائدار ہوتا، لیکن "زمان" مین استقرار کہان، ایک چکر مین جذبات و تصورات کی یہ دنیا بھی پس کر رہ گئی، گزرے ہوے زمانہ کی اسی "یاد" مین یہ کتاب لکھکر پیش کر رہا ہون۔

**عبدالمالک آروی**

۱۱ر اکتوبر ۱۹۳۸ء

Marfat.com

# ہدیہ امتنان

ولولے بہت سے پیدا ہوتے ہیں، لیکن مجبوریاں ان کو سرد کر دیتی ہیں، آرزوئیں بہت سی پرورش کی جاتی ہیں۔ لیکن زندگی کے بیزرجات کے سامنے اُن کا خون ہو جانا بھی کوئی نئی حقیقت نہیں۔ انہیں ولولوں اور آرزوؤں میں طاق بستان (آرہ) کی بنیاد کا سلسلہ بھی تھا۔ کسے توقع تھی کہ اس بے نوائی اور گمنامی کے دور میں یہ ادارہ بعض قلوب کو اپنی طرف مائل کر لیگا۔ محبت کی طرح علمی جانکاہیاں بعض اوقات گہرے نقوش قایم کر جاتی ہیں۔ ہم خرافیات ہند کی سرسوتی پر ایمان لائیں یا نہ لائیں۔ لیکن اتنا ماننا پڑے گا کہ کبھی کبھی دنیا میں خادمان علم کو خستگی کی داد بھی دی جاتی ہے۔ اور آج میں اخلاقاً اس کا اعتراف کرنے پر مجبور ہوں۔ کہ میری ناچیز خدمت سعی ناشکور ثابت نہ ہوئی بہار کے وزیر معارف عالی جناب ڈاکٹر سید محمود صاحب بالقابہ نے اپنے نذیر، دور بیں، علمی سرپرستی اور ذوق ادبی کی بنا پر طاق بستان کو درخور اعتناء سمجھا۔ اور یہ محض آپ ہی کے لطف و کرم کا نتیجہ ہے کہ "خواب کی دنیا" عوام کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔

عبدالملک

---

Marfat.com

# دیباچہ

میرا ایک مضمون "خواب کی دنیا" کے عنوان سے رسالہ جن (جو دفتر نگار لکھنؤ سے شائع ہوتا تھا) بابت مارچ، اپریل، مئی ۱۹۳۰ء میں مسلسل شائع ہوا تھا۔ یہ مقالہ ڈاکٹر ابرکرامبی کی "قوائے عقلیہ" اور سگمنڈ فرائڈ کی "تعبیرات خواب" کو پیش نظر رکھکر مرتب کیا گیا تھا۔ یہ مضمون میرے ایک دوست کو بہت پسند آیا اور انہوں نے اس کے بعض حصے عالمگیر کے جون نمبر ۱۹۳۰ء میں شائع کئے۔ خدا جانے انہوں نے رسالہ جن کا حوالہ کیوں نہ دیا۔ نگار ۱۹۲۹ء میں تصوف اسلام پر ایک مورخانہ نظر" کے عنوان سے میرا ایک طویل مضمون چھپ چکا ہے۔ اسمین میکڈانلڈ کی کتاب "اسلام میں مذہبی رویہ اور زندگی" کے حوالہ سے بعض علماء کے خواب کا تذکرہ کیا گیا تھا یہ دونوں مضامین نظرثانی کے بعد دوبارہ اس کتاب میں شائع ہوئے ہیں۔ بقیہ سارے مباحث غیر مطبوعہ ہیں اردو زبان میں سگمنڈ فرائڈ کے نظریات غالباً سب سے پہلے ۱۹۳۰ء ہی میں رسالہ جن میں پیش کئے گئے تھے۔ خواب کا مسئلہ چونکہ تجربی اور عملی ہے صرف نظری اور خیالی نہیں اس لئے امید ہے کہ عام اردو خوان احباب کے لئے یہ کتاب دلچسپ اور مفید ہوگی۔

Marfat.com

# ماخذ

خواب کے متعلق ہر زبان میں کتابیں ملتی ہیں۔ قدیم تصنیفات تو اسی عقیدہ کے ماتحت پائی جاتی ہیں۔ جو خواب کو الہام اور غیب بینی کا مظاہرہ بتاتا ہے۔ چنانچہ اس قسم کی معلومات قوموں کی خرافات و اوہام سے بہم پہونچتی ہیں۔ علمائے یورپ کی بہت تالیف اور شغف علمی کی بدولت تقریبًا تمام قوموں کی خرافیات کے متعلق کتابیں لکھی جاچکی ہیں اس قسم کی معلومات ایک جگہ معجم المذاہب والاخلاق (ENCYOLOPADIA OF RELIGION & ETHICS.)

میں بھی مل جاتی ہیں اور کتاب ہذا میں انسائیکلو پیڈیا کے اسی مقالہ سے استفادہ کیا گیا ہے۔

عہد حاضر میں نفسیاتی و عضویاتی نقطہ نظر سے خواب کی تشریح کی جاتی ہے۔ اس الہامی اور غیب بین عقیدہ کے بدلے یورپ نے باضابطہ فلسفیانہ اصول مدون کئے۔ اور مابعد الطبیعہ کے تخیلات کو چھوڑ کر خود انسان کی تحلیل نفسی، رجحانات، اخلاقیات، ماضی و حال کا تجزیہ کر کے بتایا کہ خواب دراصل دماغی افکار اور نفسی رجحان کا مظاہرہ ہے۔ اسی فکر و عقیدہ کے ماتحت یورپ میں تقریبًا ایک سو رس

Marfat.com

کے اندر سیکڑوں کتابیں لکھی گئیں۔ مگر یہ زیادہ تر جرمن اور فرانسیسی زبانوں میں ہیں۔ انگریزی زبان میں نسبتہً بہت کم کتابیں ملتی ہیں۔ الغرض یورپ کا کوئی فلسفی اور ماہر نفسیات ایسا نہ ملیگا جس نے اس مسئلہ خواب پر اظہار خیال نہ کیا ہو۔ چنانچہ اس شعبہ علم کے مشہور محققین اور ان کی تاریخ تصنیفات کی مختصر فہرست حسب ذیل ہے۔

(۱) ارسطو............ بنڈر نے جرمن میں ترجمہ کیا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲ | ارٹیمیڈاراس | (ARTEMIDOROS) | " دین " | سنہ ۱۸۸۱ء |
| ۳ | بنز | (C. BINZ) | بان | سنہ ۱۸۶۸ء |
| ۴ | بارنر | (J. BORNER) | | سنہ ۱۸۵۵ء |
| ۵ | برنیڈر | (R. BRANDER) | | سنہ ۱۸۸۴ء |
| ۶ | برڈاک | (BURDACH) | | سنہ ۱۸۴۳ء |
| ۷ | بوشنوز | (B. BUCHSENSCHOTZ) | برلن | سنہ ۱۸۶۸ء |
| ۸ | چیلن | (CHASLIN) | پیرس | سنہ ۱۸۸۷ء |
| ۹ | چینبکس | (CHABANEIX) | " | سنہ ۱۸۹۷ء |
| ۱۰ | کیلکنس | (M.W. CALKINS) | امریکن جریدہ نفسیات ۵ | سنہ ۱۸۹۳ء |
| ۱۱ | ڈلبوف | (DELBOEF) | پیرس | سنہ ۱۸۸۵ء |
| ۱۲ | ہیولاک ایلس | (HAVELOCK ELLIS) | جریدہ تبصرہ نفسیات جلد ۲ نمبر ۵ | سنہ ۱۸۹۵ء |
| ۱۳ | ہیفنر | (P. HAFFNER) | | سنہ ۱۸۸۴ء |

Marfat.com

۱۴ ہیلم (HALLAM) امریکن جریدہ نفسیات اپریل سنہ ۱۸۸۴ء

۱۵ ہلڈربرینٹ (F.W. HILDEBRANDT) لیپزگ سنہ ۱۸۷۵ء

۱۶ جیسن (JESSEN) برلن سنہ ۱۸۵۵ء

۱۷ جے کینٹ (KANT) لیپزگ سنہ ۱۸۸۰ء

۱۸ موڈسلی (MAUDSLEY) سنہ ۱۸۶۹ء

۱۹ اے موری (A. MAURY) سنہ ۱۸۶۱ء

۲۰ پیف (E. R. PFAFF) لیپزگ سنہ ۱۸۶۸ء

۲۱ ریڈاسٹاک (RADESTOCK) سنہ ۱۸۷۹ء

۲۲ ڈبلو رابرٹ (W. ROBERT) سنہ ۱۸۸۶ء

۲۳ شرنر (R. A. SCHERNER) برلن سنہ ۱۸۶۱ء

۲۴ شولز (SCHOLZ) لیپزگ سنہ ۱۸۸۷ء

۲۵ شوپنہار (SCHOPENHAUER.) سنہ ۱۸۵۷ء

۲۶ اسپیٹا (W. SPITTA) سنہ ۱۸۹۲ء

۲۷ ایل اسٹروپیل (L. STRUMPELL.) لیپزگ سنہ ۱۸۷۷ء

۲۸ والکٹ (J. VOLKELT) سنہ ۱۸۷۵ء

۲۹ ونٹ (WUNDT) سنہ ۱۸۸۰ء

۳۰ اسٹریکر (STRICKER) ویانا سنہ ۱۸۷۹ء

جرمن زبان اس سلسلہ میں خاص اہمیت رکھتی ہے۔ چنانچہ

Marfat.com

اسٹرومپل، کینٹ، فرائیڈ وغیرہ کی کتابیں خاص وقعت کے ساتھ دیکھی جاتی ہیں۔ آج ہمیں "اے اے برل" کا مشکور ہونا چاہیے۔ کہ انکی محنت اور جگر کاوی کی بدولت ڈاکٹر فرائیڈ کی کتاب کا انگریزی ترجمہ عام طور پر ملتا ہے۔ یہ کتاب شکل جرمن زبان میں لکھی گئی۔ اور سب سے پہلے ۱۸۹۹ء میں شائع ہوئی۔ اس کے بعد موسم گرما ۱۹۰۸ء اور موسم بہار ۱۹۱۱ء میں پیاپے اس کے دوسرے اور تیسرے ایڈیشن نکلے۔ تیسرے ایڈیشن کے دیباچہ میں مصنف لکھتا ہے کہ جس طرح میں نے اپنے قارئین کرام کے پہلے تغافل کو جو انہوں نے میری اس کتاب کے متعلق برتا۔ اپنی تصنیف کی رکاکت کا نتیجہ نہیں سمجھا۔ اسی طرح ایک سال سے کچھ زیادہ وقفہ کے درمیان دو مرتبہ اس کی طباعت و اشاعت اس کی خوبی کو نہیں بڑھاتی۔ فرائیڈ کی اس کتاب کا نام "تعبیرات خواب" (THE INTERPRETATION OF DREAMS.) ہے۔

ڈاکٹر فرائیڈ کون تھا، اور اس کا وطن کہاں ہے؟ اس کی ابتدائی زندگی کیا تھی؟ ان امور کے متعلق اسکی مختلف تصنیفات کی ورق گردانی کی گئی لیکن کسی میں اس کے سوانح حیات مرقوم نہیں۔ انسائیکلوپیڈیا آف رلجن انسائیکلوپیڈیا برٹینیکا پاپولر انسائیکلوپیڈیا وغیرہ مختلف معاجم و قوامیس کا جائزہ لیا گیا۔ لیکن کہیں اس کے حالات نہ ملے۔ "تعبیرات خواب" میں اس نے اپنے بچ کے بہت سے واقعات لکھے ہیں۔ لیکن یہ بالکل غیر مربوط ہیں۔ اتنا پتہ چلتا ہے کہ وہ وائنا (اسٹریا) کا رہنے والا تھا، اور طبابت

Marfat.com

کا پیشہ کرتا تھا۔ "مواد خواب" (DREEM CONTENT) کے سلسلہ مین اس نے لکھا ہے کہ جب وہ گیارہ یا بارہ سال کا تھا تو اس کے والدین پرآتر (متصل وائنا) پر ایک خانقاہ مین برابر لے جایا کرتے تھے۔ ۱۹۱۱ء مین جب اسکی "تعبیرات خواب" کا تیسرا ایڈیشن نکلا تو وہ وائنا (اسٹریا) مین موجود تھا۔ لیکن اس سے پہلے ۱۹۰۸ء مین جب اسی کتاب کا دوسرا ایڈیشن شائع ہوا تھا تو وہ برچٹس گارڈن (BERCHTES GARDEN) مین تھا۔ یہ جرمنی کا مشہور شہر ہے یہان تین پرانے کنالس، ایک شکارگاہ اور قدیم گاتھ قوم کی ایک خانقاہ بھی ہے۔

نفسیات مین فرایوڈ کی اس قدر شہرت ہے کہ وہ ایک مستقل مذہب کا بانی کہا جاتا ہے۔ چنانچہ اس کے افکار و عقاید کے ماننے والے نفسیئین "فرایوڈین" کے نام سے موسوم ہین۔ اسکی وسعت مطالعہ اور کثرت معلومات کا اندازہ اس امر سے ہوسکتا ہے کہ اس نے جرمن، فرنچ، یونانی اور انگریزی زبانون کی ایک سو اٹھارہ کتابون کے اقتباسات اپنی کتاب مین درج کیے ہین یہ کتب و صحائف تمام تر فلسفہ، نفسیات اور تحلیل نفسیات (PSYCHO-ANNA-LYSIS) کے متعلق ہین۔ فرایوڈ کی مفصلہ ذیل کتابون کے مستند انگریزی تراجم "جین سدھانت بھون آرہ" مین پائے جاتے ہین۔ ان ترجمون کی صحت کے متعلق خود فرایوڈ نے ابتداً چند سطور لکھے ہین۔

مترجم | نام

Marfat.com

| | |
|---|---|
| C. J. M. HABBOCK. | BEYOND THE PLEASURE PRINCIPLE (1) |
| JAMES STRACHEY. | GROUP PSYCHOLOGY AND THE ANNALYSIS OF THE EGO. (2) |
| A.A. BRILL. | THREE CONTRIBUTIONS TO THE SEXUAL THEORY. (3) |
| | PSYCHO-PATHOLOGY OF EYEARY DAY LIFE. (4) |
| | WIT & ITS RELATION TO THE UNCONCIOUS. (5) |
| | THE EGO AND THE OLD. (6) |

فرائیڈ نے قدما کے نظریات خواب پر بہت ہی بلند فکری اور صحت نظر کے ساتھ تنقید کی ہے وہ خواب کے متعلق ایک نہایت عجیب نظریہ پیش کرتا ہے اس کا اصولی نظریہ یہ ہے کہ خواب کسی " آرزو کی تکمیل " کا نام ہے اور پیچیدہ خواب کسی " دبی ہوئی آرزو کی چھپی ہوئی تکمیل " ہے ۔ اسی نظریہ کے ماتحت اس نے پوری کتاب لکھی ہے ۔ فلسفہ و نفسیات میں اس کے بہتیرے مسائل عام شہرت اور مقبولیت حاصل کر چکے ہیں ۔ چنانچہ نفسیات کی کتابوں میں قانون تجدید (SUBLIMATION) اسی کی طرف منسوب ہوتا ہے ۔ قانون تجدید یہ ہے کہ جب کوئی جذبہ یا شعور دبایا جاتا ہے ۔ تو وہ ایک بہتر بلند اور پاکیزہ صورت میں رونما

Marfat.com

ہوتا ہے۔ مثلاً ہم شعور جنسی (SEX INSTINCT.) کو دبانا چاہیں۔ تو قدرتی طور پر ہم میں مصوری، شاعری، سنگ تراشی الغرض ادب لطیف اور فنون جمیلہ کا ذوق پیدا ہو جائیگا۔ اسی طرح سے انسان کے بہت سے خون شدہ جذبات بہت اعلیٰ صورتیں اختیار کرتے ہیں۔ میر کی شاعری اسی قانون تجدید کا نتیجہ ہے۔ کتاب ہذا میں زیادہ تر فریوڈ کی مذکورہ بالا کتاب سے استفادہ کیا گیا ہے۔ اور حتی الوسع اسکی کتاب کے اصولی مباحث کی مکمل تلخیص کی گئی ہے۔ فریوڈ نے اپنی کتاب کو مفصلہ ذیل ابواب پر تقسیم کیا ہے۔


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | مسائل خواب کے متعلق علمی و ادبی تصنیفات | ص ۱ تا ص ۷۹ |
| ۲۔ | خواب کا طریق تشریح | ص ۸۰ تا ص ۱۰۲ |
| ۳۔ | خواب کسی آرزو یا خواہش کی تکمیل ہے | ص ۸۱ تا ص ۱۱۲ |
| ۴۔ | خواب میں پیچیدگی | ص ۱۱۳ تا ص ۱۴۷ |
| ۵۔ | خواب کے اجزائے ترکیبی | ص ۱۴۸ تا ص ۲۵۹ |
| ۶۔ | مواد خواب | ص ۲۶۰ تا ص ۴۰۳ |
| ۷۔ | اعمال خواب کی نفسیاتی خصوصیات | " ۴۰۳ " " ۴۹۳ |
| ۸۔ | فہرست علمیہ | " ۴۹۴ " " ۵۰۰ |


---

جزائر برطانیہ کے علماء میں ڈاکٹر ابر کرامبی کی کتاب "قوائے عقلیہ و فلسفۂ اخلاقیہ" ایک قابل قدر کتاب ہے۔ یہ شخص اڈنبرا (واقع اسکاٹ لینڈ) کا

والانعام۔ اسکی کتاب سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ایک دقیقہ سنج فلسفی اور بہت ہی بلند فطرت کا انسان تھا۔ کتاب کے پہلے حصہ میں اس نے خواب کے متعلق بحثیں کی ہیں۔ اسکے فلسفہ خواب کا اصولی نظریہ یہ ہے کہ خواب قانون ائتلاف (ASSOC iATION) اور عضوی تاثرات (BODILY SENSATION) کی پیداوار ہے اس کے قوانین و مباحث کا مکمل خلاصہ کتاب ہذا میں درج ہے۔

ہنری برگسان (HENRI BERGSON) فرانس کا مشہور فلسفی ہے۔ اسکی مختلف کتابوں کا فرانسیسی سے انگریزی میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ برگسان حیات بعد الممات کا قائل تھا، وہ یہاں تک کہ جاتا ہے۔ کہ زندگی ہی میں ہم موت کے بعد ذاتی بقا کا تجربی ثبوت حاصل کر سکتے ہیں۔ اس نے ۱۹۱۳ء میں "برطانوی جمعیۃ نفسی" کے سامنے "جذب افکار" کے مسئلہ پر بحث و تمحیص کی، ۱۹۰۱ء میں فرانس کے "مدرسہ نفسیات" (INSTITIUT PSYCHOLOGIQUE.) میں اس نے پہلے پہل خواب پر ایک تقریر کی۔ یہ تقریر جریدہ تبصرہ علمیہ میں شائع ہوا۔ اس کے بعد ۱۹۱۳ء میں جریدہ "آزاد" کے اندر اس کا انگریزی ترجمہ نکلا۔ اس پر خود مصنف نے نظر ثانی بھی کی تھی، یہی انگریزی ترجمہ جو اڈون ای سلیسن (EDWIN E. SLASSEN) کی تراوش قلم کا نتیجہ ہے، کتابی صورت میں ہمارے پیش نظر ہے۔ برگسان نے اپنے خالص فلسفیانہ انداز میں خواب کی ماہیت پر بحث کی ہے۔ اس نے اپنے اصول خواب میں عضویات کو بڑی اہمیت دی ہے۔ اور باصرہ، سامعہ، لامسہ، اور حافظہ کے نوامیس و تغیر

Marfat.com

میں بڑی نکتہ سنجیاں کی ہیں۔ اور اسی کے ساتھ نفسیات اور مابعد الطبیعہ سے بھی بحثیں کی ہیں۔ وہ استعارہ کے طور پر لکھتا ہے کہ ہماری " یاد " اس طرح دبی ہوئی رہتی ہے۔ جس طرح ایک دیگ میں آبجرہ ضبط رہتا ہے خواب گویا ابجرہ کے لئے راہ آمد و رفت کا کام دیتا ہے۔ سلیمن کہتا ہے۔ برگسان کی یہ تمثیل خیالی نہیں بلکہ فرائیڈ اور روآشنا اسکول کے نفسیئین نے ہسٹریا کا علاج کرنے میں اسی نظریہ سے کام لیا ہے وہ مریض سے ان مخفی تشویشناکیوں اور جذبات کا اظہار کراتے ہیں۔ جو اس کو بظاہر لامعلوم رہتے ہیں۔ لیکن اس کے دماغ پر مسلط رہتے ہیں " اس کتاب کے ایک باب میں برگسان کے افکار و آراء سے بھی بحث کی گئی ہے۔

سگمنڈ فرائیڈ اور ڈاکٹر ابر کرامبی کی طرح گستاؤ ہینڈمین میلر نے بھی اپنی کتاب " خواب اور اسکی علمی عملی تاویلات " میں لکھا ہے کہ جسم کی صحت اور عدم صحت کا خواب پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ چنانچہ اس کا نظریہ ہے کہ اگر کوئی شخص کابوس کا شکار ہو تو اس کو خواب میں گویا ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی صحت اور غذا کے متعلق ہشیار ہو جائے۔ اپنا بازو نیچے رکھکر سوئے اور اپنے کمرہ میں کثرت سے تازہ ہوا آنے دے۔

بابلیوں، چینیوں، برہمنوں اور مسلمانوں کی طرح وہ بھی خواب کی تعبیریں کرتا ہے۔ اور جس طرح حدیقہ میں حکیم سنائی نے مختلف اسماء دیگر ان کی تعبیریں بتائی ہیں۔ اسی طرح یہ بھی ایک مکمل فہرست دیتا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں آگ دیکھے بشرطیکہ یہ آگ اسے جلائے نہیں۔ تو یہ ایک عمدہ موافق خواب ہے۔ چنانچہ ایک نظم

Marfat.com

نے ابوشجاع بلویہ دیلمی کے متعلق اسی نوع کے خواب کی بنا پر حکومت وسلطنت کی پیشین گوئی کی جو پوری ہوئی ۔ ہنڈ ہین میلر نے بھی خواب مین آگ نظر آنے کو بہی اہمیت دی ہے ۔ لیکن خواب مین جلوہ باری نظر آنے کے متعلق اس نے عجیب وغریب اظہار خیال کیا ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ ایسا خواب بہت ہی برا ہوتا ہے ۔ چنانچہ خدا کو خواب مین دیکھنا اس سے کلام کرنا یا اس کی پرستش کرنی سب برے اثرات کے حامل ہین ۔ وہ کہتا ہے کہ افلاطون، گوئٹے، شکسپیر اور نپولین بعض خوابون کو الہامی حیثیت دیتے ہین ۔

ڈاکٹر رگھوناتھ وتیھال کھیدکر کی کتاب "مسئلہ خواب" (THE DREAM PROBLEM) بعض خصوصیات کے لحاظ سے اہم ہے ۔ اس مین مشرقی اور مغربی دونو نقطۂ نظر سے بحثیں کی گئی ہین ۔ ڈاکٹر کھیدکر نے یورپ مین رہکر طب کی ڈگری لی ۔ وہ ہندو فلسفہ و مذہب سے پوری طرح واقف ہین ۔ انہون نے ہندو فلسفہ کے ذریعہ مسئلہ خواب پر عالمانہ بحث کی ہے ۔ لیکن اس سے پڑھنے والے کے اندر کوئی ایقانی کیفیت طاری نہین ہوتی ۔ انہون نے ڈاکٹر فرائڈ اور ہنری برگسان سے بھی استفادہ کیا ہے ۔ اور اپنی کتاب جلد اول کے حصہ سوم مین مغربی علما کے نظریات کے اقتباسات دئے ہین ۔ لیکن اس مین صرف نقل و حوالہ کے علاوہ انکی کوئی خاص جدت نظر نہین اتی ۔ البتہ (حل نمبر ۱ مین) انہون نے یوگ ویدانت، اور اپنشد وغیرہ کی جو بحثیں کی ہین ۔ ان سے ان کے اجتہادی میلان کا پتہ چلتا ہے ۔ انہون نے فلسفہ کے خیالی مباحث کے ثبوت مین نقوش بنائے ہین

Marfat.com

اوران کے ذریعہ خواب کی تحقیق اور ماہیت کو واضح کیا ہے ظاہر ہے فلسفہ کی دوراز کار خیال آرائیون سے الجھن اور بڑھتی جاتی ہے۔ مسئلہ خواب کو اگر کوئی شخص سمجھنے کی کوشش کرنا چاہتا ہے۔ تو اس کو یقیناً عضویات اور نفسیات کو پیش نظر رکھنا ہوگا۔ اس مین شک نہین ڈاکٹر کھید کر محض ہند و فلسفہ کے ماہر نہین ہین بلکہ وہ علوم جدیدہ اور طب کے بھی فاضل ہین۔ لیکن ان کے مباحث سے فرایوڈ اور برگسان کی طرح قارئین کے دل مین ایقانی کیفیت پیدا نہین ہوتی۔ پھر بھی انہون نے اپنے بعض ذاتی خواب کے جو حالات درج کئے ہین وہ بہت دلچسپ ہین۔ ان کا اصولی نظریہ ہے کہ خواب ہمارے شعور بیداری کے علم کا استنکرار ہے اسی کے ساتھ وہ اس کے الہامی اور غیر فانی خصوصیات کے بھی قابل ہین۔ چنانچہ حل نمبر ۱ مین انہون نے اپنے ذاتی تجارب کی ایک طویل فہرست دی ہے اور بتایا ہے کہ کسطرح ان کے گرو ، اور کالی دیوی نے ان کو خواب مین ہدایتیں کین اور کسطرح خواب ہی کے اثرات کے ماتحت وہ یورپ گئے۔ ان کے ذاتی تجارب کے یہ واقعات بہت دلچسپ ہین۔ الغرض وہ ایک طرف ڈاکٹر فرایوڈ کے نظریات کی تائید کرتے ہین۔ اور دوسری طرف وہ اس کو ایک ما بعد الطبعی مظہر بتاتے ہین۔ جو مشرقی روایات سے اثر پذیری کا نتیجہ ہے یہ اجتماع ضدین بہت پر لطف ہے۔

اسی طرح ایک انگریز خاتون فاسٹر نے "مطالعہ خواب" (STUDIES IN DREAMS) لکھی۔ اس میں کوئی خاص بات نہین۔ عموماً خاتون کے ذاتی خوابون کا تذکرہ ہے۔ فلسفیانہ زاویہ نظر سے کوئی اہم بحث نہین پائی جاتی البتہ بات

کا ایک "باب " خواب پر تصرف " (DREAM. CONTROL) نہایت ہی معرکہ آرا چیز ہے جس کی بحث نہ تو فرائڈ جیسے نفسی و عضوی کے یہاں ملتی ہے ۔ نہ ابر کرامتی جیسے فلسفی اور اخلاقی عالم کے یہاں خاتون نے بتایا ہے کہ اگر کوئی شخص ڈراؤنا یا برا خواب دیکھا کرے ۔ اور اس سے بچنا چاہے تو دماغ میں اس جملہ کی مشق کرے کہ " جو کچھ ہم دیکھ رہے ہیں خواب ہے اور اس کی اصلیت کچھ نہیں " چنانچہ خاتون نے خود اس کا تجربہ کیا اور وہ کامیاب رہی ۔ یہ نظریہ کہ برا خواب دیکھنا ممکن بھی ہے یا نہیں بحث متنازع فیہ مسئلہ ہے ۔ ڈاکٹر فرائڈ تو کہتا ہے کہ انسان خواب دراصل اپنی کسی ظاہری یا باطنی آرزو کی تکمیل کے لیے دیکھتا ہے ۔ اور سارے خوابوں کے عناصر ترکیبی کا تجزیہ کرنے کے بعد یہی نتیجہ نکلتا ہے ، کہ خواب دیکھنے والا کسی ظاہری یا باطنی خلش آرزو میں مبتلا تھا اور اسی کی تکمیل کے لئے اس نے خواب دیکھا ، اس کے نزدیک برا خواب یا ڈراونا خواب محض سطحی چیز ہے ۔ اس کے اندر یقیناً کسی چھپی ہوئی آرزو کا تکملہ ہوا کرتا ہے ۔ لیکن ابر کرامبی کہتا ہے کہ خوفناک اور زحمت رساں خواب ہمارے عضوی اختلال اور جسمانی تاثرات کا نتیجہ ہوتے ہیں ۔

" جین سدھانت بھون آرہ " میں دو نادر قلمی تصویریں ہیں ۔ جن میں جینیوں کے مذہبی تخیل خواب کے نقوش پیش کئے گئے ہیں ، جین مذہب کے پیرؤں کا عقیدہ ہے کہ جب کوئی تری تھنکر (یہ لقب ہے ان چوبیس رہنمایان مذہب کا جو وقتاً فوقتاً دنیا میں پیدا ہوئے ۔ جین مذہب کی روایات کے مطابق پہلے تری تھنکر رشبھ رشی اور آخری مہاویر جی تھے ۔ ملاحظہ ہو فارلنگ کی کتاب

Marfat.com

" مذاہب کا تقابلی مطالعہ " ) شکم مادر میں ہوتا ہے تو اس کی ماں ایک خواب دیکھتی ہے ۔ اسی خواب کے نقوش تصویر میں دکھائے گئے ہیں اسیطرح راجہ چندرگپت نے ایک خواب دیکھا جو گویا مستقبل کی ایک رمزی تاریخ تھا ۔

علماء کے خواب کے متعلق مشہور امریکن مستشرق میکڈ انلڈ کی کتاب " اسلام میں مذہبی رویہ اور زندگی " کے ایک باب " سامی قوم اور غیر مرئیات " سے مواد لئے گئے ہیں اسیطرح بادشاہوں اور بزرگوں کے واقعات خواب سیر ابن ہشام ، اخبار الطوال دینوری ، بساتین السلاطین ، روضۃ الصفا ، فرشتہ نفحات الانس سے ماخوذ ہیں ۔

اسلامی ادبیات کے سلسلہ میں تو خواب کے متعلق کثیر کتابیں ملتی ہیں خود قرآن مجید میں مختلف انبیاء ابراھیم ؑ یوسف ؑ اور آن حضرت صلعم کے خوابوں کا تذکرہ ہے ۔ بخاری اور مسلم میں کثرت سے خواب کے متعلق حدیثیں ملتی ہیں ۔ حکیم سنائی نے اپنی کتاب " حدیقۃ الحقیقت " میں خوابوں کی تعبیر لکھی ہے جو میرے خیال میں بابلی یا یونانی روایات سے مستفاد ہے ۔

علامہ ابن فرحون مدنی نے اپنی عالمانہ کتاب " الدیباج المذہب " میں خواب اور اس کی تعبیر کے متعلق بعض فقہائے مالکیہ کے موقر تصنیفات کا تذکرہ کیا ہے ۔ احمد بابا التنبکتی کی کتاب " نیل الابتہاج " میں بھی بعض بزرگوں کے واقعات خواب پائے جاتے ہیں ۔ تفصیل ملاحظہ ہو :-

Marfat.com

| نام کتاب | مصنف | کیفیت |
|---|---|---|
| المرقبۃ العلیا فی التعبیر الرؤیا | ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ بن راشد البکری القفصی | آپ بہت بڑے فقیہ اور فاضل تھے اپنے شہر مین تحصیل علم کی اس کے بعد تونس مین گئے وہان ایک مدت تک بہ سلسلہ تعلیم مقیم رہنے اسکندریہ مین قاضی ناصر الدین الابیاری شاگرد ابن الحاجب سے فقہ پڑھی پھر قاہرہ مین علامہ شہاب الدین قرافی کے سامنے زانوے تلمذ تہ کیا ۔ سنہ ۶۸۰ مین حج کیا پھر مغرب کی طرف لوٹ گئے ۔ اور اپنے وطن قفصہ کے قاضی مقرر ہوے پھر اس منصب سے علحدہ ہو گئے ۔ مالکی مذہب کے متعلق ایک کتاب لکھی جس کا نام "کتاب الذہب فی ضبط قواعد المذہب" ہے ۔ فقہ مالکی، ادب عربی، اور تعبیر رویا کے ماہر تھے، ان فنون کے متعلق متعدد کتابین لکھین "المرقبۃ العلیا" کے متعلق ابن فرحون کہتا ہے:۔ "کتاب غریب فی فنہ" احمد بابا التنبکتی کی روایت ہے کہ محمد بن جابر الغسانی متوفی ۸۲۷ھ نے ابن راشد کی اسی کتاب کو عربی نظم مین لکھا ۔ حاجی خلیفہ کی کتاب "کشف الظنون" مین مملاً جابر المغربی کی "ارشاد" کا ذکر آیا ہے غالباً یہ ابن راشد کی کتاب کا |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | | وہی منظوم نسخہ ہے جس کا احمد بابا التنبکتی نے "نیل الابتہاج" میں تذکرہ کیا ہے۔ |
| کتاب البشریٰ فی عبارۃ الرویا | محمد بن یحییٰ بن محمد بن الحذاء متوفی ۴۱۶ھ | آپ بہت بڑے ادیب، محدث اور خطیب تھے۔ ابن فرحون کا قول ہے کہ "غلب علیہ الحدیث" موطا کی مشہور ضخیم شرح "الاستنباط" آپ ہی کی تالیف ہے، تعبیر خواب کے متعلق آپ کی یہ کتاب دس جلدوں میں ہے۔ |

اس کے علاوہ اور بھی محدثین کبار اور ائمہ عظام اس فن کے ماہر گزرے ہیں۔ مثلاً قاسم بن فیرہ الشاطبی (متوفی ۵۹۰ھ) آپ بہت بڑے شاعر ادیب اور محدث تھے۔ اپنے زمانہ میں یگانہ روزگار نحوی گزرے ہیں۔ حافظہ کا یہ عالم تھا کہ زبانی پالنوبیت کا ایک قصیدہ نظم کر ڈالا۔ صحیح بخاری، مسلم اور مؤطا کے نسخوں کی زبانی تصحیح کر دیتے، آپ کے متعلق ابن فرحون "عارفاً بعلم الرویا" لکھتا ہے۔

محمد بن محمد الفراوصی (متوفی ۸۰۸ھ) ایک صوفی صالح گزرے ہیں۔ اپنے زمانہ کے مشاہیر فقہا، محدثین اور صوفیہ سے استفادہ کیا۔ احمد بابا التنبکتی "نیل الابتہاج" میں فرماتے ہیں۔ کہ میں نے مراکش میں ایک کتاب دیکھی اس میں الفراوصی کے دو سو سے زیادہ خوابوں کے عجیب و غریب واقعات درج تھے یہ اُن خوابوں کا مجموعہ تھا جس میں نبی صلعم نے شیخ فراوصی کو خطاب کیا تھا

Marfat.com

حاجی خلیفہ نے کشف الظنون میں مفصلہ ذیل کتابوں کے نام گنائے ہیں:۔

| کیفیت | مصنف | نام کتاب |
| --- | --- | --- |
| | اسمعیل ابن اشعث | تعبیر ابن اشعث |
| | | تعبیر ابن المقری |
| | | تعبیر ابی سہل المسیحی |
| ارسطو کی اس کتاب کا حوالہ سگمنڈ فرایڈ نے بھی اپنی کتاب میں دیا ہے۔ | حکیم ارسطاطالیس | تعبیر ارسطو |
| | | تعبیر افلاطون |
| | | تعبیر اقلیدس |
| | | تعبیر بطلمیوس |
| جاحظ کا دادا محبوب بصرہ میں بنی کنانہ کے ایک سردار کا حبشی غلام تھا اور شتربانی کی خدمت پر مامور تھا، جاحظ نے سیبویہ، اصمعی، ابوعبیدہ اور اس طبقہ کے علما سے ادب ولغت کا استفادہ کیا۔ وہ پہلا مصنف ہے جس نے اپنی تحریر میں سنجیدہ شوخی پیدا کی وہ محدث اور متکلم، فلسفی اور ادیب انشاپرداز اور مورخ تھا، علوم حیوانات، نباتات اور فلسفہ اخلاق و اجتماع کا ماہر عربی زبان میں علم و | ابو عثمان عمرو الجاحظ بن بحر بن محبوب الکنانی متوفی ۲۵۵ھ | تعبیر جاحظ |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | | ادب کی ایک سو پچاس کتابیں لکھیں ان میں زیادہ مشہور "البیان والتبیین"، "کتاب الحیوان"، "کتاب البخلاء"، اور مجموع رسائل ہیں (المجمل مطبوعہ مصر ص ۱۴۶) |
| تعبیر جالینوس | | |
| تعبیر السلطانی | قاضی اسمعیل بن نظام الملک ابرقوہی۔ | مصنف نے یہ کتاب ۷۶۳ھ میں ابی الفوارس شاہ شجاع کے لئے لکھی اس کی ترتیب حروف تہجی پر تھی۔ |
| تعبیر القادری | ابی سعید نصر بن یعقوب الدینوری | یہ کتاب ۳۹۷ھ میں خلیفہ قادر باللہ عباسی کے لئے لکھی گئی اس کتاب میں سات ہزار پانسو علمائے تعبیر میں سے چھ سو کا انتخاب کیا گیا اور اس کو پندرہ طبقہ پر تقسیم کیا گیا۔ شہاب احمد بن محمد معروف بہ ابن عربشاہ حنفی متوفی ۸۵۴ھ نے ترکی نظم میں اس کا ترجمہ کیا۔ حاجی خلیفہ کا بیان ہے کہ بعض فہرست سے پتہ چلتا ہے کہ تعبیر قادری ابو عبداللہ محمد القادری کی تالیف ہے۔ |
| تعبیر المامونی | | |
| التعبیر المنیف و التاویل الشریف | شیخ فاضل محمد بن قطب الدین الازنیقی متوفی ۸۸۵ھ | اس کتاب کی ترتیب ایک مقدمہ تین مقاصد اور خاتمہ پر تھی۔ اس کے شروع میں یہ عبارت منقول تھی "الحمد للہ الذی اظہر المعانی والہام |

138673

Marfat.com

پھر اس کے بعد علمائے تعبیر کا قول نقل کیا گیا ہے اور صوفیہ کی اصطلاح کے مطابق تعبیر کی گئی ہے۔

| نام کتاب | مصنف | کیفیت |
| --- | --- | --- |
| تعبیر نامج | ابوطاہر ابراہیم بن یحییٰ غنام حنبلی متوفی ۶۹۳ ہجری | اس کا مصنف مشہور معبّر تھا۔ اس کتاب کا آغاز ان الفاظ سے ہوا ہے "الحمد للہ الذی جعل النوم راحۃ للاجساد" چودہ مضامون پر یہ کتاب منقسم ہے اور حروف تہجی پر اسکی ترتیب دی گئی ہے۔ |
| تعبیر نامج فارسی | مولانا یحییٰ معروف بہ فتاحی نیشاپوری متوفی ۸۵۲ ہجری | اس کا مصنف فارسی زبان کا مشہور شاعر تھا۔ کتاب نظم میں لکھی گئی اور اس کی ابتدا اس مصرعہ سے ہوئی ہے ؎ اے بیرون وصفت ز تعبیر کلام |

حاجی خلیفہ نے اجمالاً اپنی فہرست میں اور کتابوں کا بھی تذکرہ کیا ہے مثلاً الآثار الرائقہ فی الاسرار الواقعہ، ارجوزۃ التعبیر، اصول دانیال، ارشاد جابر المغربی، ایضاح التعبیر، البدر المنیر اور حنبلی کے قلم سے اس کی شرح، علامہ ابن عبدوس مالکی کی کتاب بیان التعبیر، تحفۃ الملوک۔

انسائیکلو پیڈیا برٹینیکا میں خواب پر ایک مقالہ ہے لیکن یہ کسی ماہر فن کی تحقیقات کا نتیجہ نہیں معلوم ہوتا۔ اس میں شک نہیں بعض مشاہیر فن کے افکار و آراء کے حوالے اس میں نظر آتے ہیں۔ مثلاً موری، نبنر، ریڈ اسٹاک، اسپیٹا وغیرہ جن سے خود

Marfat.com

سگمنڈ فرویڈ نے اپنی معرکۃ الآرا کتاب میں استفادہ کیا ہے۔ فرویڈ کی کتاب غالباً اس مقالہ کی ترتیب کے بعد شائع ہوئی اس کا ثبوت اس واقعہ سے بھی ہوتا ہے کہ اس کے حالات زندگی انسائیکلوپیڈیا میں نہیں ملتے، اس مقالہ میں نہ تو فرویڈ، برگساں، ابرکرامبی، اسٹرومپل کی طرح محققانہ عمق نظر اور فلسفیانہ انکشاف حقائق پایا جاتا ہے۔ اور نہ انسائیکلوپیڈیا آف رلجن کے مقالہ کی طرح خواب کے متعلق اقوام و ملل کے افکار و معتقدات پر مبسوط بحث کی گئی ہے۔ پھر بھی بعض واقعات دلچسپ اور اہم ہیں۔ اور مذاق عامہ کا لحاظ رکھتے ہوئے مقالہ کی ترتیب دی گئی ہے اس کے بعض اجزا حسب ذیل ہیں:-

بعض صورتوں میں خواب کے اندر انسان کی قوت مدرکہ عالم بیداری کی نسبت بہت بلند سطح پر پہونچ جاتی ہے پروفیسر ہل پرٹ (HILPRECHT) کے سامنے دو بابلی کتبے تھے ان کے حل کرنے میں بہت دشواری ہو رہی تھی، اس سے قبل کسی کو معلوم نہ تھا کہ ان دو لوکتبوں میں باہم کوئی ربط ہے پروفیسر نے ایک خواب دیکھا خواب میں جو دلچسپ چیز ہے وہ اس کی تمثیلی نوعیت ہے انہوں نے دیکھا کہ بابل کا ایک بوڑھا آدمی مذہبی پیشوا ہے۔ اس نے اس مسئلہ کے حل کرنے کا پتہ بتایا۔

میکڈونلڈ نے البیرونی اور ابن خلکان کے جن فنی خوابوں کا تذکرہ کیا ہے وہ اسی عنوان کے ماتحت آتے ہیں۔ برگساں نے بھی ایک مشہور مغنی کی راگنی ایجاد کرنے کا جو واقعہ لکھا ہے وہ "اُسی شخصیت" کا مظاہرہ ہے۔ آر پی ہنیٹر نے

Marfat.com

اسی پر زور دیا ہے ، انسائیکلو پیڈیا ابرٹینیکا کا مقالہ نگار کہتا ہے خود ہماری شخصیت خواب کے اندر بعض فریب نظر دیتی ہے۔ ہم دوسروں سے کلام کرتے ہیں۔ اور خواب میں نظر آنے والی صورت کے بیان پر ہم تعجب کرتے ہیں جیسا کہ پروفیسر ہل پرٹ کا واقعہ ہوا درانحالیکہ یہ سب ہماری ہی شخصیت کے تغیرات صوری ہیں۔

غیر یورپین اقوام میں خواب کے متعلق دو عقیدے رہتے ایک تو یہ کہ روح جسم سے الگ ہو کر مردہ اور زندہ دوستوں، قدیم نشیمن، اور نامعلوم مناظر کی طرف جاتی ہے یا پھر مردوں کی روحیں خود اپنی مرضی یا حکم الٰہی سے آتی ہیں۔ دونو صورتوں میں تمدنی ترقی کے دور میں بھی جب خواب کو مرسل من اللہ سمجھا جاتا تھا۔ اس کو "غیب گو" (ORACULAR) خیال کیا جاتا تھا اور اس کی تاویل بعض اوقات رمزی ہوتی تھی۔ اور بعض اوقات سادہ ،

بعض قومیں مثلاً شمالی امریکہ کے بعض اقوام "انکیوبیشن" کے ذریعہ خواب دیکھتے۔ وہ یہ کہ خواب دیکھنے کے لئے روزہ رکھا جاتا اور کسی مندر یا پہاڑ کی چوٹی پر جاکر سویا جاتا تاکہ خواب کے ذریعہ بشارت ہو۔

مقالہ نگار نے نیم مہذب قوموں کے خواب کا تذکرہ کرتے ہوئے "لذتیین" کے بانی دیمقراطیس اور پھر ارسطو، افلاطون، پلینی، سسرو، بقراط اور جالینوس کے نظریات خواب پر طائرانہ نگاہ ڈالی ہے اور ان کو بھی (ANIMISM) کی باقیات بتایا ہے۔ نظریات جدیدہ کے سلسلہ میں مقالہ نگار نے ڈیکارٹ

Marfat.com

کا نظریہ لکھا ہے۔ پھر اس پر لاک کا اعتراض نقل کیا ہے۔ ڈیکارٹ کے
اصول کے مطابق اس کے پیرون کا عقیدہ ہے کہ ہم لوگ برابر خیال کرتے رہتے
ہیں اس لئے خواب کی بھی مسلسل تکوین ہوتی ہے۔ لاک کہتا ہے لوگ جو اپنے
خوابوں کا شعور نہیں رکھتے۔ اور یہ بالکل ناقابل قبول بات ہے کہ سوئے ہوئے
آدمی کا نفس خیال کر سکتا ہے۔ لیبنز، اور کینٹ کا بھی یہی خیال ہے کہ ہم لوگ
برابر خواب دیکھتے رہتے ہیں۔ اس کے بعد مقالہ نگار نے ڈیوگلڈ اسٹیوارٹ،
گڈورتھ، کے۔ اے۔ شرنر، وغیرہ کی رائیں نقل کی ہیں لیکن اپنا فیصلہ نہیں
کیا ہے۔

ایف ہیرویگن (F. HEERWAGEN) نے اعداد و شمار کے
ذریعہ یہ ثابت کیا ہے کہ عورتیں بہ نسبت مردوں کے زیادہ خواب دیکھتی ہیں۔
بالخصوص وہ عورتیں زیادہ خواب دیکھتی ہیں جو زیادہ سوتی ہیں۔ انحطاط عمر کے ساتھ خواب
دیکھنے میں بھی کمی ہو جاتی ہے۔ بعض لوگوں کا تجربہ ہے کہ خواب کے اندر حواس کے
مختلف اوراد و وظائف ہوتے ہیں۔ باصرہ ۶۰ فی صدی، سامعہ پانچ فیصدی
ذائقہ تین فیصدی، اور شامہ ۰۵۔ ا فی صدی ہوتا ہے۔ جب ذائقہ اور شامہ
کی تحریک ہوتی ہے تو باصرہ پچاس فی صدی ہو جاتا ہے اور حواس جنکی تحریک
ہوتی ہے۔ عمومی حالات کی نسبت سے دو گنی ہو جایا کرتی ہیں۔
بعض مفکرین کا خیال ہے کہ خواب کا حدوث عموماً بیس اور پچیس سال کے درمیان
زیادہ ہوتا ہے۔ ایچ موزسلی کہتا ہے کہ ۳۰۔ اور ۳۵ کے درمیان زیادہ ہوتا ہے

Marfat.com

ڈی سینٹس (DE SANTIS) نے ۱۶۵ مردون اور ۵۵ عورتون سے سوال کیا اور خواب کے باب مین دونو جنون کے متعلق جس نتیجہ پر وہ پہنچا وہ ہیروین ، اور کیلکنس کی رایون سے مل جاتا ہے - ۱۳ فیصدی مردون ، اور ۳۳ فی صدی عورتون نے کہا کہ وہ برابر خواب دیکھتی ہین - ۲۰ فیصدی مردون اور ۵۴ فیصدی عورتون نے کہا کہ وہ اکثر دیکھتی ہین - ۵۰ فیصدی مردون اور ۱۳ فیصدی عورتون نے کہا کہ شاذ و نادر وہ خواب دیکھتی ہین ، یعنی مجموعی طور پر ۱۰۹ مرد اور عورتین ایسی تھیں جنہون نے کہا کہ وہ خواب مطلق نہیں دیکھتین -

Marfat.com

# مقدمہ

زندگی ایک مجموعہ ہے امید وطلب کا ایک شیرازہ ہے تمنا و آرزو کا ۔لیکن چونکہ کائنات پر قانون تنازع للبقا جاری ہے اس لئے ہر امید کے ساتھ یاس کا تلازم اور ہر ولولہ طلب اور شوق جستجو کے ساتھ ناکامیوں کا تصادم بھی دہر کی بوقلمیوں کا ایک عام تجربہ ہے غالباً یہی سبب ہے کہ عرفی نے اپنے سیلاب آرزو کو روک کر نشاط یاس پیدا کرنے کی کوشش کی ہے

پلے بر یاس فشردم غم امید گذشت ٭ کہ گمان داشت کہ این درد دوا سے دارد

امیدیں پیدا ہوتی ہیں۔ ذوق عمل میں ہیجان پیدا ہوتا ہے لیکن بخت نامساعد ہے۔ تو ناکامی معلوم احساسات لطیفہ نے تسکین تمنا کی ایک جدید ہیئت پیدا کردی جسے غالب نے یوں ادا کیا ہے

رنج نومیدی جاوید گوارا رہیو ٭ خوش ہوں گر نالہ زبونی کش تاثیر نہیں

ہر انسان کو اپنی زندگی میں مختلف مراحل سے گذرنا ہوتا ہے۔ عہد طفولیت سے زمانہ پیری تک انسان میں مختلف جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ وہ مشاہدات اور تجارت کی مختلف منزلیں طے کرتا ہے۔ ایک وقت وہ جبری تعلیم پاتا ہے لیکن پھر جبر وقہر شوق وشغف سے بدل جاتا ہے۔ ایک وقت وہ تمام گھر کا محبوب رہتا ہے۔ لیکن جب شعور [illegible]

Marfat.com

ہوتا ہے تو وہ اپنی محبوبیت کو کسی دوسری ہستی پر قربان کرنے لگتا ہے اگر تعلیم و تربیت اور نشو و نما اچھے ماحول سے اثر پذیر ہوئی ہے تو پھر یہ قربانی ایک مرکزی صورت اختیار کر لیتی ہے اور جیسا کہ فاسٹر ای ایف اسکاٹ کا نظریہ ہے کہ انسان کے تمدنی اور معاشری محاسن اسی شعور جنسی سے پیدا ہوتے ہیں۔ تو پھر صنعت و موسیقی شاعری و ادب کی طرف رجحان ہوتا ہے جسے اسٹریا کے فلسفی فرائیڈ نے "تشریح نفسیات" میں "قانون تجید (SUBLIMATION) سے تعبیر کیا ہے" انگلستان کا مشہور نفسی ولیم جیمس اس کاوکاو شورش کو قانون عارضیہ کے ماتحت رکھتا ہے اور یہ صحیح ہے کہ انسان کے ہنگامۂ عمل کو یہاں بھی استقرار نہیں۔ اس کا اضطراب جستجو اس کی سراسیمگی آرزو کوئی دوسرا نشیمن اختیار کرتی ہے جسے فاسٹر اسکاٹ نے "عشق خیالی" (ROMANTIC LOVE) بتایا ہے اور جہاں پہونچکر انسان کی تمنائیں جسم سے کوئی رشتہ نہیں رکھتیں بلکہ تصور اور خیال سے اس کے قلب میں ایک کیف والہانہ موجیں مارتا ہے اسی کو صوفیا، نشیمن قدس یا "وصل" (UNITIVE STATE) بتاتے ہیں غالب نے شاید اسی مرحلہ پر پہونچ کر کہا تھا ؎

دل ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کہ رات دن ٭ بیٹھے رہیں تصور جاناں کئے ہوئے

فلاسفہ کے نزدیک تصور نتیجہ ہے۔ حافظہ کی بارش خیالات کا یہی حافظہ بیداری میں تصور ہے۔ اور نیند میں خواب غالب کا تصور جاناں عالم تمکین و ہوش کی پیداوار ہے جسے جیمس نے اپنے "مبادی نفسیات" میں "تصور اعادی" (REPRODUCTIVE) سے موسوم کیا ہے لیکن ظاہر ہے کہ ہر شخص حریف عالم "تمکین و ہوش" نہیں اس کے

Marfat.com

ضرورت ہے کہ باندازہ ظرف قدح خوار اس کے نشاط نوش انوش کا سامان بہم پہونچایا جائے۔ غالب مرحوم کا یہ تصور جانان خواہ جسم وجسمانیات تک محیط ہو یا کسی "ہستی ازل اور روح سرمدی" سے جسے اٹھویں صدی کے صوفی شاعر جامی نے یوں پیش کیا ہے ؎

احسن شوقا الی دیار لقیت فیھا جمال لیلیٰ + کہ می رساند ازان نواحی نوید لطفے بہ جانب ما

ہر چند غالب کے خیال پر جامی نے اضافہ کیا ہے لیکن صاف نہیں بتایا کہ اس شہود کا تعلق بیداری سے ہے یا نیند سے بہر حال انسان کی زندگی کا بیشتر حصہ کسی نہ کسی اضطراب جستجو میں گزرتا ہے اور اس کے دل میں خیال ایک تمنائے ولا فتہ بنکر رہ جاتا ہے کہ وہ کسی نہ کسی طرح اس اضطراب کا سامان سکون پیدا کرے۔ "عالم رؤیا" اس بیچینی کا علاج تھا۔ کون کہہ سکتا ہے کہ اس کے دل میں کوئی تمنا پیدا ہوئی اور اس نے خواب کے اندر پوری ہوتے نہ دیکھا۔ لوگ کہتے ہیں "خواب" خیال ہے اس کی شیدائیت انسان کی بے عمل زندگی کی تاریخ ہے لیکن اس سے کسی کو انکار ہو نہیں سکتا کہ جب تک کوئی شخص کسی شئے کا خواب نہیں دیکھتا ہے اسے حاصل کرنے کی کوشش بھی نہیں کرتا جیسا کہ اکابر فلاسفہ و نفسیین جیمس فرائیڈ ایڈلر اسی وغیرہ کا خیال ہے حافظہ کے اندر جو ارتسامات شواہد رہتے ہیں وہی خواب کے اندر ایک جلوہ اور ظہور بنکر باطن میں لذت نظر کا احساس پیدا کر دیتے ہیں۔ شوپنر کا نظریہ ہے کہ کوئی شئے ہمارے دماغ سے جسے حافظہ ایک بار منضبط کر چکا ہے ہمیشہ کے لئے نابید نہیں ہو سکتی۔ اب عشاق کے لئے تصور جان اور صرف ماء کے لئے

آسان تدبیر ہوسکتی تھی۔ تو وہ خواب تھی۔ ایک مبتلائے محبت سلمیٰ کو خواب میں دیکھکر جسطرح آشفتہ یا متلذذ ہوتا ہے کسی انسانی تجربہ سے مخفی نہیں لیکن کاش یہ دید بے بود اختیاری ہوتی۔ جمال سلمیٰ کا یہ کیف افزا نظارہ اپنی قدرت میں ہوتا ایک آزردہ احساسات بستر پر محو خواب ہو جانے کے بعد جسطرح اس خیالی دنیا میں غرق ہو جانیکی آرزو رکھتا ہے جامی کے اس شعر سے اس کا اندازہ لگا سکتے ہیں ؎

چشم بی دارند خلقے دیدن رویت بخواب ناخود این دولت نصیب دیدۂ بیدار کیست

لیکن فرائیڈ "تاویل الاحادیث" میں لکھتا ہے کہ اکثر علماء کا خیال ہے کہ کوئی خیال دماغ کے اندر عالم بیداری میں جبتک شدت کے ساتھ متمکن رہتا ہے اسے خواب کے اندر نہیں دیکھ سکتے اور جب عالم بیداری میں دماغ سے اس کی پر زور جاگزینی جاتی رہتی ہے تو وہ خیال خواب کی صورت اختیار کرلیتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ کسی مرے ہوئے محبوبہ کو اس وقت تک خواب میں نہیں دیکھتی جب تک اس کی فرقت کا غم بے اندازہ ہم پر طاری ہوتا ہے ہر چند مس کلم نے اس مسئلہ میں جمہور علمائے نفسیات سے اختلاف کیا ہے۔ اور اس کے خلاف واقعات جمع کئے ہیں۔ ہلڈبرینٹ جو سابق الذکر نظریہ کا ایک معزز رکن گذرا ہے لکھتا ہے کہ "یہ عجیب وغریب بات ہے کہ خواب میں ایسے عناصر کے ذریعہ کسی رویت کا ظہور نہیں ہوتا جو اہمیت کا پہلو لئے ہوں یا ان کا استقرار دماغ کے اندر شدت انگیز ہو۔ یعنی اگلے دن کا کوئی اہم واقعہ یا وہ جذبہ جس سے ہمارے قلب وروح پر گہرا اثر ہو خواب کے اندر رونما نہیں ہوتا بلکہ خواب ایک مجموعہ ہوتا ہے غیر اہم معاملات کا اور اس کے اجزائے ترکیبی مشتمل

Marfat.com

ہوتے ہیں تجربہ جدیدہ یا تجربہ بعیدہ کے معطل عناصر پر اگر ہم لوگوں کے خاندان میں کوئی نہایت دردناک وفات ہوئی ہو جس کے تاثرات سے ہم رات گئے تک جاگتے رہے ہوں - تو وہ ہمارے حافظہ سے غائب ہو جاتی ہے یہاں تک کہ جب ہم بیدار ہوتے ہیں تو اولیں ساعت میں یہ دردانگیز احساس شدت کے ساتھ عود کر آتا ہے۔ [1]

اس کے برخلاف اگر کسی گذرنے والے مسافر (جس کے نظر سے غائب ہونے کے بعد ہمارے دماغ میں اس کا خیال بھی نہ آیا ہو۔) کی جبین پر ایک خال ہو تو وہ خواب کے اندر رونما ہوتا ہے۔ ہیولاک ایلس کا بھی یہی خیال ہے کہ وہ گہرے جذبات جن کے جلوے ہم عالم بیداری میں مشاہدہ کرتے ہیں۔ وہ سوالات اور مسائل جن کے متعلق ہم نے اپنی آرزومندانہ دماغی قوت صرف کی ہے عالم خواب میں فی الفور

---

[1] امام غزالی نفسیات کے ایک زبردست محقق گذرے ہیں ارادہ ہے کہ ان کے افکار نفسیاتی سے مغربی علما ... کے خیالات کا تقابلہ کیا جائے۔ اور بتایا جائے کہ انہوں نے علم النفس میں کیسے قابل قدر اضافے کئے ہیں۔ ہلڈ ربرنیٹ کا یہ نظریہ بالکل امام غزالی سے ملتا ہوا ہے اور چونکہ مغربی علماء نے یورپ کی اکثر زبانوں میں امام غزالی کے افکار و استقراء کے تراجم شائع کئے ہیں اس لئے بہت ممکن ہے کہ نفسیاتی دنیا میں یورپ کا علم مشرق ہی کا فرزند ہو، امام غزالی فرماتے ہیں ،،صاحب مصیبت چون از خواب در آید زخم مصیبت بر دل او عظیم تر بود کہ جان صافی شدہ باشد در خواب پیش از انکہ با محسوسات عادت کند،،

---

Marfat.com

ظاہر نہیں ہوئے جہاں تک مستقبل قریب کا تعلق ہے خواب میں روزانہ زندگی کے ناچیز ہنگامی اور از یاد رفتہ تاثرات عود کرتے ہیں وہ نفسی حرکات و اعمال جو گہرے طور پر بیدار رہتے ہیں۔ وہی ہیں جن پر نیند کا گہرا غلبہ ہو جاتا ہے، اسٹیلم بنز (BINZ) کا نظریہ ہے کہ ہماری حیات شاعرہ خواب کے اندر ایسے نقوش و صور پیش کرتی ہے جن پر عالم بیداری میں ہم کچھ التفات نہیں رکھتے۔ اس کے برعکس دماغ کے اندر تجربہ کے جو نہایت ہیجان پیدا کرنے والے واقعات منضبط رہتے ہیں انہیں منصّۂ شہود پر نہیں لاتی۔ الغرض افکار دماغی کی یہی طلسمی حرکت و عمل ہے، جس کے باعث ایک مہجور حافظ کے اندازۂ لغزش پا کے مطابق "مستانہ وش نقاب زرخسار برکشیم" کا مصداق نہیں ٹھہرتا بلکہ وہ غیر مربوط، غیر اہم، اور ناقابل التفات خیالات کی ایک شیرازہ بندی کا مشاہدہ کرتا ہے جس کا بڑا حصہ بیداری میں وہ فراموش کر جاتا ہے۔ فرائیڈ نے اسٹرومپل کے حوالہ سے اس نظریہ پر کافی بحث کی ہے ہر چند اخرالذکر نے اس فراموش کاری کا کوئی واحد سبب نہیں بتایا ہے بلکہ متعدد توجیہات پیش کئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ انسانی زندگی میں خواب کو اہمیت حاصل ہے اور جس قدر مسئلہ اہم ہے۔ اسیقدر تجربہ اور مطالعہ آسان ہے افراد خود اپنی زندگی میں خواب کے بیشمار واقعات پا سکتے ہیں اور اگر ان پر غور و خوض کریں تو یقیناً عضویات و نفس کے عجیب و غریب انکشافات ہمارے پیش نظر ہوں ہر قوم اور ہر ملت کے اندر خواب کے متعلق واقعات پائے جاتے ہیں۔ اہل مغرب عضویات PHYSIOLOGY و نفسیات (PSYCHOLOGY) کی روشنی میں خواب کا مطالعہ کرتے ہیں ارباب مشرق

Marfat.com

اسے بالکل الہام، عرفان روح، اور تعلق خداوندی سے تعبیر کرتے ہیں اور ہم مغرب و مشرق کے محققین کے انکشافات کا مطالعہ کرنے کے بعد کہہ سکتے ہیں کہ بعض اوقات عضویات اور نفسیات کی مدد سے خواب کی توجیہہ نہیں کر سکتے اس لئے خواب کے متعلق اسلام کا مسلک نہایت عقلی ہے۔ خود ارسطو اپنی کتاب "متعلقہ خواب" اور ان کی تعبیرات میں جس کا حوالہ فرائیڈ نے اپنی کتاب میں دیا ہے اور جسے وہ خواب کے متعلق نفسیاتی تحقیق کی پہلی کتاب کہتا ہے لکھا ہے کہ خواب ایک ایسی ماہیت رکھتا ہے اور اگر اس کی صحیح تاویل کی جائے تو اس کے اندر گہرے معانی پنہاں ہوتے ہیں۔

Marfat.com

## ڈاکٹر فرائیڈ کی تشریحات

# تکمیلِ آرزو

فرائیڈ کہتا ہے کہ "خواب کسی آرزو یا خواہش کی تکمیل" کا نام ہے۔ اور اس کے ثبوت میں اس نے خود اپنا ایک نہایت پرلطف خواب لکھا ہے وہ لکھتا ہے کہ ایک خواب کے متعلق میرا تجربہ ہے کہ جب میں چاہوں دیکھ سکتا ہوں اگر میں رات کیوقت چھوٹی چھوٹی مچھلیاں زیتون یا دوسری تیز نمک دی ہوئی چیز کھالوں تو رات کے وقت مجھ پر تشنگی کا غلبہ ہوتا ہے اور میں بیدار ہو جاتا ہوں، بیداری کے قبل میں ہمیشہ ایک خواب دیکھا کرتا ہوں جس میں یہی واقعہ پایا جاتا ہے کہ "میں پانی پی رہا ہوں" پانی ایسا شیریں معلوم ہوتا ہے، جیسے تشنگی کے باعث حلق سوکھ جائے اور سرد پانی پینے کو ملجائے۔ اس کے بعد میں بیدار ہو جاتا ہوں تو اسے محسوس کرتا ہوں اس حس سے پانی پینے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ اور خواب کے اندر میں اسی اقتضائے فطری کی تکمیل پاتا ہوں، ایک دوسرے موقع پر سونے کے قبل مجھے پیاس معلوم ہوئی اور میں نے شیشہ کا پانی جو میرے پہلو میں ایک صندوق پر رکھا ہوا تھا خالی کیا، رات کے وقت چند ساعت گذرنے کے بعد دوبارہ تشنگی کا غلبہ ہوا۔ اور اسمیں بھی

Marfat.com

بھی تھی، اب اگر میں پانی لے سکتا تھا تو اس شیشہ سے جو میری اہلیہ کے صندوقچہ پر رکھا ہوا تھا، میں نے خواب میں دیکھا کہ میری بیوی ایک ظرف سے مجھ پانی پلا رہی ہے یہ وہ ظرف ہے جس میں قدیم زمانہ میں مردوں کی راکھ جلا کر رکھ چھوڑتے تھے۔ اسے میں اپنی اطالوی سیاحت سے واپس آتے وقت گھر لایا تھا اور پھر اُسے دے ڈالا تھا، لیکن (یہاں سے خواب کا تذکرہ کرتا ہے) اسمیں جو پانی تھا اس قدر شور تھا کہ میں جاگ اوٹھا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کس خوبی سے پانی پینے کی خواہش پوری ہوتی ہے اپنے آرام کے مقابل میں انسان دوسرون کی راحت کا خیال نہیں رکھتا، یعنی خواب میں خود اُٹھکر پانی پینے کے بجاے بیوی کو دیکھا کہ پلا رہی ہیں۔ اس ظرف کا تعارف بھی جس میں قدما، مردون کی راکھ رکھتے تھے۔ ایک خواہش کا تکملہ ہے یہ بھی اس شیشہ آب کے مثل ہے جو میری بیوی کے پہلو میں رکھا ہوا تھا اور اب میری دسترس سے باہر تھا۔ یعنی فرایڈ کی تمنا تھی کہ کاش یہ ظرف اس وقت میرے ہی قبضہ میں ہوتا اپنے ایک دوسرے خواب کے متعلق لکھتا ہے" میرا دستور تھا کہ میں رات کے وقت زیادہ دیر تک کام کرتا رہتا تھا۔ اور اس نے سویرے بیدار ہونا میرے لئے بڑی مصیبت تھی اس وقت میں خواب میں دیکھا کرتا تھا کہ میں بستر سے اٹھ گیا ہون اور غسلخانہ میں کھڑا ہون، اسکے بعد مجھے خیال ہونے لگتا تھا کہ میں بیدار ہو چکا ہون اور اس تدبیر سے میری باطنی خواہش جس میں نیند کی لذت کی افراط ہوتی پوری ہوتی رہتی، میرے ایک اور رفیق بھی اسی قسم کا خواب اکثر دیکھا کرتے

شفاخانہ کے ایک کمرہ میں ہیں ایک چارپائی رکھی ہے اور وہ اس پر سوتے ہیں۔ ان کے سرہانے ایک تختی لٹکی ہے جس پر ان کا نام ان کا عہدہ اور عمر مرقوم ہے انہوں نے خواب ہی کے اندر اپنے دل میں کہا کہ میں ہسپتال میں موجود ہی ہوں تو مجھے وہاں جانے کی ضرورت ہی کیا ہے اور خواب نوشین کے مزے لیتے رہے، ایک مریضہ میرے زیر علاج تھی اس کے جبڑے میں ایک ناکامیاب جراحی کا عمل کیا گیا تھا۔ اس کے عارض پر ایک سرد پٹی لگا دی گئی تھی، لیکن جب نیند میں ہوتی تو اسے پھینکدیتی، میں نے ایک دن اس حرکت پر اسے ملامت کی تو وہ کہنے لگی، کہ اس دفعہ میں نے مجبوراً ایسا کیا۔ چونکہ میں نے خواب میں دیکھا کہ مسٹر کارل ہیٹر شفاخانہ میں ہے اور جبڑے کے درد کے باعث کراہ رہا ہے میں نے دل میں کہا کہ جب میرے جبڑے میں درد نہیں تو پٹی کی ضرورت ہی کیا ہے اور اس لئے میں نے پھینکدی۔

مسٹر کارل جسے مریضہ نے خواب میں اپنا درد دیا تھا۔ اس کا ایک ناقابل توجہ نوجوان ملاقاتی تھا۔ میرے ایک دوست جو میرا اصول خواب جانتے تھے اور اسے انہوں نے اپنی اہلیہ کو بھی بتا دیا تھا۔ ایک دن مجھ سے کہنے لگے کہ میری اہلیہ کہتی ہیں، کہ میں آپ سے دریافت کروں کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ، "مجھے حیض جاری ہو گیا" اس کا کیا مطلب ہے؟ میں نے کہا میں سمجھ گیا اگر کوئی نوجوان بی بی خواب میں دیکھے کہ "حیض جاری ہو گیا" تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا حیض بند ہو گیا ہے یعنی وہ حاملہ ہے یا یہی طبعی رجحان کا نتیجہ ہے کہ نوجوان لڑکی مادر انہ زندگی کی کلفتوں سے بچنے کیلئے حیض

Marfat.com

کار کنا پسند نہیں کرتی یعنی حاملہ ہونا نہیں چاہتی، یہ پہلی مرتبہ حاملہ ہونیکی علامت ہے۔ میرے ایک دوسرے دوست لکھتے ہیں کہ میری بیوی نے خواب میں دیکھا ہے کہ میرے سینہ پر دو دودھ کے دھبے ہیں"۔ یہ بھی حاملہ ہونے کی علامت ہے۔ لیکن پہلی صورت سے متمایز ہے۔ نوجوان ماں اپنے دوسرے بچہ کے لئے پہلے بچہ کی بہ نسبت زیادہ دودھ کی خواہش مند ہے۔ ایک شخص اپنے بچوں کے ساتھ ڈاربخ ٹہلنے گیا اور اس کا ارادہ تھا کہ راہر رہسٹ کی زیارت کرتے چلیں لیکن چونکہ دیر ہو گئی اس لئے وہ واپس آگیا اور بچوں کی دلشکنی کے باعث وعدہ کیا کہ کسی دوسرے دن پھر اس کی زیارت کریں گے۔ واپسی کے وقت ایسی نشانی ظاہر ہوئی جو ہامیو کی طرف رہنمائی کرتی تھی، بچوں نے وہاں بھی جانے کی خواہش کی لیکن اس تاخیر کے عذر کے باعث انہیں پھر قانع ہو جانا پڑا۔ دوسرے دن صبح کے وقت اسکی ہشت سالہ لڑکی باپ کے نزدیک آئی۔ اور کہنے لگی کہ ابا میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ آپ راہر رہسٹ اور ہامیو میں ہمارے ساتھ ہیں۔ لڑکی بے چین تھی۔ اس لئے اس نے باپ کے وعدہ کو اسطرح پورا ہوتے دیکھا۔ فرائڈ لکھتا ہے کہ خود میری بچی نے جو تین سال چار ماہ کی تھی ایک رات، ادسے اسکے منظر جھیل کے اثر سے خواب دیکھا۔ میں اسے کشتی پر لئے ہوئے جھیل سے گذر رہا تھا چونکہ منظر کی دلکشی میں لڑکی محو تھی۔ اور کشتی بہت جلد ساحل پر پہونچگئی اس نے کشتی سے اتر کر زور زور سے رونا شروع کر دیا۔ دوسرے دن صبح کے وقت اس نے کہا کہ میں رات کے وقت جھیل میں سفر کر رہی تھی، فرائڈ نے اس باب میں اکثر خواب کے معتبر واقعات درج

Marfat.com

کئے ہیں اور اپنے نظریہ کی تائید کی ہے جنہیں تطویل اور مماثلت افکار (واقعات کی یکرنگی) کے باعث یہاں درج نہیں کیا جاتا ۔

Marfat.com

# خواب میں پیچیدگی

بیداری کی طرح خواب میں انسان کیفیات کے مختلف منازل سے گزرتا ہے۔ کبھی وہ ہنستا ہے، کبھی روتا ہے۔ کبھی خوف کھاتا ہے، کبھی غیظ و غضب میں آتا ہے۔ کبھی بزدلی کا اظہار کرتا ہے۔ کبھی جوانمردی کا، اگر فرائیڈ کا یہ نظریہ صحیح ہے کہ "خواب کسی آرزو کی تکمیل کا نام ہے" تو یہ متضاد کیفیتیں انسان پر کیوں طاری ہوتی ہیں!

پروفیسر موصوف نے اپنی کتاب "تاویل الاحادیث" کے ایک باب "خواب میں پیچیدگی" کے عنوان سے اسی مسئلہ پر روشنی ڈالی ہے۔ تکوین خواب میں انسان کی اخلاقی تربیت، ذہنی رجحان، عضوی خصائص کو بہت دخل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک زاہد خواب کے اندر مسجد و خانقاہ مصلی و تسبیح ذکر و شغل کے مناظر دیکھتا ہو اور ایک رند حضرت بیدل آزادی کے الفاظ میں "موج مے" کی لہروں میں پیچ و تاب کھاتا پھرتا ہے سہ آسمان خم مے شفق ساغر مہ و خورشید ہیں پ کہکشاں پر مجھ کو ہوتا ہے گماں موج مے ۔۔۔ اسی طرح ایک جاہ طلب انسان اپنی خود زعمیوں میں، ایک ماہر سیاسیات تمدنی و معاشرتی مسائل کے حل و عقد میں ایک طبیب علاج دردمنداں میں اور ایک عاشق دامان یار سے وابستگی میں، خواب کے اندر بھی لطف حاصل کرتا ہے۔ ہر شخص اپنی گزشتہ زندگی پر غور کرکے تجربہ

Marfat.com

نکال سکتا ہے - کہ اس کی بڑی سے بڑی آرزو بھی خواب کے اندر پوری ہوئی - لیکن
شرط یہ ہے کہ انسان پہلے ضبط آہ میں صرفہ پیدا کرے پھر دیکھیے نفس جانگداز اسکو
خیالی دنیا کے کس دلکش تماشہ گاہ میں پہونچا دیتا ہے اگر اسے عبادت و ریاضت میں
لذت ملتی ہے تو خواب کے اندر اسے ایک روحانی نشیمن قدس دکھائی دیتا ہے
اگر وہ اخطل اور ابونواس کی بادہ پیمائی اور اس کے احساسات لطیفہ کا جذبہ رکھتا
ہے تو اسے نیند میں ساقی و شراب و کباب اور "مطرب پہ نغمہ رہزن تمکین و ہوش"
کے مناظر نظر آویں گے - جس کے نہایت نشاط انگیز نقوش قرآن مجید نے اپنے ایک
خاص ادبی انداز میں "اکواب و اباریق وکاس من معین" (ابخورے مینا
اور ساغر شراب) "فاکھتہ" (میوے) "لحم طیر" (چڑیے کا گوشت)
اور "حور عین" (بڑی بڑی آنکھوں والی عورتیں) کا وعدہ کر کے پیش کئے ہیں
اور جیسے فارسی لب و لہجہ میں مولانا رومی فرماتے ہیں :-

خمار عشق ورآرد بگور تو تحفہ ،، شراب و شاہد و شمع و کباب و نقل و بخور

لیکن بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ انسان ہیئت اجتماعیہ کے مراسم مذہب
کے قیود اور حکومت کے قوانین سے ڈر کر اپنے خیال کو باطن کے خلاف پیش کرتا ہے
یا اصل خواہش کو بزور دبا کر ایسا خیال ظاہر کرتا ہے جسے اجتماع مستحسن
خیال کرے جسے مذہب محمود سمجھے - اور جو حکومت کے نزدیک ایمن تمدن کے
منافی نہ ہو - اس لئے انسان میں بیک وقت دو متضاد امیال و عواطف کار
فرما ہو جاتے ہیں - ایک طرف تو اصل جذبہ کو صاف صاف الفاظ میں ظاہر نہ کر یگا

Marfat.com

خوف رہتا ہے۔ دوسری طرف باطن میں تکمیل آرزو کی تمنا رہتی ہے۔ فرائڈ کے نزدیک خوف و آرزو کے اسی تصادم سے خواب کے اندر پیچیدگی پیدا ہو جاتی ہے وہ لکھتا ہے :-

"ہاں بعض تشویشناک خواب ایسے ہیں جو اس عام کلیہ "خواب کسی آرزو کا تکملہ ہے" کے مخالف معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن ارباب علم کو اس پر غور کرنا چاہئے کہ میرے نظریات ان "ظاہری مواد خواب" (MANIFEST DREAM CONTENT) کو قبول کرنے پر مبنی نہیں بلکہ ان کا علاقہ اس "مجموعہ خیال" (THOUGHT CON-TENT) سے ہے جو خواب کے پس پردہ رہتا ہے یعنی خواب کی اصلی تحریک تو اسی مجموعہ خیال سے ہوئی۔ جس کے عناصر ظاہری طور پر خواب میں نمایاں نہیں ہوتے۔ لیکن تحلیل و تجزیہ کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اسی مجموعہ خیال (THOUGHT CONTENT) کے بعض افکار حقیقۃً "تکوین خواب" کے محرک تھے اب مجھے یہ بتانا ہے کہ خواب کے مواد بیّنہ (MANIFEST DREAM CONTENT) اور مواد مخفیہ (LATENT CONTENT) میں کیا فرق ہے؟ یہ صحیح ہے کہ بعض خواب کے اندر المناک واقعات پائے جاتے ہیں، لیکن کیا کسی نے اس قسم کے خواب کا تجزیہ کیا اور اس کے مواد مخفیہ کی تحقیق کی؟ جب ایسا نہیں ہوا تو کسی کو حق نہیں کہ وہ میرے اصول پر اعتراض کرے چونکہ بہت ممکن ہے کہ وہی المناک واقعات جو خواب کے اندر رونما ہوتے ہیں۔ تشریح کرنے پر کسی آرزو کا تکملہ ثابت ہوں۔ حکمت کی کتابوں میں یہ مفید خیال کیا گیا ہے کہ جب کسی تکملہ

Marfat.com

حل وعقد مین دقتین پیدا ہون۔ توکوئی دوسرا مسئلہ انتخاب کرتے ہین ۔ پس اس صورت مین یہان صرف یہی ایک سوال پیدا نہین ہوتا ہے کہ کس طرح الم انگیز اور متوحش خواب کسی آرزو کا تکملہ ہوسکتے ہین ، بلکہ بحث وتمحیص کے بعد ہم لوگ خود بخود یہ سوال اٹھا سکتے ہین ، کہ وہ خواب جن مین ناقابل التفات مواد ہوتے ہین ، اور وہ حقیقتہً کسی آرزو کا تکملہ ہین اس تکمیل کو حجاب اور خفا مین رکھکر کیون پیش کرتے ہین ؟ اور پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ خوابون کے مسخ ہونے کا آغاز کہان سے ہوتا ہے ؟ ان سوالات کے جواب مین فرائڈ نے بعض نہایت اہم اور دلچسپ خواب کے حالات لکھے ہین "۱۸۹۷ء کے موسم بہار مین مجھے خبر ملی کہ دار العلوم کے دو خلیفون نے مجھے اسسٹنٹ پروفیسر کے منصب کے لئے منتخب کیا ہے ، مجھے بالکل اچانک طور پر یہ خبر ملی اور اس کے باعث مجھے بیحد مسرت ہوئی ۔ چونکہ ارباب انتخاب کی ہمدردی مین کسی عصبیت کا شائبہ نہ تھا ۔ لیکن فوراً ہی مین نے خیال کیا کہ مجھے اس واقعہ سے کسی قسم کی امید وابستہ نہین رکھنی چاہیئے ۔

چونکہ گزشتہ چند سال کے اندر دار العلوم کے ارباب حل وعقد نے اسی قسم کی تجویز پر کوئی غور وخوض نہین کیا اور میرے متعدد دوست کارجو مجھ سے زیادہ عمر اور استعداد علمیہ کے اعتبار سے مساوی درجہ رکھتے تھے ۔ اپنے تقرر کے لئے عبث انتظار کر رہے تھے اس لئے کوئی وجہ نہ تھی کہ مین اپنے متعلق کسی کامرانی کا خیال کرون اس کے بعد مین نے خود کو تسکین دینا شروع

Marfat.com

کی کہ جہاں تک میں مطالعۂ باطن کرتا ہوں مجھے زیادہ خواہش بھی نہیں۔ چونکہ میں اپنے مطب کے مشاغل میں کسی مزید لقب کے بغیر زیادہ کامیاب ہوں اس کے علاوہ یہاں یہ سوال بھی نہیں تھا کہ " انگور شیریں ہیں یا ترش " کیونکہ یقیناً یہ میری دسترس سے زیادہ بلندی پر ہے۔ ایک دن شام کے وقت میرے ایک شریک کار جنکی قسمت کے مطالعہ سے میں نے اپنی ناکامی کا نتیجہ نکالا تھا۔ مجھ سے ملنے کے لئے آئے وہ مدت سے پروفیسر کے عہدہ کے لئے امیدوار تھے، اور اپنے حصول مقصد کے لئے میری بہ نسبت زیادہ تلے ہوئے تھے۔ چونکہ ایک طبیب کو پروفیسری کا عہدہ " نائب خدا " کے درجہ تک پہونچا دیتا ہے۔ اس لئے وہ وقتاً فوقتاً دارالعلوم کے دفاتر میں اپنی درخواستیں بھیجنے کے عادی تھے۔ اسی قسم کی ایک سعی لاحاصل کر کے وہ میرے پاس آئے وہ کہنے لگے کہ انہوں نے اس مرتبہ ایک گوشہ میں وزارت کے ایک معزز رکن سے دریافت کیا کہ میری ناکامی میں عقاید تو مخل نہیں اس نے جواب دیا کہ یقیناً " موجودہ خیالات عامہ کے ہوتے ہوئے ہز اکسلنسی کو اس کا موقعہ نہیں۔ اس کے بعد میرے ... دوست نے اور باتیں کہیں جن سے میری ناامیدی کے خیال میں مزید تویشق ہوئی کیونکہ وہی عقیدہ کا سوال میرے متعلق بھی پیدا ہو سکتا تھا۔

اس ملاقات کے بعد دوسرے دن میں نے مندرجہ ذیل خواب دیکھا جو اپنی نوعیت کے اعتبار سے قابل غور ہے۔ میرا دوست " آر " میرا چچا ہے میں اس کیلئے قلب میں بڑی محبت پاتا ہوں۔ اس کی صورت کسی قدر متغیر ہے [illegible]

Marfat.com

اوس کے اردگرد زرد رنگ کی ڈاڑھی ہے جو صاف اور نمایاں ہے۔ پہلے میں نے اس خواب کی تعبیر سمجھی اور یہ کہہ کر ٹال دیا کہ یہ بالکل لغو اور مہمل احلام ہے لیکن تمام دن باوجود کوشش بھی میں دماغ سے اس کا خیال دور نہ کر سکا۔ آخر کار شام کے وقت میں ان الفاظ میں خود کو ملامت کرنے لگا کہ اگر کوئی دوسرا شخص تعبیر کے وقت اسے لغو یا مہمل کہتا تو تم اسے بہت ڈانٹتے۔ اور شبہ کرتے کہ خواب کے پس پردہ وہ بعض ایسے ناخوشگوار معاملات ہیں جنہیں خواب کا دیکھنے والا ظاہر کرنا نہیں چاہتا۔ اس لئے میں نے آخر کار اس کی تعبیر سمجھنے کی کوشش کی اور میں اس طور سے غور کرنے لگا کہ "ر" میرا چچا ہے اس کے کیا معنی؟ میرے تو ایک ہی چچا "یوسف" ہیں یقینا ان کا قصہ پر افسوس ہے وہ بعض ایسے اشغال کے دلدادہ تھے جنہیں قانون حکومت قابل مواخذہ ٹھیراتا ہے۔ اور جب میرے چچا کو سزا بھی ملی، میرے والد جو چند ہی دنوں میں غم کے مارے ضعیف ہوگئے ہمیشہ کہا کرتے تھے کہ تمہارے چچا "یوسف" کوئی بدمعاش آدمی نہ تھے لیکن یہ تھا کہ وہ سادہ لوح تھے۔

اب اگر میرا دوست "ر" میرا چچا ہے تو یہ بمنزلہ اس خیال کے ہے کہ "ر" سادہ لوح (SIMPLETON) ہے لیکن خواب میں جو میں نے صورت دیکھی وہ لمبی تھی اور اس پر زرد داڑھی تھی۔ میرے دوست کی داڑھی بالکل سیاہ تھی۔ لیکن جب سیاہ بال والے لوگ بوڑھے ہونے لگتے ہیں تو ان کی سیاہ داڑھی کے ہر بال میں جو اگا نہ ایک ناخوشگوار رنگ کا تغیر ہوتا ہے۔

Marfat.com

پہلی پہل یہ سرخی آمیز بادامی رنگ کا ہو جاتا ہے پھر زردی مائل بادامی رنگ اختیار کر لیتا ہے اور اس کے بعد بالکل سفید ہو جاتا ہے۔ میرے دوست "ر" کی ڈاڑھی اسی منزل سے گذر رہی ہے اور اسی طرح میری بھی جس کے مشاہدہ سے مجھے افسوس ہوتا ہے۔ خواب کے اندر میں جو صورت دیکھ رہا ہوں۔ وہ بیک وقت میرے چچا کی بھی صورت ہے اور میرے دوست "ر" کی بھی ۔ یہ گیلٹن کے مجموعی تصاویر عکسی ) کے مثل ہے۔ جنہیں اس نے خاندانی مشابہت پر زور دینے کے لئے چند تصاویر کا مجموعی حیثیت سے ایک پلیٹ میں تیار کیا تھا۔ اس صورت سے یہ ممکن ہے کہ میں نے حقیقۃً یہ خیال کیا ہو کہ میرا دوست "ر" میرے چچا یوسف کے مثل سادہ لوح ہے۔ ابھی تک میرے خیال میں یہ بات نہیں آئی کہ میں نے یہ مشابہت کیوں قائم کی ؟ میرے چچا ایک مجرم تھے۔ میرا دوست "ر" ایک بے گناہ آدمی تھا۔ شاید انہوں نے صرف ایک مرتبہ ایک امیدوار محرر کو بائیسکل سے ضرب لگا دی تھی۔ اس لئے انہیں سزا ہو گئی تھی۔ کیا میں اسے ایک جرم خیال کر سکتا تھا۔ اگرچہ مشابہت یہ تھی تو ایک نہایت احمقانہ اور مضحکہ خیز موازنہ تھا۔ یہاں مجھے ایک مکالمہ یاد آتا ہے جو مجھ میں اور میرے ایک شریک کار "ن" کے درمیان واقع ہوا تھا۔ اور غالباً اسی موضوع پر تھا۔ ان سے مجھے سڑک پر ملاقات ہوئی وہ بھی پروفیسر کے عہدہ کے لئے منتخب ہوئے ہیں۔ اور جب انہیں معلوم ہوا کہ مجھے بھی یہ اعزاز ملنے والا ہے تو انہوں نے مجھے مبارکباد دی میں نے پرزور لہجہ میں اس کا رد کیا۔ تم آخری آدمی ہو

Marfat.com

کی ظرافت کر رہے ہو! کیا تمہیں اس کا علم نہیں کہ خود تمہارے معاملہ میں انتخاب کو کون سا درجہ حاصل ہے؟ اس پر اس نے کہا (گو اس میں وہ جوش نہ تھا) تم کو اس کے متعلق یقین نہ رکھنا چاہئے۔ میرے خلاف ایک خاص عذر ہے کیا تمہیں معلوم نہیں کہ ایک عورت نے میرے خلاف قانونی استغاثہ کیا تھا میں تمہیں ان فضول باتوں کا یقین دلانا نہیں چاہتا کہ کس طرح میری تذلیل کی کوشش کی گئی تھی اور کس طرح میں نے مستغیثہ کو سزا پا ہی سے بچا لیا۔ لیکن معاملہ دفتر میں پر زور طریقے سے پیش ہو گا۔ تاکہ میرا تقرر نہ ہو لیکن تم تو اس قسم کی بدنامی سے مبرا ہو۔ فرائیڈ کہتا ہے یہاں پر مجھے مجرم کا پتہ چلتا ہے اور ساتھ ہی خواب کی تعبیر بھی معلوم ہو جاتی ہے۔ میرے چچا یوسف میرے دونوں شرکائے کار کی نیابت کر رہے ہیں ایک تو سادہ لوح تھا۔ دوسرا مجرم میں یہ بھی جانتا ہوں کہ کس مقصد سے مجھے اس نیابت کی ضرورت ہے اگر عقیدہ کے خیال سے میرے دونوں احباب کا تقرر معرض تعویق میں رہا تو میرے متعلق بھی یہی سوال پیدا ہو گا۔ لیکن اگر میں دونوں احباب کی ناکامی کو دوسرے اسباب کی طرف منسوب کر دوں، جو مجھ میں نہیں پائے جاتے تو میری امید کو کوئی ٹھیس نہیں لگتی۔ میرے خواب کا ابتدائی زینہ یہی ہے کہ "ر" کو وہ سادہ لوح اور "ن" کو مجرم قرار دے رہا ہے چونکہ میں نہ سادہ لوح ہوں نہ مجرم جو حضرات اس منصب کے امیدوار ہیں اس طرح سے برطرف ہو گئے۔ اس طور سے مجھے پروفیسری کا عہدہ ملنے کی امید ہو گی اور میرے نفس نے جبر کی پیچیدگی محسوس کر لی جو افسر اعلیٰ نے میرے دوست "ر" کو دی تھی نجات

Marfat.com

پائی - فرائیڈ لکھتا ہے کہ اب بھی میرا نفس مطمئن نہیں ہے اور مجھے خواب کے اس پہلو پر بحث کرنا ہے جس میں میں نے اپنے حصول مقصد کی غرض سے اپنے دو معزز دوستوں کی تذلیل کی ہے۔ میں اس شخص سے مباحثہ کے لئے تیار ہوں جو یہ خیال کرے کہ میں حقیقتہً اپنے دوست "ر" کو سادہ لوح اور "ن" کو مجرم خیال کرتا ہوں حقیقت یہ ہے کہ خواب کے اندر صرف آرزو کا اظہار کیا گیا ہے کہ واقعہ ایسا حادثہ ہو یعنی دارالعلوم کے ارباب حل وعقد "ر" کو اس کی سادہ لوحی (حالانکہ حقیقتہً میں اسے سادہ لوح نہیں سمجھتا) اور "ن" کو اس کے الزام جرم (حالانکہ میں اس کے محاسن اخلاق کا معترف ہوں) کے باعث منصب کے لئے نامزد نہ کریں اور میرا تقرر ہو جائے فرائیڈ کہتا ہے کہ جب کبھی عالم خواب کی کسی آرزو کا پتہ نہ چلے یا یہ تکمیل آرزو پردہ خفا میں رہے تو سمجھنا چاہئے کہ اس آرزو کے خلاف کوئی متصادم احساس کارفرما ہے۔ اور اسی تصادم اور ردعمل کے باعث جب کبھی آرزو کو اپنے اظہار کا موقع ملتا ہے تو صرف اس بدلی ہوئی صورت میں معاشرانہ زندگی میں کہاں اس قسم کے نقش عمل کی بدلی ہوئی صورت پائی جاتی ہے؟ صرف وہاں جہاں ایک شخص کچھ طاقت رکھتا ہے۔ اور دوسرا اس طاقت سے اثر پذیر ہے تو یہ دوسرا آدمی اپنے اعمال نفسیہ کو بہ ظاہر بدلی ہوئی صورت میں پیش کرے گا اور ظاہرداری جو ہم روزانہ زندگی میں برتتے ہیں بڑی حد تک نفس کے حقیقی تہیجات کے اختفا یا باطن کی خلاف ورزی کا نتیجہ ہے۔ معاشی زندگی کو لیجئے ایک ماہر سیاسیات جب حکومت کے سامنے بعض ناخوشگوار حقائق پیش کرنا چاہے گا تو اسے یہ صورت اختیار کرنی

Marfat.com

وہ مجبور ہو جاتا ہے کہ "سنسر" کے خوف سے معتدل اور محرف صورت میں اپنے نظریات کا اظہار کرے یا حملہ میں مخصوص شکلیں اختیار کرے یا صاف صاف نکتہ چینی کرنے کے بجائے اشارہ اور کنایہ سے کام لے یا اعتراضات کو ایسا جامہ پہنا دے کہ حقیقی صورتیں بظاہر محجوب ہو جائیں۔ جہاں تک "سنسر" کا خوف زیادہ ہوگا وہیں تک حقیقی واقعات کی شکل بھی بگڑی ہوئی ہوگی۔ اس لئے ہم لوگ ہر انسان کے متعلق یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کی تکوین خواب میں بہ یک وقت دو نفسی میلان و لوالمف کارفرما رہتے ہیں ان میں ایک تو اس آرزو کی تعبیر کرتا ہے جسے خواب ظاہر کرتا ہے اور دوسرا اس آرزوئے خواب کے خلاف نفرت (یا خوف) کا اظہار کرتا ہے۔ اور انہیں نفرت انگیز طاقتوں کے باعث خواب کے اندر ژولیدگی اور پیچیدگی ہو جاتی ہے۔ ناخوشگوار خواب بھی دراصل کسی آرزو کا تکملہ ہیں۔ ناخوشگواری ایک ضمنی حیثیت رکھتی ہے۔ خواب دراصل کسی نہ کسی آرزو ہی کو پیش کرتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ ضمناً اس میں اور ناخوشگوار باتیں شامل ہو جاتی ہیں اور یہ نتیجہ ہوتا ہے ردعمل کا۔ اگر ہم لوگ خواب کے صرف ان واقعات پہ غور و خوض کرنے لگیں جو ضمنی درجہ رکھتے ہیں تو یقیناً ہم لوگ خواب کی تعبیر نہیں سمجھ سکتے جس طرح ہم لوگ یہ کلیہ قائم کرتے ہیں کہ خواب کسی آرزو کی تکمیل کا نام ہے اسیطرح یہ بھی نتیجہ نکلتا ہے کہ "خواب کسی دبی ہوئی آرزو کی چھپی ہوئی تکمیل ہے۔"

Marfat.com

# عشقیہ خواب

اس کلیہ کے خلاف کہ خواب کسی آرزو کی تکمیل کا نام ہے ایک نوجوان خاتون نے ڈاکٹر فرایڈ سے اپنا خواب بیان کیا ، " آپ کو معلوم ہے کہ میری ہمشیرہ کو اب صرف ایک بچہ چارلس ہے بڑے لڑکے اوٹو نے جبکہ میں اسی گھر میں تھی انتقال کیا ۔ اوٹو میرا دُلارا تھا حقیقتہً میں نے ہی اسکی پرورش کی تھی ، دوسرے چھوٹے بچے (چارلس) کو بھی میں بہت عزیز رکھتی تھی ، لیکن اس قدر نہیں جتنا مرنے والے اوٹو کو چاہتی تھی ، اب میں نے گزشتہ رات کو خواب میں دیکھا کہ چارلس میرے سامنے مردہ پڑا ہے وہ اپنے چھوٹے سے کفن میں پڑا تھا ، اس کے دونو ہاتھ وابستہ تھے ، چاروں طرف شمعیں جل رہی ہیں ، اور ٹھیک ایسا معلوم ہو رہا ہے جیسا اوٹو کی وفات کے وقت معلوم ہوتا تھا ، جبکہ میں نے بجد صدمہ اوٹھایا تھا اب آپ بتائیے کہ اس کے کیا معنی ہوئے ؟ آپ مجھے جانتے ہیں ، کیا میں ایسی بری ٹھیری کہ اپنی بہن کے بقیہ ایک بچہ کی موت چاہتی ہوں یا اس کے یہ معنی ہیں کہ بجائے اوٹو کے بدلے چارلس کی موت چاہتی ہوں ۔ کیونکہ میں اوٹو کو زیادہ پیار کرتی تھی ، فرایڈ کہتا ہے میں نے اسکو یقین دلایا کہ یہ تعبیر ناممکن ہے ۔ بعض اشارات کے بعد میں اسکو تعبیر بتا سکا ۔ جس کی اس نے بھی توثیق کر دی " ۔

Marfat.com

یہ خاتون کم سنی میں یتیم ہو گئی تھی، اس کی ایک بہن نے جو عمر کے لحاظ سے اس سے بہت بڑی تھی، اس کی پرورش کی، اس گھر میں جو احباب یا ملاقاتی آتے تھے، ان میں ایک شخص نے اس کے قلب پر ایک گہرا نقش چھوڑا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ تعلقات ازدواجی رشتہ پر ختم ہوں گے۔ لیکن بڑی بہن اس مسرت آگین عروج ( CULMINATION ) میں رخنہ انداز ہوئی، اس کا پتہ کبھی نہ لگا کہ یہ ردو احتجاج کس غرض پر مبنی تھا، اس شکست عہد کے بعد اس آدمی نے جس کو یہ خاتون بہت پیار کرتی تھی، گھر میں آنا جانا بند کر دیا۔ ننھے آوتو کی وفات کے بعد وہ خود مختار ہو گئی تھی، آوتو جب تک زندہ تھا اسکی محبت کا وہی مرکز تھا، لیکن خاتون اپنی بہن کے دوست کی آرزو کبھی دل سے نہ نکال سکی، اسکی رعنائی کا تقاضا تھا کہ وہ کبھی بھی اپنے محبوب سے گریز کرے لیکن اس کے لئے یہ ناممکن تھا کہ وہ اپنا دل جو اپنے محبوب کو دے چکی تھی اب ان اشخاص کی نذر کرے جو اس سے رشتہ ازدواج استوار کرنے کے لئے باری باری خود کو پیش کر رہے تھے، جب کبھی وہ آدمی جو ایک علمی پیشہ سے تعلق رکھتا تھا اپنے خطبہ کا اشتہار دیتا تو اس دن مجمع سامعین میں اس خاتون کی حاضری بھی ضروری تھی، وہ ہر موقعہ کی تاک میں رہتی تھی کہ نظر بچا کر اپنے محبوب کو دیکھ لیا کرے، ڈاکٹر فرائیڈ کہتا ہے۔ مجھے یاد آتا ہے کہ ایک دن اس خاتون نے مجھ سے کہا تھا کہ پروفیسر صاحب کسی مجلس شوریٰ میں جا رہے تھے اور خاتون بھی شوق دید میں جا رہی ہے، یہ واقعہ خواب کے دن کا ہے، اور وہ جلسہ اس دن ہونے والا تھا، جس دن خاتون نے مجھ سے خواب بیان کیا میں آسانی کے ساتھ خواب کی صحیح تعبیر

Marfat.com

کر سکتا تھا۔ اس لئے میں نے خاتون سے سوال کیا کہ اس کو کوئی ایسا واقعہ یاد ہے جو ننھے اوٹو کی وفات کے بعد واقع ہوا ہو، فوراً ہی اس نے جواب دیا۔ یقیناً اس وقت ایک مدت کی غیر حاضری کے بعد وہ پروفیسر میرے مکان پر آئے" اور میں نے ننھے اوٹو کے کفن کے پہلو میں ان کو دیکھا"۔ واقعہ کی نوعیت ٹھیک وہی تھی جو میں نے خیال کیا تھا۔ میں نے اس کی تعبیر بتائی، "اگر وہ دوسرا بچہ مرجاتا تو وہی باتیں دوبارہ واقع ہوتیں تم اس دن اپنی بہن کے ساتھ بسر کرتیں، پروفیسر صاحب تعزیت کے لئے آتے" اور تم ان کو انہیں حالات کے ماتحت دیکھتیں جیسا کہ پہلے دیکھ چکی تھیں۔ خواب کی تعبیر اس کے سوا دوسری نہیں، کہ تمہارے دل میں دیدار کی آرزو تھی جس کے خلاف باطنی طور پر تم مجاہدہ کر رہی تھیں، میں جانتا ہوں کہ آج کے جلسہ کے لئے تم اپنے بٹوہ میں ٹکٹ لے جارہی ہو، تمہارا خواب بے صبری کا خواب ہے۔ اس نے آج ہونے والے جلسہ کی حقیقی روح چند گھنٹے قبل تمہارے سامنے پیش کر دی ہے۔ خاتون نے اخفائے آرزو کیلئے بظاہر ایک ایسے سمان کا انتخاب کیا تھا جس میں اس قسم کی آرزوئیں عموماً دبی رہتی ہیں۔

Marfat.com

# پراسرار خواب

فرایوڈ کے ایک دوست نے خواب دیکھا اور اس سے بیان کیا "میں نے خواب میں دیکھا کہ میں پہلو میں ایک خاتون کو لیکر اپنے مکان کے سامنے ٹہل رہا ہوں - یہاں ایک بند گاڑی ٹھیری ہوئی ہے - ایک آدمی آتا ہے، پولیس کا نوکر ہونے کی سند پیش کرتا ہے" اور مجھکو اپنے ساتھ چلنے کا حکم دیتا ہے - میں صرف وقت مانگ رہا ہوں جس میں اپنا کام انجام دے لوں، کیا ڈاکٹر صاحب یہ میری آرزو ہے کہ میں گرفتار ہو جاؤں؟ اس کا مجھے اعتراف ہے کہ ہرگز نہیں " -

فرایوڈ :- کیا آپ کو یاد ہے کہ کس الزام میں آپ کو گرفتار کیا گیا -

دوست :- ہاں مجھے یقین ہے کہ بچہ کشی کے لئے میری گرفتاری عمل میں آئی تھی ،

فرایوڈ :- بچہ کشی ! لیکن تمہیں معلوم ہے کہ صرف ایک ماں ہی ایسا جرم اپنے ایک نومولود کے ساتھ کر سکتی ہے - آپ نے کن حالات کے ماتحت یہ خواب دیکھا - شام کو کیا واقعہ ہوا تھا ؟

دوست :- میں وہ نہیں بیان کر سکتا یہ ایک نازک معاملہ ہے -

فرایوڈ :- مجھے وہ واقعہ معلوم ہونا چاہیے ورنہ میں تعبیر بتانے سے معذور رہوں گا -

دوست :- اچھا تو میں کہوں گا - رات میں نے گھر پر نہیں بسر کی، بلکہ ایک خاتون

Marfat.com

کے مکان پر گزاری جو کہ میری بہت طالب تھی۔ جب ہم لوگ صبح کے وقت بیدار ہوئے، تو ہمارے درمیان "کوئی چیز" پھر واقع ہوئی تب میں پھر سو رہا، اور وہ خواب دیکھا جو ابھی بیان کر چکا ہوں۔

فرائیڈ — کیا اس عورت کی شادی ہو چکی ہے۔؟

دوست — ہاں

فرائیڈ — اور تم چاہتے ہو کہ وہ حاملہ نہ ہو

دوست — نہیں، اگر حاملہ ہوگی تو افشائے راز ہوگا۔

فرائیڈ — تب تم جماع کی تکمیل نہیں کرتے،

دوست — میں انزال کے قبل..... ..........

فرائیڈ — کیا تم مجھے اس کی اجازت دو گے؟ کہ میں خیال کروں کہ رات کے درمیان تم نے کئی مرتبہ ایسی چال کی اور صبح کے وقت تم کو پوری طرح یقین نہ تھا کہ تم اپنی کاروائی میں کامیاب ہوئے!

دوست — یہ بات ہو سکتی ہے۔

فرائیڈ — تب تمہارا خواب ایک آرزو کی تکمیل ہے اس کے ذریعہ تم یقین کر لیتے ہو کہ تم نے حاملہ نہیں ہونے دیا۔ جو بہر ہے اس امر کے کہ تم نے ایک بچہ کی جان لی۔ تم کو "لینو" کی وہ نظم بھی یاد ہے، جس میں اس نے بچہ کی کشی اور امتناع حمل کو ایک سطح پر رکھا ہے۔

"دوست نے اعتراف کیا کہ دوپہر کے وقت اسکو "لینو" کا خیال آیا تھا۔"

Marfat.com

فرائیڈ ـــــ تم کو معلوم ہے کہ چند روز ہوئے ہم لوگوں کے درمیان بحث ہوئی تھی جو ازدواجی زندگی کی معیت اور اوقات جماع سے متعلق تھی، بچہ کشی کا راز اب بھی غور طلب ہے یہ صرف عورتوں کا شیوہ ہے ۔ تم نے خواب میں اس کا ارتکاب کرتے کیوں دیکھا،

دوست ـــــ برسوں گزرے میں ایسے ایک معاملہ میں پھنسا ہوا تھا میرے قصور سے ایک لڑکی نے حمل گرا کر اپنے کو بچانے کی کوشش کی، اس کارروائی میں میرا کوئی دخل نہ تھا لیکن فطری طور پر میں بہت دنوں تک آشفتہ رہا کہ کہیں یہ راز فاش نہ ہو جائے۔

فرائیڈ ـــــ میں نے سمجھا، اسی یاد کے باعث پتہ چلتا ہے کہ تمہارا یہ قیاس کہ تم برے طریقہ سے اپنی چال چلے تم کو المناک معلوم ہوا،

Marfat.com

# عہد ماضی کی ایک تمنا

ایک طویل خواب کے سلسلہ میں ایک خاتون نے دیکھا کہ اس کی پندرہ سال کی لڑکی ایک بکس پر اس کے سامنے مردہ پڑی ہے، اس نے اس کو ڈاکٹر فرائیڈ کے کلیہ خواب کے منافی تصور کیا۔ لیکن اسی کو خیال ہوا کہ لفظ "بکس" کے ذریعہ خواب کے متعلق کوئی دوسرا خیال قائم ہو سکتا ہے اس کو یاد آیا کہ شام کے وقت لفظ بکس اور جرمن زبان میں اس کے بے شمار ترجموں کے متعلق باتیں ہوئی تھیں۔ ممکن ہے خاتون نے انگریزی لفظ (BOX) اور جرمن لفظ (BUCHSE) میں شباہت کا قیاس کیا ہو" اور پھر اس کے حافظہ میں یہ بات بھی عود کر آئی ہو کہ عام گفتگو میں "بکس" اور (BUCHSE) دو لفظوں سے عورتوں کی بچہ دانی مراد لی جاتی ہے۔ اس لئے خاتون کے خیال میں یہ بات آئی کہ بچہ کا بکس پر پڑے رہنا بچہ دانی میں رہنے کے مرادف ہوگا۔ تفسیر و تجزیہ کے اس زینہ پر پہونچکر وہ خاتون انکار نہ کر سکی کہ یہ خواب اس کی ایک آرزو کی تکمیل کا نتیجہ ہے۔

دوسری نوجوان خواتین کی طرح وہ حاملہ ہوئی تو اس کو خوشی نہ تھی اور کئی مرتبہ اس نے مجھ سے یہ خواہش ظاہر کی کہ بچہ پیدا ہونے کے قبل مر جائے ایک دن خاتون کو غصہ آیا۔ اور اس نے اپنے شوہر کی موجودگی میں اپنی شکم پر گھونسے مارنے

Marfat.com

تاکہ بچہ اندر مر جائے ۔ اس لئے مردہ بچہ حقیقتہً آرزو کی تکمیل کا نتیجہ تھا ۔ لیکن ایسی آرزو جو پندرہ سال ہوئے پیدا ہوئی تھی اس نے تعجب انگیز نہیں ۔ کہ تکمیل آرزو کا پتہ نہ چلا ۔ چونکہ اس کو مدت گزر چکی تھی اور اس درمیان میں بہت سے تغیرات ہو چکے تھے ۔

Marfat.com

# عشق پر مذہب و تصوّف کا حجاب

ہماری ہزاروں خون شدہ آرزوئیں ہوا کرتی ہیں، ہم اپنی چھپی اور تشنہ آرزوؤں کی تکمیل کے لیے خواب دیکھتے ہیں۔ خواب دراصل کسی نہ کسی آرزو کی تکمیل کا نام ہے یہ اور بات ہے کہ سادہ طبع لوگوں کے خواب سے فوراً یہ راز سمجھ میں آجاتا ہے اور جو لوگ زیادہ ہوشیار ہیں ان کی مصلحت کوشیاں خواب کی حقیقی روح کو بعض غیر مربوط اور متضاد عناصر میں گم کر دیتی ہیں۔ جیسا کہ اوراق سابق میں ڈاکٹر فرائڈ کے ذاتی خوابوں اور ان کی تشریح و تجزیہ سے پتہ چلا ہوگا میرے دوست کا خواب بھی اسی کلیہ کے ماتحت دکھایا جا سکتا ہے۔

ک، ایک رات خواب میں دیکھتے ہیں۔

"میں " ہ " نامی گاؤں میں ہوں، اور اس کی مسجد کے نزدیک باہر کھڑا ہوں اس اثنا میں ایک کثیر جماعت مسجد سے نکل کر سڑک پر آرہی ہے اگو یا کسی جلوس کی مشایعت میں یہ مجمع مسجد سے باہر نکل کر گاؤں کے اندر جانے والی سڑک پر چلا جا رہا ہے۔ اس میں بعض میرے شناسا بھی ہیں۔ اس وقت مجھے دھندلا سا یہ خیال آتا ہے کہ یہ مجمع حضرت سرورِ کائنات صلعم کے ساتھ جا رہا تھا مگر میں نے آپ کی صورت نہیں دیکھی۔ مجمع کے گزر جانے کے بعد میں مسجد کے اندر داخل ہوا، رواق کے اندر

Marfat.com

سے ملاقات ہوئی' جن کے رخسار پر آنسو کے قطرے ٹپکے ہوئے تھے - اور گریہ وزاری کی
علامت تھی' میں نے پوچھا تو انہوں نے نہایت رقت آمیز لہجہ میں جواب دیا۔ " دنیا پیچھا
نہیں چھوڑتی " اس کے بعد میں تنہا آگے بڑھا۔ زمین سے صحن مسجد بہت مرتفع ہے علیحدہ
کے سائبان میں ہر دو جانب چار محراب ہیں اور ساری مسجد میں ایک ایسا سماں معلوم
ہو رہا ہے۔ گویا ابھی کوئی عید ختم ہوا ہے - مسجد کے بائیں جانب ایک بلند چبوترہ پر ایک
حجرہ بنا ہوا ہے۔ حجرہ کے اندر جانے کے لئے سیڑھیاں لگی ہوئی ہیں میں اندر داخل ہوا۔
حجرہ کے اندر دیوار کی الماری کے بالائی حصہ میں چند کتابیں رکھی ہیں - زمین پر مخمل کا ایک
فرش بچھا ہوا ہے - اور ایک گاؤ تکیہ لگا ہوا ہے - دو تین آدمی جو میری طرح اس حجرہ
کے مالک سے ملنے آئے ہیں مجھ سے کہتے ہیں کہ آپ اس فرش پر تشریف رکھیں میں نہایت
نیازمندانہ عذر کرتے ہوئے ان میں ایک صاحب سے گدی پر بیٹھنے کو کہہ رہا ہوں- آخر کار
وہ جگہ خالی رہی- اور کوئی نہیں بیٹھا ! حجرہ نشین کا کسی قدر انتظار کر کے میں نیچے چلا آیا۔
تھوڑی دیر کے بعد حجرہ کے مشرقی سمت سے میں جانے لگا- دیکھا کہ ایک آدمی سر تا
پا چادر تانے ہوئے- ایک چارپائی پر آرام کر رہے ہیں- مشرقی سمت سے حجرہ کے اندر
داخل ہونے کے لئے سیڑھیاں نہیں بنی تھیں ، حجرہ سطح زمین سے مرتفع تھا میں حیص
بیص میں تھا کہ کیونکر حجرہ تک پہونچوں - اس حصہ میں نہ تو حجرہ کی دیوار تھی نہ دروازہ
بلکہ مکڑی کا ایک جال بنا ہوا تھا ، کسی نے کہا کہ بس اتنا ہی حوصلہ ہے ! یکایک
میری نظر دائیں جانب ایک تار پر پڑی ' جو حجرہ کی جالی تک ملحق تھا اسی تار کو پکڑ کر
میں رسن باز کی طرح لٹکتا ہوا جالی تک پہونچا ، ایک بزرگ دیوار کا تکیہ لگائے

Marfat.com

جال سے لگے بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ کی داڑھی مہندی سے رنگی ہوئی تھی، اور زیادہ لانبی نہ تھی، گورے چٹے، نہ زیادہ موٹے نہ دبلے، متوسط قامت کے انسان تھے، ہڈیاں بکم چوڑی تھیں سینہ فراخ تھا، میں نے عقیدتمندانہ اپنا ہات جال کے اندر بڑھایا آپ نے اپنا دست راست بڑھایا میں نے ہات میں ہات دیدیا۔ آپ کی زبان مبارک سے فقط یہ کلمہ نکلا "بہ شرط اتباع سنت" اس کے بعد مجھے یاد نہیں، میری نیند کھل گئی۔ یا کسی اور خواب کا سلسلہ شروع ہوا"

یہ خواب جس قدر دلچسپ ہے اسی قدر پر معنی بھی ہے۔ صوفیہ تو اس کی کوئی اور توجیہ کریں گے۔ اس سے میں بحث کرنا نہیں چاہتا۔ کہ صوفیانہ عقائد کے مطابق "ک" کو کسی خاص بزرگ کی روحانیت نے اپنا فیض پہونچایا۔ میں اسی دنیائے آب وگل کے اسباب وعلل سے اس کا پتہ لگانا چاہتا ہوں، کہ میرے دوست "ک" نے یہ خواب کیوں دیکھا؟

سب سے پہلے "ل" نامی بستی غور طلب ہے، میرے دوست کو اقرار کرنا پڑا کہ انکی ایک عزیز ترین ہستی یہاں رہتی ہے۔ اور اس پر بہ زعم خود کسی زمانہ میں وہ مفتون تھے اور اب بھی اپنی "حدیث درد" سنایا کرتے ہیں جو میرے خیال میں ان کی سادہ لوحی اور حسن ابی تصور کا نتیجہ ہے بہرحال یہ مسلم ہے کہ ان کو کبھی اپنی پاک محبت کا خبط تھا اور اب بھی اس کا اثر ہے، سوال کرنے پر انہوں نے بتایا کہ خواب دیکھنے کے دو تین دن قبل وہ کاؤن "ل" میں بے اختیارانہ چلے گئے تھے اس قسم کی مسجد جو ہمارے دوست نے خواب کے اندر دیکھی تھی "ل" میں موجود ہے۔

Marfat.com

"د" میرے دوست کے مخلص رفیق کار ہیں ان کا اخلاق نہایت پاکیزہ اور طبیعت درد مندانہ واقع ہوئی ہے ۔ مذہب کا جوش اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں۔ بزرگ کی شکل و شمائل اور بیعت و عقیدت کا راز یہ تھا کہ خواب دیکھنے سے چند روز قبل انہوں نے حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ کی سوانح زندگی کا مطالعہ کیا تھا اور آپ کی کرامت و بزرگی، ذکر و شغل، بیعت و رشاد سے حد درجہ متاثر ہوئے تھے ۔

بزرگ کا یہ فرمانا کہ یہ "شرط اتباع سنت" کئی معنی رکھتا ہے میرے دوست "ک" پہلے سنت کے بڑے پابند تھے ۔ کچھ دنوں سے ان کے خیال میں کچھ افسردگی پیدا ہو گئی تھی اغالبًا یہ اسی جدید افسردگی کا ردعمل تھا ، یا پھر یہ پورا فقرہ حضرت شیخ احمد النامقی الجامی کے خیال کا اعادہ ہے ۔ جس کو عرصہ ہوا میرے دوست "نفحات" میں پڑھ چکے تھے ، خواجہ مودود چشتی نے اپنے ریعان شباب میں شیخ احمد النامقی سے معرکہ کارزار گرم کرنا چاہا تھا پھر خواجہ مودود چشتی نے شیخ احمد کی بزرگی اور کرامت کا اعتراف کیا اور آپ کے ہات پر بیعت کی ، نوجوان صوفی نے عرض کیا ، میرے لئے دعاء برکت کیجئے ، آپنے خواجہ کو سامنے بلایا ۔ اور ہات پکڑ کر گود میں بٹھا لیا اور تین بار فرمایا ، "بہ شرط علم"

صرف کسی خواب کو سن کر تعبیر نہیں بتائی جا سکتی ، بلکہ خواب دیکھنے والے سے اس کے حالات ماضیہ اور مشاغل حال کے متعلق استفسار کرنے ، اور عناصر ترکیبی کی تحلیل و تجزیہ کرنے کے بعد کوئی قطعی فیصلہ کیا جا سکتا ہے ۔ میرے دوست

Marfat.com

"ک"، کا خواب بھی ان کے علائق قلب و روح کی مجمل تاریخ ہے اور کس کو اس سے انکار ہو سکتا ہے۔ کہ حضرت شیخ نجم الدین کبریٰ ؒ کے ساتھ ان کی عقیدتمندانہ آرزو پوری نہیں ہوئی، اور اسی دیار محبوب میں جس کے متعلق ابو فراس کہتا ہے:۔

ومن مذہبی حبّ الدّیار واھلھا

وللنّاس فیما یعشقون مذاھب

(محبوب کے وطن اور اس کے ساکنوں کے ساتھ محبت کرنا میرا دین و مذہب بن گیا ہے انسان کو جس کے ساتھ محبت ہوتی ہے وہی اس کا مذہب ہو جاتا ہے)

Marfat.com

# مسجد نبوی کا ایک منظر

"رات مجھے ایک نہایت لطیف اور مبارک خواب دیکھا پہلے تو دیکھا کہ ایک مولوی (عربی طالب العلم) صاحب سے کہ رہا ہوں کہ آپ کیا آپ ایسے دو تین تو مل بھی آئیں تو مجھے زیر نہیں کر سکتے۔ مولوی صاحب بھی تھے دھن کے پکے، وہ بھی مقابلہ کے لئے تیار ہو ہی گئے، اکھاڑا موجود تھا میں بھی آستین چڑھا کر کود پڑا اور مولوی صاحب سے لپٹ گیا، تھوڑی ہی دیر میں ان کو مسلم اوٹھا کر چت زمین پر رکھدیا اس کے بعد دیکھتا ہوں، کہ پختہ مکان ہے، اس کی دیوار سفید اور بڑا دروازہ (جو اکثر بڑے لوگوں کے گھروں میں ہوتا ہے) مشرقی سمت ہے دروازہ کے سامنے مشرقی جانب ایک گلی ہے۔ اور اس کے دکھن طرف دو ہاتھ کے فصل پر گلی سے قد آدم اونچے مقام پر ایک مسجد ہے۔ جس کا قبلہ (حقیقۃً نہیں لیکن میری رویت احساس کے لحاظ سے) دکھن ہی طرف ہے۔ مسجد کا صحن بخط مستطیل واقع ہے۔ پختہ مکان جس کے دروازہ پر میں کھڑا ہوں، اور مسجد کے درمیان جنوب و شمال کی طرف ایک گلی گئی ہے۔ تمام صفائی معلوم ہوتی ہے۔ ہر چہار طرف سکون اور خموشی ہے شاید کسی نے کہا کہ جہاں میں کھڑا ہوں وہ ازواج مطہرات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مکان

Marfat.com

ہے اور وہ مسجد نبوی ہے ۔ میں نے سخت حسرت سے کہا کہ افسوس یہ تو وہ اصل شئے ہے نہیں ، لوگوں نے اس کی ابتدائی حالت بدل دی ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اس کی عمارت کھجور کی ڈال اور پتوں سے بنائی گئی تھی ، کاش وہی اصل صورت ہوتی ، اس وقت اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مکان اور مسجد دیکھنے کے بعد میرے دل میں مسرت اور طمانینت پیدا ہونے کی بجائے (اصل ہیئت کے بدل جانے کے باعث) حسرت موجود ہے ۔ لیکن دروازہ پر بائیں جانب کھڑا ہوا جب مسجد اور مشرقی مغربی گلی کے سامنے فضا کا خیال کیا تو دل میں ایک رقت پیدا ہوئی ۔ نہایت جوش اور ولولہ میں کہنے لگا ، کہ یہ وہی مقام ہے جہاں میرے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رہتے تھے ۔ یہ خیال کر کے میں دروازہ کے بائیں سمت ، دیوار پر اپنا سر ٹیک کر زار و قطار رونے لگا اور نیند کھل گئی "

یہ وہ خواب ہے جو " م " نے اپنی ڈائری " صد افگار دل " (۲۵ ستمبر ۲۹ء) میں لکھ رکھا تھا جس شب کو " م " نے یہ خواب دیکھا اسی دن شام کے وقت مغرب کی نماز کے بعد وہ اپنے محلہ کی اس گلی سے آرہے تھے ۔ جس میں ارباب ثروت کے بڑے بڑے پختہ مکانات کا سلسلہ ہے ، اس نظارہ سے ان کے دل میں ایک خاص کیفیت ہوئی ، اسی شب کو مسجد میں عبدالرؤف نامی ایک شخص سے (جو اہلحدیث خیال کے ہیں) سنت اور بدعت ، مولود و قیام ، حیات نبی بعد الموت ، کے متعلق بڑی دیر تک باتیں ہوئیں ، وہ حنفی مشرب طالب العلم بھی تھے ، ان سے بھی رد و کد ہوئی " م " نے سنت کی حقیقت اور

Marfat.com

اس کے فوائد سمجھائے - عرصہ ہوا ہم نے ایک رسالہ میں پڑھا تھا، کہ سفیان ثوری جب مدینہ منورہ تشریف لے گئے - تو مسجد نبوی کی حالت دیکھکر فرمایا کہ مین تو اس مسجد کو تلاش کرتا ہون جس کی چھت کھجور کے پتون، اور ڈالیون سے بنی تھی، اور دیوار اور زمین کچی تھی، ڈاکٹر ابرکرامبی اور سگمنڈ فرویڈ دونو متفق الرائے ہین کہ قدیم اور جدید خیالات باہم مل کر خواب مین نظر آتے ہین -

Marfat.com

# احساسات اخلاقی

خواب میں انسان کی اخلاقی حالت قائم رہتی ہے یا نہیں ! اس کے متعلق مختلف کی دو جماعتیں ہیں۔ اور دو متضاد نظریے پیش کرتی ہیں جیسن ، ریڈ اسٹاک ، والکٹ وغیرہ کا عقیدہ ہے کہ خواب میں انسان اپنی اخلاقی حالت پر قائم نہیں رہ سکتا ، وہ بدترین جرائم و معاصی کا مرتکب ہوجاتا ہے یہ نظریہ ڈاکٹر ابرکرامبی کے عقیدہ سے مل جاتا ہے۔ ڈاکٹر موصوف بھی یہی کہتے ہیں کہ خواب کے اندر تصورات کے سلسلے اس طرح مربوط ہوجاتے ہیں کہ ہم ان پر اپنا تصرف نہیں رکھ سکتے۔ دوسری جماعت جس کے علمبرداروں میں آئی فیشر ، ہیفنر ، شوپنہار ، شولز وغیرہ کا نام نظر آتا ہے یہ نظریہ پیش کرتی ہے کہ خواب ہی سے انسان کی طینت کا پتہ چلتا ہے ایک بد اخلاق اور مجرم خواب کے اندر بھی اپنی معصیت ہی کے نقوش پیش کرے گا۔ اسیطرح ایک پاکباز نیک نہاد انسان خواب کے اندر کبھی برائی نہیں کرسکتا ، اس کا خواب اسکی روحانی فوقیت اور پاک باطنی کا ایک مظاہرہ ہوتا ہے ، جیسن کہتا ہے "خواب میں لوگ زیادہ پاکباز اور نیک نہیں رہتے اس کے برخلاف خواب میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ ضمیر خموش ہوجاتا ہے ، یہاں تک کہ انسان کا احساس دردمندی مفقود ہوجاتا ہے" اور وہ سرقہ ، قتل وغیرہ جیسے بدترین جرائم کا ارتکاب کرتا

Marfat.com

ہے۔ اور اس پر کامل بے حسی اور بے غیرتی طاری رہتی ہے۔ ریڈ اسٹاک کہتا ہے کہ خواب کے اندر سلسلے اور خیالات اس طور سے مرلوط ہو جاتے ہیں۔ کہ ان میں مدرکہ جمالیاتی ذوق، اور اخلاقی تمیز کا اثر باقی نہیں رہتا، اس عالم میں قوت ممیزہ حد درجہ کمزور ہو جاتی ہے اور اخلاقی بے حسی اعلیٰ پیمانہ پر کار فرما ہوتی ہے۔ والکٹ کا خیال ہے کہ ہر انسان جانتا ہے کہ خواب کے اندر علاقہ جنسی خصوصیت کے ساتھ اختیار سے باہر ہو جاتا ہے۔ جس طرح خواب دیکھنے والا، حد درجہ بے شرم اور اخلاقی احساس اور تمیز سے معرا ہوتا ہے۔ اسیطرح دوسروں کو بھی خواب میں دیکھتا ہے اور وہ ایسی معزز ہستیوں کو ایسے اعمال میں مشغول دیکھتا ہے، کہ بیداری میں ان کے متعلق اس قسم کے خیال سے غیرت آئیگی، شوپنہار کا خیال ہے کہ خواب کے اندر ہر شخص اپنے چلن کے مطابق عمل یا کلام کرتا ہے شوپنہار کیطرح دوسرے علما کا بھی یہی خیال ہے اور یہ مذکورہ بالا نظریات کے بالکل مخالف ہے۔ آر پی فلیشر کا بیان ہے کہ فاعلی احساسات اور خواہشات، تاثرات اور ولولے، عالم خواب میں ظاہر ہوتے ہیں۔ اور یہ کہ خواب میں انسان کی خصوصیات اخلاقی جھلک جاتی ہے۔ ہینفر کہتا ہے شاذ و نادر مستثنیات کے ساتھ ایک صالح اور پاکباز آدمی خواب میں بھی صالح اور پاکباز رہے گا۔ اور اس عالم میں بھی حرص و ہوس کو تیاگ دیگا۔ اس کو عناد، حسد، غضب اور دوسری برائیوں سے الفت نہ ہوگی اسکے برخلاف ایک جرم پیشہ خواب کے اندر بھی اپنی بدکرداریوں کے وہی نقوش پیش کرے گا جو بیداری میں اس کے پیش نظر رہتے ہیں۔

Marfat.com

شوپنہاور بتاتا ہے کہ خواب میں صداقت ہوتی ہے، غرور و پندار، انکسار و عجز پردہ پوشی کے باوجود ہم لوگ اپنی ہستی کو پہچان لیتے ہیں ایک ایمان دار آدمی خواب میں بھی کوئی ذلیل خطا نہیں کر سکتا، اور اگر وہ کر بیٹھتا ہے تو اس پر خوف زدہ ہوتا ہے جیسے اس نے کوئی بات اپنی فطرت کے خلاف کی ہے ایک رومی شہنشاہ نے اپنی رعایا میں ایک شخص کی گردن مار دینے کا حکم دیا اس شخص نے خواب میں دیکھا تھا کہ اس نے شہنشاہ کا گلا کاٹ ڈالا، شہنشاہ نے صحیح طور پر یہ نتیجہ اخذ کیا کہ جو شخص خواب کے اندر ایسی حرکت کا ارتکاب کرتا ہے وہ بیداری میں بھی اس قسم کا خیال کرتا ہوگا، جس چیز کا خیال ہمارے ذہن میں نہیں گزرتا اس کے متعلق ہم روزانہ گفتگو میں بولتے ہیں کہ ایسا ہم نے خواب میں بھی نہیں دیکھا۔

حیف ایک ضرب المثل کو کسیقدر بدل کر کہتا ہے "تم اپنا خواب مجھ سے بیان کرو۔ اور میں بتاؤں گا کہ تمہارا باطن کیا ہے؟ ہلڈر برنیٹ جس کی کتاب سے ڈاکٹر فرائڈ نے بہت زیادہ استفادہ کیا ہے۔ اور جس کے نظریے ادبیات خواب میں وسیع معلومات اور مکمل خیالات سے مالا مال ہیں اس مسئلہ پر کہتا ہے کہ جہاں تک انسان کی زندگی پاک اور پر صفا ہوگی۔ وہیں تک اس کے خواب پاکیزہ ہوں گے اور جس حد تک زندگی پلید اور نجس ہوگی اسی حد تک خواب بھی گندے اور آلودہ ہوں گے کینٹ کا بھی یہی خیال تھا وہ کہتا ہے کہ (CALAGORICAL IMPERATIVE) ایک نہیں جدا ہونیوالے رفیق کیطرح ہم سے چمٹ جاتا ہے یہاں تک کہ نیند میں بھی ہم اس سے آزاد نہیں ہو سکتے۔

Marfat.com

دو جماعتوں نے چونکہ افراط و تفریط سے کام لیا ہے اس لئے بادی النظر میں دونوں عقاید کے اندر تضاد پایا جاتا ہے، یہ بالکل صحیح ہے کہ خواب انسان کے باطنی امیال وعواطف کا آئینہ دار ہے، لیکن بسا اوقات خواب کے اندر اخلاق یا معصیت کے مظاہرہ کی بناپر کسی انسان کی طینت کے متعلق قطعی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا یہ بالکل صحیح ہے کہ ایک بلند اخلاق کا انسان خواب کے اندر کسی ایسے جرم یا معصیت کا مرتکب نہیں ہوسکتا۔ جس کو نہ صرف مذہب نے ممنوع قرار دیا ہو، بلکہ ہئیت اجتماعیہ بھی ذلت و نفرت کی نگاہ سے دیکھتی ہو۔ مثلاً مذہب نے بادہ خواری وزنا کاری، قتل وغارت، سرقہ، خیانت سب کو ممنوع قرار دیا ہے لیکن ان تمام امور سے ہئیت اجتماعیہ کے جذبات یکساں اثر پذیر نہیں ہوتے۔ سوسائٹی میں بادہ خوار اور خائن دونوں کو ایک زاویہ نظر سے نہیں دیکھا جاتا۔ اسیطرح ہئیت اجتماعیہ چور اور فاجر میں امتیاز کرتی ہے۔

اس لئے ایک بلند انسان شخص ہرچند خواب کے اندر بھی عموماً اپنی بلندی اخلاق قائم رکھے گا۔ لیکن یہ ممکن ہے کہ کبھی وہ ایسے معاصی کا مرتکب ہوجائے۔ جس کو مذہب نے تو ممنوع قرار دیا ہو لیکن سوسائٹی ذلت ونفرت کی نگاہ سے نہ دیکھتی ہو۔ مثلاً ایک پاکباز آدمی خواب کے اندر شہوانی افعال تو کرسکتا ہے لیکن چوری نہیں کرسکتا۔

جن اعمال کے لئے سنجیدگی اور غور وخوض کی ضرورت ہے، انہیں کی بناپر ہم کوئی فیصلہ کرسکتے ہیں۔ ایک بہادر آدمی خواب کے اندر بزدلی کا اظہار کرسکتا ہے کیونکہ خوف اضطراری جذبہ ہے۔ اسیطرح ایک نیک مگر سریع الحس آدمی قتل کرسکتا ہے چونکہ غضب میں اگر اضطراراً ایسا فعل ممکن ہے۔ لیکن چوری ممکن نہیں کیونکہ

Marfat.com

اسس کے لئے غور و خوض درکار ہے۔ ایک پاکباز تو کسی غیر عورت کے ساتھ اختلاط کر سکتا ہے۔ کیونکہ شعور جنسی ( SEX INSTINCT ) کے ماتحت اسس میں استحالہ نہیں مگر شراب نوشی نہیں کر سکتا۔

آیئے اب غور کریں کہ اضطراری افعال سے قطع نظر خواب سے انسان کے باطنی کیفیات اور طبعی میلان کا پتہ چلتا ہے یا نہیں۔ اس سلسلہ میں صوفیہ اسلاطین اور علماء کے خواب کے تاریخی واقعات قابل غور ہیں۔

Marfat.com

# بزرگوں کا خواب

## خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کا فوت درود

شیخ نظام الدین اولیا نقل کرتے ہیں کہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے مریدوں میں ایک شخص رئیس احمد نامی تھے ۔ جو قصبہ اوس میں رہتے تھے رئیس احمد صاحب ایک پاکباز اور متقی آدمی تھے ۔ انہوں نے ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک بہت بڑا محل ہے اور اس کے چاروں طرف خلقت کا ہجوم ہے اور ایک نورانی چہرہ بہت قد بزرگ اندر تشریف لے جاتے ہیں ۔ اور باہر آتے ہیں، اور اندر پیغام لے جاکر جواب لاتے ہیں، رئیس احمد نے ایک شخص سے دریافت کیا کہ یہ کون شخص ہیں؟ اور اندر کیا ہے ۔ اس نے کہا اندر سرورِ کائنات ہیں اور یہ شخص عبداللہ ابن مسعود ہیں ۔ اور پیغام لوگوں کو سناتے ہیں ۔ رئیس احمد نے عبداللہ سے کہا کہ حضرت رسالت سے عرض کیجیے، کہ فلاں شخص آپ کی دیدار سے مشرف ہونا چاہتا ہے، کیا حکم ہوتا ہے حضرت عبداللہ ابن مسعود اندر تشریف لے گئے اور باہر آئے ۔ اور ان سے کہا کہ حضرت نے فرمایا ہے کہ ابھی میرے دیدار کے قابل نہیں ہوئے ۔ جاؤ اور میرا اسلام قطب الدین بختیار کاکی کو پہنچاؤ ۔ اور کہو کہ جو تحفہ وہ میرے لئے بھیجا کرتے تھے، تین راتوں

Marfat.com

سے مجھ کو نہیں ملتا ہے۔ رئیس احمد جب خواب سے بیدار ہوئے تو خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی خدمت میں گئے۔ اور صورت حال عرض کی۔ شیخ نے سمجھا کہ انہوں نے کون سی تقصیر کی ہے۔ ان دنوں میں آپ کی والدہ ماجدہ نے ایک صالحہ اور حمیدہ بی بی سے آپ کی شادی کر دی تھی، چونکہ انہوں نے سنا تھا کہ آپ سفر کا ارادہ رکھتے ہیں، خواجہ صاحب نے بشریت کے تقاضا سے بی بی کے ساتھ محبت اور الفت میں تین رات تک درود نہیں بھیجا۔ آپ نے اسی وقت بی بی کو طلاق دی اور بغداد کی طرف روانہ ہو گئے۔

## شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر پر جادو

شیخ نصیرالدین اودھی اپنے پیر سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ کو سخت تکلیف شروع ہوئی یہاں تک کہ کئی دنوں تک نہ کھانا کھایا اور نہ پانی پیا۔ اولاد اور دوست احباب جمع ہوئے طبیبوں کو طلب کیا گیا۔ انہوں نے قارورہ کا معائنہ کیا نبض دیکھی سب نے کہا کچھ معلوم نہیں ہوتا کہ شیخ کو کون سا مرض ہے۔ ناچار سب لوگ گئے، دوسرے دن تکلیف میں زیادتی ہوئی حضرت خواجہ نظام الدین اولیا اور اپنے لڑکے حضرت شیخ بدرالدین سلیمان کو بلا کر اللہ کو یاد کرنے کا اشارہ کیا۔ جب رات ہوئی دونوں اللہ کی یاد میں مشغول ہو گئے، اس رات کو شیخ بدرالدین سلیمان نے خواب میں دیکھا۔ کہ ایک بزرگ فرما رہے ہیں کہ تمہارے والد پر جادو کیا گیا ہے۔ شیخ بدرالدین سلیمان نے پوچھا کس نے جادو کیا ہے۔ بزرگ نے جواب

Marfat.com

دیا کہ شہاب الدین ساحر کے لڑکے نے ، اور شہاب الدین قصبہ اجودھن میں ایک مشہور جادوگر تھا۔ شیخ بدرالدین سلیمان نے پوچھا کہ شیخ کی تکلیف کو کیونکر دفع کیا جائے ؟ بزرگ نے جواب دیا کہ ایک شخص شہاب الدین کی قبر کے کنارہ پر بیٹھکر یہ کلمات کہے یہی اس کا علاج ہے اور جو کلمہ بزرگ نے کہا تھا وہ شیخ بدرالدین کو یاد رہا وہ یہ تھا ......

ایھا المقبوس المبتلا اعلم ان ابنک قد سحر فلانا نقل لہٗ یکف باسہ والا یلحق بہ مالیحق بنا ۔ اے قبر والے اور اے مبتلا ہونے والے جان کہ تیرے لڑکے نے فلان پر جادو کیا ہے ۔ اس سے کہ اپنا شر واپس کرے ورنہ جو ہم کو پہونچ رہا ہے وہ اس کو پہونچیگا ۔

صبح کے وقت شیخ بدرالدین سلیمان مریدوں کے ساتھ والد ماجد کی خدمت میں تشریف لے گئے اور رات کا خواب عرض کیا ۔ شیخ فریدالدین حضرت نظام الدین اولیا کیطرف متوجہ ہوئے ۔ اور فرمایا کہ یہ کلمات یاد رکھو اور شہاب الدین ساحر کی قبر تلاش کر کے عمل میں لاؤ ۔ شیخ نظام الدین اولیا شہاب الدین کی قبر کا پتہ لگا کر وہاں گئے اور اس کے قبر پر بیٹھکر مرقومہ بالا کلمات کا اعادہ کیا ۔ قبر کچی تھی اور اس کے اوپر تھوڑی سی مٹی پڑی ہوئی تھی خواجہ نظام الدین کو کشف ہوا انہوں نے مٹی کھودی یکایک آٹے کی بنی ہوئی ایک صورت ظاہر ہوئی اس میں سوئیاں چبھوئی ہوئی تھیں ۔ اور گھوڑے کے دم کے بال سے مضبوطی کے ساتھ بندھی ہوئی تھی ، الغرض اسیطرح سے اس صورت کو حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر کے نزدیک لائے جو سوئی نکالی جاتی تھی اور جو گرہ کھلتی حضرت گنج شکر کی تکلیف کم ہوتی تھی اس کے بعد اس صورت کو



Marfat.com

توڑ کر شیخ نظام الدین اولیا نے آب رواں میں ڈال دیا۔ یہ خبر اجودھن کے حاکم تک پہونچی اس نے شہاب الدین ساحر کے لڑکے کا ہاتھ اور گردن باندھکر شیخ کی خدمت میں بھیجا اور عرض کیا کہ یہ شخص گردن زدنی ہے اگر حکم ہو اس سے قصاص لیا جائے۔ شیخ نے کہا خدا نے مجھے صحت دی میں نے اس کو معاف کیا۔ تم بھی اس کی خطا معاف کر دو۔

# حضرت جلال الدین حسین بخاری کی تذکیر

اُچہ کے اطراف میں ایک قصبہ کے اندر ایک شخص ملا وجیہ الدین محمد رہتے تھے یہ شخص ایک دن اپنے ایک عزیز مولنا نصیر الدین ابو المعانی کے گھر گئے، اور وہیں قیلولہ کیا۔ خواب میں دیکھا کہ ایک جگہ خلائق کا ہجوم ہے ایک شخص ذکرو وعظ فرمارہے ہیں۔ اور یہ کہتے ہیں کہ جو شخص دنیا کا کام دین کے کام پر مقدم رکھتا ہے۔ اس کا دونوں کام خاک میں مل جاتا ہے۔ جب خواب سے بیدار ہوئے پوچھا اس جوار میں کون ایسا شخص ہے جو وعظ کہتا ہو لوگوں نے کہا کہ مخدوم جہانیاں سید جلال الدین حسین بخاری اُچہ میں ذکر کرتے ہیں۔ ملا وجیہ الدین محمد نے آپ کو کبھی نہیں دیکھا تھا۔ دوسرے دن زیارت کا احرام باندھکر اُچہ میں گئے، جب وہی صورت دیکھی جو خواب میں دیکھ چکے تھے۔ بڑے اعتقاد کے ساتھ سر آپ کے قدموں پر ڈال دیا۔ سید نے فرمایا بابا۔ البتہ دنیا کا کام آخرت پر مقدم نہیں کرنا چاہیئے۔

Marfat.com

ملا وجیہ الدین کا اعتقاد اور بھی زیادہ بڑھ گیا اور آپ کے مرید ہو گئے۔

## مولانا حسام الدین کا مدفن

آپ حضرت شیخ صدر الدین عارف کے مریدوں میں تھے۔ ایک دن شیخ صدر الدین عارف اپنے والد بزرگوار کی قبر کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے شیخ حسام الدین بھی ساتھ تھے۔ مولانا حسام الدین کے دل میں یہ خیال آیا۔ کیا اچھا ہو تا کہ ایک مزار کی جگہ شیخ کے پائتانے میں مجھے بھی مل جاتی تاکہ ان بزرگوار کے جوار کی برکت سے عذاب دوزخ سے نجات ہو جائے۔ فوراً شیخ صدر الدین عارف نے مولانا کی طرف رخ کر کے فرمایا کہ زمین تمہارے مزار کے لئے دریغ نہیں ہے۔ لیکن حضرت رسالت پناہ صلعم نے تمہارے لئے بداؤں میں پاک زمین مقرر کی ہے۔ تمہاری قبر وہیں ہو گی۔ روایت ہے کہ مولانا موصوف نے ایک رات خواب میں دیکھا۔ کہ ایک جگہ آپ بیٹھکر وضو کر رہے ہیں۔ صبح کے وقت مولانا وہاں تشریف لے گئے۔ دیکھا کہ زمین تر ہے۔ مولانا نے فرمایا کہ مجھے مرنے کے بعد یہیں دفن کیا جائے۔ چنانچہ آپ وہیں مدفون ہیں۔

## خلیفہ عمر ابن عبد العزیز کی غشی!

آپ بنی امیہ کے خلیفہ تھے۔ آپ کی عبادت و ریاضت، صلاح و تقویٰ حق پرستی

Marfat.com

وللہیت کے حالات سے تاریخ کے اوراق بھرے ہوئے ہیں۔ آپ کی ایک کنیز نے صبح کے وقت آپ سے عرض کیا کہ اے امیر المومنین! رات کو میں نے ایک عجیب وغریب خواب دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا بیان کر۔ اس نے کہا کہ دیکھا کہ قیامت کا میدان ہے۔ دوزخ دہک رہی ہے۔ اور پل صراط قائم ہے۔ لوگ خلیفہ عبدالملک ابن مروان کو لائے پل صراط سے گذرنے لگا اور فوراً دوزخ میں گر گیا۔ خلیفہ نے کہا ہیں! کنیز نے کہا اس کے بعد ولید بن عبدالملک آیا وہ بھی گر گیا۔ بولے ہیں! کنیز نے کہا اس کے بعد یا امیر المومنین میں نے آپ کو دیکھا کنیز اتنا ہی کہنے پائی تھی کہ بیہوش ہو کر گر پڑے کنیز چلاتی رہی کہ اے امیر المومنین بخدا میں نے دیکھا کہ آپ پل صراط سے صحیح وسالم گزر گئے۔

## امام بیہقی کی تصنیفات

دہلی کے جوار میں چند گاؤں کے مجموعہ کو جس طرح بارہ اور برہانہ کہتے ہیں اسی طرح نیشاپور (ایران) کے مضافات میں چند دیہاتوں کو مجموعی طور پر بیہق کہتے ہیں۔ اسی لئے امام ابوبکر احمد الحسین (مولود ۳۸۴ھ۔ متوفی ۴۵۸ھ) کو بیہقی کہا جاتا ہے آپ بہت بڑے محدث اور شافعیہ کے فقیہ اعظم تھے۔ یہاں تک کہ امام الحرمین فرماتے ہیں کہ ہر شافعی المذہب پر امام شافعی کا احسان ہے۔ لیکن امام بیہقی کا احسان خود امام شافعی پر ہے۔ کیونکہ انہوں نے اپنی تصنیفات میں شافعی مذہب کی نصرت کی ہے۔ اور جس طرح بقول ابن حزم حنفی مذہب نے امام قاضی ابو یوسف کے ذریعہ فروغ

Marfat.com

مالکی مذہب نے یحییٰ ابن یحییٰ اندلسی کی وساطت سے بہت زیادہ فروغ پایا۔ اسی طرح امام بیہقی کی بدولت شافعی مذہب کو عروج ہوا۔ چنانچہ امام بیہقی کی تصنیفات کے متعلق اکثر علما وصلحا نے خواب دیکھے۔ امام بیہقی کی دو تصنیفات بہت عظیم الشان اور اہم ہیں۔ سنن کبریٰ جو دس جلدوں میں ہے۔ اور معرفتہ السنن والآثار۔ جو چار جلدوں میں پائی جاتی ہے۔ امام بیہقی نے معرفتہ السنن کی تصنیف شروع کی تو ایک صالح آدمی نے خواب میں دیکھا کہ امام شافعی ایک جگہ ہیں اور آپ کے ہات میں اس کتاب کے چند جزو ہیں آپ فرماتے ہیں کہ آج امام احمد (بیہقی) کی کتاب سے ہم نے سات جزو لکھا اور یاد کیا۔ مشہور فقیہ محمد بن عبدالعزیز مروزی نے خواب میں دیکھا کہ ایک صندوق زمین سے اڑتا ہوا آسمان کی طرف جا رہا ہے۔ اور اس کے چاروں طرف ایسا نور چھلکا ہوا ہے کہ آنکھیں خیرہ ہوتی ہیں۔ مروزی نے پوچھا کہ یہ کیا ہے۔ فرشتوں نے جواب دیا کہ یہ بیہقی کی تصنیفات کا صندوق ہے جو بارگاہ الٰہی میں مقبول ہوئیں[۱]۔

# خواجہ نظام الملک طوسی کی حیثیت

آپ کے والد کا نام علی ابن اسحٰق طوسی ہے جو سلجوقیہ کے دربار میں عملہ دیوان تھے خواجہ نظام الملک تین حیثیتوں سے تاریخ میں بہت زیادہ مشہور ہیں (۱) زمانہ طالب علمی میں عمر خیام اور حسن بن صباح سے ان کی گہری دوستی تھی۔ اور ایک سوانح نگار کیلئے نا ممکن

[۱] ملاحظہ ہو بستان المحدثین مطبوعہ نول کشور ص ۴۹ ۔

Marfat.com

ہے۔ کہ وہ عمر خیام اور حسن بن صباح کا تذکرہ کرے۔ اور خواجہ نظام الملک کو نظر انداز کر دے۔ (۲) نظامیہ کے نام سے بغداد میں ایک یونیورسٹی کی بنیاد ڈالی جس کا اثر ہنوز اقصائے عالم کے عربی مدارس پر ہے۔ یہیں امام غزالی جیسے متکلم و محدث صوفی اور ادیب نے درس دیا۔ (۳) اسلامی دنیا کے مشہور وزرا حسن بن احمد میمندی (غزنویہ) جعفر بن یحییٰ برمکی (عباسیہ) خواجہ محمود گاوان (بہمنیہ) کی طرح ملک شاہ سلجوقی کے یہ نہایت مدبر اور صائب الرائے وزیر تھے۔ علم و فضل، منصب و شوکت کیساتھ زہد و اتقا میں بھی آپ ممتاز نظر آتے ہیں۔ ذیل کے خواب سے آپ کے عوالطف نفسی پر پوری روشنی پڑتی ہے۔ سلطان ملک شاہ سلجوقی نے عباسی خاندان کی ایک شاہزادی سے عقد کرنا چاہا اس کے لئے بہت بڑا سامان جشن، مہیا کیا حجاز و شام عراق و فارس روم و خراسان الغرض ساری اسلامی دنیا سے اکابر و اشراف بغداد میں آکر جمع ہو گئے۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ سب لوگ پا پیادہ دربار خلافت میں جائیں اور تعظیم بجا لائیں۔ حضرت خواجہ نظام الملک کو سوار ہونیکی اجازت دی چنانچہ ساری اسلامی دنیا کے بڑے اور —— شریف لوگ پا پیادہ خواجہ موصوف کے پیچھے روانہ ہوئے۔ جب دربار میں پہونچے تو دوسرے لوگوں کو آپ کے دائیں اور بائیں بٹھایا گیا۔ اور بڑی عزت اور شان کا ایک مسند بچھا اور خواجہ کو اس پر بیٹھایا گیا۔ اس کے بعد علما فضلا کے لئے خلعت آیا خواجہ کے خلعت پر یہ عبارت منقش تھی۔

"الوزیر العالم العادل نظام الملک امیر المومنین" یہ ایک ایسا اعزاز

Marfat.com

تھا جو دولت اسلامی کی ابتدا سے آجتک کسی کو حاصل نہ ہوا تھا۔ خواجہ صاحب کے نفس میں اس واقعہ سے تعظیم و تکبر کا ہیجان ہوا اسی کے ساتھ دنیا کی بے وفائی اور عظمت کی بے بقائی پر بھی غور و تامل کرتے۔ گویا مقام مجاہدہ پر تھے۔ دربار خلافت سے واپس آئے اور رات کو سوئے تو خواب میں دیکھا کہ وہی مسند ہے اور اس پر بیٹھے ہیں تنہائی کے باعث خوف اور وحشت دل میں پیدا ہو رہی ہے کہ یکایک ایک بدصورت کریہ المنظر آدمی آیا۔ اس سے سخت بدبو نکل رہی تھی۔ وہ آکر آپ کے نزدیک بیٹھ گیا۔ اس کے بعد دوسرا آدمی آیا جس کی صورت کی کراہیت اور جسم کی بدبو سے دماغ مشوش ہونے لگا۔ اس کے بعد یکے بعد دیگرے بد سے بدتر اور بدتر سے بدترین لوگ آنے لگے اور قریب ہے کہ خواجہ مسند سے اوندھے منہ زمین پر گر پڑیں۔ اور بدبو کی تکلیف سے روح نکل جائے۔ کہ یکایک آنکھ کھل گئی۔ صبح کے وقت آپ نے خیرات کیا اور شکریہ الٰہی بجالائے۔ دوسرے دن اسیطرح خواب دیکھا اور کانپنے لگے۔ اگر آپ کو جگایا نہ جاتا تو قریب تھا کہ جان نکل جاتی۔ تیسرے دن ڈر کے مارے آپ سوتے بھی نہ تھے رات کے اخیر حصہ میں آنکھ لگ گئی تو پھر وہی سمان نظر آیا اور قریب تھا کہ آپکی جان نکل جائے کہ اتنے میں ایک نورانی جماعت ظاہر ہوئی جس کے شمیم جانفزا سے نفس میں بہجت اور قلب میں سکون پیدا ہوا اس جماعت میں سے فرداً فرداً ایک آدمی آکر خواجہ کے پہلو میں بیٹھنے لگا۔ جیسے جیسے یہ لوگ آتے وہ کریہ المنظر اور بدبو جسم

---

سلہ روضۃ الصفا۔ جلد ۴ (تذکرہ خواجہ نظام الملک طوسی)

Marfat.com

والے لوگ غائب ہوتے جاتے - یہاں تک کہ پہلا سارا مجمع غائب ہو گیا اور ان کی جگہ ان پیکران نور نے لی اور ان کی صحبت سے خواجہ کو ایسا روح وراحت نصیب ہوئی کہ زبان اس کے بیان سے قاصر ہے - اس کے بعد خواجہ نے اس گروہ کے ایک آدمی کو مخاطب کر کے فرمایا کہ آپ لوگ کون آدمی ہیں اور وہ لوگ کون تھے - اس نے جواب دیا کہ ہم لوگ تمہارے اخلاق حمیدہ ہیں - اور وہ لوگ تمہارے اوصاف ذمیمہ تھے - اگر ہماری صحبت اور رفاقت چاہتے ہو تو ان کو ترک کرو اور اگر ان کو چاہتے ہو تو ہمیں چھوڑ دو -

---

## امام غزالی کی قواعد العقائد کا درجہ

مولانا جامی روایت کرتے ہیں کہ ایک بڑے عالم کا بیان ہے کہ ایک دن میں ظہر اور عصر کی نماز کے درمیان مسجد حرام میں داخل ہوا مجھ پر فقراء کے وجد وحال کا کوئی غلبہ تھا نہ مجھ میں کھڑے ہونے کی طاقت تھی نہ بیٹھنے کی آرام کرنا چاہتا تھا، حرم کے گھروں میں سے ایک جماعت خانہ میں آیا اور گھر کے سامنے دائیں پہلو پر لیٹ گیا - اور اپنا ہاتھ ستون کے نیچے رکھ لیا تاکہ مجھکو نیند نہ آئے اور طہارت جاتی نہ رہے یکایک ایک شخص بدعتی آیا اور جماعت خانہ کے سامنے اپنا مصلی بچھایا - اپنے گریبان سے ایک لوح نکالا میرا گمان تھا کہ یہ پتھر کا بنا ہوا تھا - اور اس پر کچھ لکھا ہوا تھا اسکو چوما اور اپنے چہرہ کے سامنے رکھا اور دیر تک نماز پڑھی - اور اپنے چہرہ کا دو نو رخ اس پر ملا - اور بہت گڑگڑایا - اس کے بعد اپنا سر اوٹھایا اور اس کو اپنی آنکھوں پر مالش کیا - اور پھر چوم کر اس کو اپنے گریبان میں رکھ لیا - جب میں نے یہ دیکھا تو مجھے بڑی کراہت معلوم ہوئی - اپنے دل میں کہا کیا اچھا ہوتا

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہوتے تاکہ ان بدعتیوں کو جو کچھ کرتے ہین۔ اس کی برائی کی خبر معلوم ہوتی۔ اسی تفکر مین نیند کو مین دور کر رہا تھا تاکہ میری طہارت نہین کھوے۔ ناگاہ مین خواب اور بیداری کی درمیانی حس سے غائب ہوگیا۔ دیکھا کہ ایک بہت وسیع میدان ہے۔ اور بہت سے آدمی ہین۔ اور سب کے پاس ایک مجلد کتاب ہے اور سب لوگ ایک آدمی کے پاس کھڑے ہین۔ مین داخل ہوا اور ان کی حالت دریافت کی لوگون نے جواب دیا کہ حضرت رسالت پناہ یہان تشریف رکھتے ہین۔ اور تمام لوگ مختلف فرقون کے بانی ہین۔ یہ لوگ چاہتے ہین کہ اپنی کتاب سے مذہب کا عقیدہ حضرت کے حضور مین بیان کرین۔ اور اپنے مذاہب وعقاید کی تصحیح کر لین۔ ایک آدمی آئے لوگون نے بتایا کہ امام شافعی ہین۔ آپ کے ہاتھ مین ایک کتاب تھی۔

[illegible]

آپ حلقہ مین داخل ہوے اور آن حضرت کو سلام کیا آپنے سلام کا جواب دیا اور مرحبا کہا۔ امام شافعی آپ کے پاس بیٹھ گئے اور جو کتاب ان کے پاس تھی اس سے اپنے مذہب وعقیدہ کا بیان کیا۔ آپکے بعد دوسرے آدمی آئے۔ لوگون نے کہا کہ یہ امام ابو حنیفہ ہین۔ آپ کے پاس بھی کتاب تھی اور امام شافعی کے پہلو مین بیٹھ گئے۔ اور اسی کتاب سے اپنا مذہب واعتقاد بیان کیا۔ اسیطرح ایک ایک امام آتے تھے اور اپنا مذہب وعقیدہ بیان کرتے تھے۔ یہان تک کہ تھوڑے سے لوگ بچ رہے جو لوگ اپنے مذہب وعقیدہ کا بیان ختم کر لیتے تھے۔ ان کو دوسرے کے پہلو مین جگہ دی جاتی تھی جب سب لوگ فارغ ہو گئے۔ ایک رافضی آیا اور اس کے ہاتھ مین چند غیر مجلد کتابین

Marfat.com

تھین - اور اس میں ان کے عقاید باللہ کا بیان تھا۔ اس نے قصد کیا کہ اس حلقہ میں داخل ہو اور اپنی کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پڑھے۔ آن حضرت کے سامنے جو لوگ تھے ان میں سے ایک شخص آیا اور اس کو ڈانٹ کر منع کیا اور اس کی کتاب لیکر پھینکدی اس کو ذلیل کر کے نکال دیا میں نے جب دیکھا کہ سب لوگ فارغ ہو گئے اور کوئی باقی نہ رہا کہ پڑھے۔ میں سامنے آیا میرے پاس ایک مجلد کتاب تھی میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اس کتاب میں میرے اور اہل اسلام کے اعتقادات مذکور ہیں۔ اگر اجازت ہو تو پڑھوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون سی کتاب ہے؟ میں نے عرض کیا کہ قواعد العقاید جو امام غزالی کی تصنیف ہے۔ آپ نے اس کے پڑھنے کی اجازت دی اور میں نے شروع سے کتاب پڑھنی شروع کی اور اس جگہ تک پہونچا جہاں امام غزالی نے کہا ہے :-

وان اللہ تعالی بعث النبی الامی القرشی محمدا صلی اللہ علیہ وسلم الی کافۃ العرب والعجم والجن والانس ۔

جب یہاں پر پہونچا تو چہرہ مبارک پر تبسم اور خوشی کا اثر ظاہر ہوا جب آپ کی نعت وصفت تک پہونچا تو آپ نے میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا غزالی کون ہے؟ امام غزالی وہاں پر کھڑے ہوئے تھے انہوں نے کہا "یارسول اللہ میں غزالی ہوں" اور سامنے آکر سلام کیا۔ آپ نے جواب دیا اور اپنا دست مبارک بڑھایا امام غزالی نے آپ کا دست مبارک چوما اور اپنا چہرہ اس جگہ ملا اور اس کے بعد بیٹھ گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کی قراءت پر اس قدر اظہار بشاشت نہ فرمایا تھا جتنی کہ

قواعد العقاید کے پڑھنے پر خوش ہوئے۔ جب میں بیدار ہوا تو اس حال و کرامت کے اثر سے میرے چہرہ پر گریہ کا اثر تھا۔ شیخ ابوالحسن شاذلیؒ نے جو اپنے وقت کے قطب تھے اپنا ایک خواب بیان کیا ہے جس میں مذکور ہے کہ آں حضرتؐ نے موسیٰؑ و عیسیٰؑ کے سامنے امام غزالی پر فخر کیا ہے۔ میکڈونلڈ نے لکھا ہے کہ ایک شخص امام غزالی کا مخالف تھا اور آپ کو برا بھلا کہا کرتا تھا ان حضرت نے اس کو کوڑے لگائے اور اس کا اثر بیداری میں بھی اس پر نمایاں تھا" نفحات" میں ہے کہ مدت العمر اس کوڑے کا اثر اس کے جسم پر تھا۔

## خواجہ ابو یوسف ہمدانی کے اوراق پریشان

شیخ نجیب الدین بزغش شیرازی روایت کرتے ہیں کہ بزرگوں کے کلام کے متعلق کچھ تھوڑا حصہ میرے ہاتھ آیا میں نے پڑھا بہت اچھا معلوم ہوا۔ پتہ لگانا چاہتا تھا کہ یہ کس کی تصنیف ہے تاکہ اس کا دوسرا کلام بھی اور پڑھوں۔ ایک رات کو خواب میں دیکھا کہ ایک بوڑھے آدمی جن کے نورانی چہرہ سے حد درجہ وقار و عظمت ٹپک رہی تھی خانقاہ کے اندر داخل ہوئے اور وضو گاہ کے نزدیک گئے تاکہ وضو کریں۔ آپ عمدہ سفید پوشاک پہنے ہوئے تھے۔ اور اس پوشاک پر اوپر سے نیچے تک سنہرے حروف میں آیۃ الکرسی لکھی ہوئی تھی۔ میں آپ کے پیچھے ہو لیا۔ آپ نے کپڑا اتارا اور مجھے دیا۔ آپ اس پوشاک کے نیچے ایک سبز جامہ پہنے ہوئے تھے۔ جو اوپر والے پوشاک سے اچھا تھا اور اس پر بھی اسی طرح آیۃ الکرسی مرقوم تھی۔ یہ بھی مجھکو دیا۔ اور فرمایا میں وضو کرتا

Marfat.com

ہون۔ اس کو لے رہ۔ جب آپ وضو کر چکے آپنے فرمایا۔ ان کپڑوں میں سے ایک تم کو دیتا ہون۔ کون پسند کرتے ہو۔ مین نے خود کوئی انتخاب نہین کیا۔ اور عرض کیا آپکا جو جی چاہے عنایت کیجیے۔ وہی بہتر ہوگا آپ نے سبز پوشاک مجھے پہنادی۔ اور سفید خود پہن لی۔ اور فرمایا مجکو پہچانتے ہو۔ مین ان اجزا کا مصنف ہون جن کے تم طالب تھے میرا نام ابو یوسف ہمدانی ہے اور اس کتاب کا نام "زینۃ الحیٰوۃ" ہے اور اس سے عمدہ میری دوسری تصنیفات ہین۔ مثلاً منازل السائرین و منازل السالکین۔ جب مین خواب سے بیدار ہوا بہت زیادہ خوشی محسوس کی۔

Marfat.com

# بادشاہوں کا خواب

## خلیفہ امین کی ولادت

علی بن حمزہ کسائیؒ نے کہا کہ ہارون الرشید نے مجھے محمد (امین) اور عبد اللہ (المامون) کا معلم مقرر کیا۔ پس میں ادب کے لئے ان پر بہت سختی کرتا خاص کر محمد پر پس ایک دن ام جعفر (زبیدہ) کی لونڈی خالصہ میرے پاس آئی اور کہا اے کسائی! میری ملکہ آپ کو سلام کہتی ہیں اور فرماتی ہیں آپ سے مجھے ایک ضرورت ہے (وہ یہ) کہ آپ میرے بچے محمد کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کیجئے کیونکہ وہ میرے دل کی مراد اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ اور میرا دل اس کے لئے بہت دکھتا ہے۔ پس میں نے خالصہ سے کہا کہ محمد اپنے والد کے بعد خلافت کیلئے نامزد ہوچکے ہیں۔ اس نے معاملہ میں کمی کرنا روا نہیں ہے خالصہ نے کہا کہ میری ملکہ کی دردمندی کا ایک سبب ہے میں آپ کو اس کی اطلاع دیتی ہوں انہوں نے اس رات کو جبکہ امین کی ولادت ہوئی خواب میں دیکھا کہ چار عورتیں اس کے سامنے آئیں اور انہوں نے اس کو کفن میں لپیٹنا شروع کیا[ل] ۔ جو عورت اس کے سامنے تھی اس نے کہا کم سن، تنگ دل، بد دماغ، بادشاہ، معاملہ کا کمزور، ابتر ہے

---

ل ملاحظہ ہو اخبار الطوال دینوری مطبوعہ مصر ص ۳۶۶ —

Marfat.com

گناہون مین آلودہ، بیوفائی مین سخت۔ اور جو پیچھے تھی اس نے کہا۔ بدچلن، تباہ کار، ناانصاف، فضول خرچ، حکمران۔ اور جو داہنی جانب تھی کہتی تھی بدن کا موٹا، حلم سے معرا، گناہون مین آلودہ، رحم سے دور، تاجدار، اور جوبائین جانب تھی کہتی تھی۔ دہوکہ باز، خزانہ دار، شہو کرین کھانے والا، جلد برباد ہو جانے والا فرمانروا پھر خالصہ رونے لگی اور کہا اے کساق کیا یہ واقعہ آپ کو نگرانی وخبرگیری سے بے نیاز نہین کردے گا۔

## ابو شجاع بویہ دیلمی

چوتھی صدی کے آغاز سے پانچوین صدی کے وسط تک دیالمہ کی حکومت رہی ابو شجاع بویہ اس خاندان کا بانی تھا ابو شجاع نے ایک بات خواب مین دیکھا کہ بہت بڑی اگ لگی ہے اور پھیل کر یہ بعض شہرون پر چھا رہی ہے۔ یہان تک کہ اس کی روشنی آسمان تک پہونچی اس کے بعد یہ آگ تین حصون مین تقسیم ہوگئی۔ اور شہرون اور انسانون کو دیکھا کہ ان کے حضور مین سجدہ کررہے ہین۔ اس عرصہ مین بویہ سے ایک منجم و معبّر کی ملاقات ہوگئی۔ بویہ نے اپنا خواب بیان کیا منجم نے کہا یہ خواب بہت بڑا ہے۔ اس کی تعبیر اس شرط پر بتاؤن گا کہ مجھے گھوڑا اور کپڑا انعام دو۔ بویہ نے کہا خدا کی قسم سوائے اس کپڑے کے جو پہنے ہوا ہون میرے پاس دوسرا کپڑا نہین ہے۔ منجم نے دس اشرفیان طلب کین۔ بویہ نے اس پر بھی اظہار عجز کیا آخر کار منجم نے مجبور و ناچار دیکھا تو کہا۔ تم کو تین بیٹے ہون گے اور یہ سب ان آتش کدہ شہرون

پر حکمرانی کریں گے۔ اور چار دانگ عالم میں ان کی شہرت ہوگی۔ جیسا کہ آگ آسمان تک پہونچی تھی۔ بویہ نے کہا کیا یہ جائز ہے کہ تم مجھ سے استہزاء کرو میں مرد فقیر میرے بچے تمہارے سامنے ہیں۔ کس استعداد کی بناء پر یہ بادشاہ ہوں گے۔ منجم نے کہا اگر ان کی ولادت کی ساعت معلوم ہو تو بتاؤں۔ بویہ نے اپنے لڑکوں کی ولادت کی تاریخ و اوقات بتائے۔ منجم نے احتیاط کے ساتھ درجات طالع اور تفرقات کواکب پر غور کیا اور سب سے پہلے بڑے لڑکے عماد الدولہ علی بن بویہ کا ہاتھ چوما اور کہا کہ پہلے یہی لڑکا بادشاہ ہوگا۔ اس کے بعد دونوں لڑکوں معز الدولہ اور رکن الدولہ کے ہاتھوں کو بھی بوسہ دیا۔ لڑکوں نے کہا اباجان! اس منجم کو کچھ انعام دیجئے۔ بویہ خفا ہوا اور کہا کہ یہ شخص تم سے مسخرا پن کررہا ہے۔ منجم نے کہا اگر میرے بیان پر تم کو اعتبار نہیں تو کم سے کم عہد کرو کہ جب بلند مراتب پر پہونچو گے تو میرے ساتھ مہر و کرم سے پیش آؤ گے۔ ابوشجاع نے دس درم دئے۔ آج تاریخ کا ہر طالب العلم جانتا ہے کہ منجم کی پیشنگوئی حرف بہ حرف صحیح ثابت ہوئی۔[۱]

---

# سلطان محمود غزنوی

محمود غزنوی کو تین باتوں کے متعلق شکوک تھے۔[۲] ایک تو اس حدیث کے متعلق العلماء ورثۃ الانبیاء (علماء پیغمبروں کے وارث ہیں) دوسرے قیامت کے متعلق تیسرے امیر ناصر الدین سبکتگین کے ساتھ اپنی نسبت کے متعلق۔ ایک دن

---

[۱] روضۃ الصفا (تذکرہ دیالمہ) [۲] فرشتہ بحوالہ طبقات ناصری۔

Marfat.com

کس جگہ سے آرہے تھے۔ اور فراش شمع اور سونے کا شمعدان لئے ہوئے ساتھ تھا۔ محمود نے دیکھا کہ ایک طالب العلم مدرسے مین اپنا سبق یاد کررہا ہے مدرسہ کے اندر تاریکی تھی کتاب کی عبارت دیکھنے کے لئے روشنی کی حاجت ہوتی تھی تو ایک بنئے کی چراغ کے نزدیک جاتا۔ سلطان کا دل اس پر بھر آیا وہ شمعدان اس کو دے ڈالا۔ اور اسی شب کو آن حضرت صلعم کو خواب مین دیکھا کہ آپ فرما رہے ہین:—

"یا ابن امیر سبکتگین اعزک اللہ فی الدارین کما اعززت ورثتی"

(اے ناصرالدین امیر سبکتگین کے لڑکے! خدا تجھکو دونون جہان مین عزت دے جیسا کہ تونے میرے وارث کو عزت دی)

اس خواب سے اس کے تینون شکوک رفع ہو گئے۔

## سلطان شمس الدین التمش

سلطان کے دل مین مدت سے یہ نیت تھی کہ حوالی دہلی مین ایک حوض بنائے تاکہ لوگون کو پانی کی تشنگی نہ ہو۔ اتفاقاً ایک رات سلطان نے خواب مین دیکھا کہ حضرت سرور کائنات ایک مقام پر سوار کھڑے ہین اور فرما رہے ہین کہ اے شمس الدین! اگر حوض بنانا چاہتا ہے تو اسی جگہ بنا جہان مین کھڑا ہون۔ سلطان حد درجہ خوشی مین خواب سے بیدار ہوا اور وہ مقام خاطر نشین کرلیا۔ اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کو پیغام دیا کہ مین نے ایک خواب دیکھا ہے اگر حکم ہو خدمت مین حاضر ہو کر عرض کرون۔ آپ کو کشف ہو چکا تھا آپ نے پیامبر سے کہا کہ سلطان سے کہدے کہ جہان حضرت رسالت پناہی صلعم نے حوض بنانے کا اشارہ

Marfat.com

کیا ہے میں وہیں جارہا ہوں - سلطان بھی جہاں تک جلد ممکن ہو آئیں - التمش نے خواجہ کا جواب سنا تو فوراً آپ کے دولت خانہ کا رخ کیا تا کہ آپ کے ساتھ مقصد کی طرف متوجہ ہو - جب خادموں نے عرض کیا کہ خواجہ صاحب فلاں موضع میں ہیں سلطان تیزی کے ساتھ روانہ ہوا اور خواجہ کو دیکھا کہ اس جگہ نماز میں مشغول ہیں فارغ ہونے کے بعد سلطان نے دست مبارک کو بوسہ دیا اور دیکھا جہاں آں حضرت سوار تھے وہاں سے پانی نکل رہا ہے - سلطان نے یہیں حوض بنایا اور ایک صفہ (چبوترہ) اور گنبد بنا کر بطور یادگار چھوڑا - حوض کے اندر ایک چشمہ کا سوت نکل آیا - وہ حوض "فرشتہ" کے زمانہ تک جاری تھا اور اس سے اکثر باغ سیراب ہوتے تھے - امیر خسرو نے اپنی مثنوی قرآن السعدین میں اس حوض اور چشمہ کی تعریف کی ہے[1]

## احمد شاہ بہمنی کو

فیروز شاہ بہمنی (۸۰۰ھ - ۸۲۵ھ) نے زندگی کے آخری ایام میں اپنے لڑکے حسن خان کو اپنا جانشین بنانا چاہا تھا - احمد خان خانخانان سلطان کا چھوٹا بھائی تھا

---

[1] اکتوبر ۱۹۳۶ء میں جب فقیر دہلی گیا تو ایک دن "مہرولی" پہونچا جہاں حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کا مزار اور یہ تالاب ہے - حقیقت یہ ہے کہ اس مقام میں اب بھی معرفت الہی کی عجیب بارشیں ہوتی ہیں - تالاب کے مشرق سمت ایک چھوٹی سی مسجد ہے جس میں بہت سے اولیاء اللہ نے نمازیں پڑھی ہیں - اس مسجد میں نماز پڑھنے سے دل کو بے حد لذت ملتی ہے -

Marfat.com

اور آئین جہانداری اور فنون سپاہگری میں بڑی مہارت رکھتا تھا اسکو اس کا رنج ہوا اس نے سلطان سے بغاوت کی۔ اکثر بڑے بڑے امرا نے احمد خان کا ساتھ دیا۔ احمد خان کو بھائی کے ساتھ ایک خاص لگاؤ تھا اور خود اپنی بے سروسامانی کا سلسلہ بھی تھا وہ ابتدائی لڑائیوں میں اس قدر سرگرم نہ تھا۔ ایکدن شاہی فوج اس کا تعاقب کررہی تھی۔ وہ بھاگا جارہا تھا بہت متحیر اور غمگین تھا رستے میں ایک درخت کے نیچے اگر سو رہا خواب میں دیکھا کہ ایک شخص فقیروں کے ایسا لباس پہنے ہوئے بارہ گوشہ کا ایک سبز تاج ہاتھ میں رکھکر اس کی طرف چلا آرہا ہے۔ احمد خان نے استقبال کر کے سلام کیا۔ اور اس درویش نے مبارکباد کی رسم ادا کر کے وہ تاج سبز اس کے سر پر رکھدیا اور فرمایا کہ یہ تاج شاہی ہے۔ ایک گوشہ نشین بزرگ نے آپکے لئے بھیجا ہے۔ احمد خان شوق میں بھرا ہوا خواب سے بیدار ہوا۔ اور امیر خلف حسن بصری سے اس کا تذکرہ کیا اور کہا کہ آجتک میں جنگ کے باب میں متردد تھا۔ اب جو حکمت عملی تم میری کامرانی کے متعلق سوچتے ہو۔ اس کو عمل میں لاؤ۔ وقت گذر گیا احمد خان کے لئے قدرت نے کامرانیوں کے اسباب پیدا کرنا شروع کئے۔ فیروز شاہ نے درباریوں کا رنگ اور رعایا کا رجحان دیکھکر احمد خان کو بادشاہ بنادیا۔ احمد شاہ بہت ہر دلعزیز بادشاہ تھا۔ اس نے بڑی شان اور قابلیت کے ساتھ بارہ سال تک حکومت کی۔ احمد آباد بیدر جیسا عظیم الشان شہر بنایا۔ اہل دکن اسکو احمد شاہ ولی کہا کرتے تھے۔ تخت پر بیٹھا تو دو سال تک

Marfat.com

خشک سالی ہوئی - رعایا نے اس کو منحوس سمجھا۔ اس نے نماز استسقا پڑھی - اور نظر ق کے ساتھ دعا کی خوب پانی برسا۔ احمد شاہ کو فقرا اور مشایخ کے ساتھ ایک خاص ارادت اور الفت تھا۔ سید محمد گیسو دراز کو اپنے پیر خواجہ نصیر الدین اودھی مشہور بہ "چراغ" سے جب خرقہ مصلا "اور عصا" میں سے کچھ نہ ملا۔ تو نہایت شکستہ دل اور غمگین ہو کر دکن میں چلے آئے احمد خان کو آپ سے بہت ارادت تھی، سید صاحب بھی اس کو بہت عزیز رکھتے تھے - فیروز شاہ اسی وجہ کر آپ سے کشیدہ ہو گیا تھا - احمد خان جب بادشاہ ہوا تو اس وقت شیخ نعمت اللہ ولی کی بزرگی اور کرامات کی بڑی شہرت تھی، احمد شاہ نے شیخ حبیب اللہ جنیدی کو جو اسی خاندان کے مریدوں میں تھے میر شمس الدین قمی اور اہل دل حضرات کی ایک جماعت کے ساتھ بہت سا ہدیہ و تحفہ دیکر کرمان کی طرف بھیجا - تاکہ سلطان کی طرف سے دست ارادت پھیلائیں - اور دعائے خیر طلب کریں شاہ صاحب نے اس قافلہ کی بڑی عزت کی اور ملا قطب الدین کرمانی کو جو ایک گدڑی پوش دانشمند تھے اور آپ کے مریدوں میں تھے - دکن کی طرف بھیجا اور ایک بارہ گوشیہ تاج (سبز دوازدہ ترک) ایک صندوق میں رکھکر ملا قطب الدین کے سپرد کیا - کہ یہ سلطان احمد شاہ کی امانت ہے اس تک پہونچا دو جب ملا قطب الدین دکن میں پہونچے تو دور سے سلطان کی نظر ملا صاحب پہ پڑی دیکھتے ہی چلا اٹھا کہ یہ تو وہی درویش ہے جس نے خواب کے اندر فلاں درخت کے نیچے فلاں وقت جب میں فیروز شاہ کے لشکر کے ساتھ نبرد آزما تھا (تاج سبز دوازدہ ترک) مجھ کو عطا کیا - میں نے اس تاج کی حقیقت ابتک کسی سے نہ کہی تھی - اگر اسی قسم کا تاج اس آدمی کے ساتھ ہوگا تو یہی اس خواب کی تعبیر ہوگی

Marfat.com

ملا قطب الدین نزدیک آئے تو سلام کیا اور شاہ صاحب کی دعا پہونچائی۔ اور کہا کہ شاہ نعمت اللہ نے فرمایا ہے کہ یہ تاج فلاں تاریخ سے آج تک بطور امانت میرے پاس رکھا ہوا تھا۔ چونکہ کوئی ایسا موقع دستیاب نہ ہوا اس لئے آجتک نہ بھیجا۔ اب چونکہ شیخ حبیب اللہ جنیدی آئے اور تقریب پیدا ہو گئی۔ واجب ہوا کہ آپ کی امانت آپ کے سپرد کروں۔ احمد شاہ کہتا تھا کہ ملا قطب الدین کرمانی نے جب یہاں تک واقعہ بیان کیا تو میں نے اپنے اندر ایک عجیب حالت کا مشاہدہ کیا سراپا حیرت بنکر دل ہی دل میں کہا کہ اگر "یہ تاج سبز دوازدہ ترک" ہو تو کوئی شک باقی نہیں رہے گا۔ ملا قطب الدین کو کشف ہوا انہوں نے فرمایا کہ اے شاہ دل میں دغدغہ نہ لائیے۔ یہ وہی تاج سبز دوازدہ ترک ہے۔ اور میں وہی آدمی ہوں جو شاہ ولایت پناہ کے حکم سے عالم رویا میں آپ کے پاس لایا تھا۔ شاہ نے سنا تو بے اختیارانہ زور سے مولانا کو چمٹا لیا اور بغل میں جگہ دی۔ صندوق کھولا گیا تو تاج اسی قسم کا تھا۔

---

## یوسف عادلشاہ

یہ شخص عادلشاہی خاندان کا بانی تھا۔ فرشتہ نے اس کے متعلق عجیب دلفریب افسانہ لکھکر اس کو آل عثمان بتایا ہے[1]۔ اس نے ساوہ میں پرورش پائی۔ حاکم ساوہ کی زیادتی اور جور سے جلاوطن ہوا قم میں رہنے لگا۔ حاکم ساوہ سے نقصان کی توقع تھی کہ وطن کی طرف مراجعت کرے خواب میں دیکھا کہ حضرؑ فرماتے ہیں کہ ہندوستان کا

---

[1] فرشتہ (تذکرہ عادلشاہیہ)۔

Marfat.com

سفر کرو۔ عزیز و اقارب کا غم فراق اٹھاؤ۔ بہت جلد تم کو بادشاہت ملیگی۔ محمد ابراہیم زبیری رسن کو امیرزادۂ ساوہ بتاتے ہیں [۱] ان کی روایت کے مطابق یوسف سفر ہند کے ارادہ کو لار میں آیا اور ایک مسجد میں مقیم ہوا۔ یہاں خواب میں دیکھا کہ ایک نورانی چہرہ بزرگ نے چند گرم گرم روٹیاں دیں اور بولے کہ تم کو دکن میں جانا چاہیے۔ کہ وہاں تمہاری روٹی پکی ہوئی ہے۔ خواجہ زین العابدین سوداگر نے جو محمود شاہ بہمنی کیطرف سے اپنے اسباب و متاع کے ساتھ وہاں پہونچے ہوئے تھے۔ ان کو کشتی میں چڑھالیا اور دکن میں لائے۔ لیکن طبیعت نہیں لگی۔ لار میں واپس ہو گئے۔ اور اسی مسجد میں قیام کیا۔ پھر انہیں بزرگ کو دیکھا کہ فرماتے ہیں کہ میں نے تم کو دکن میں روانہ کیا تھا۔ کیوں تم نے بے صبری کی۔ چنانچہ وہی بہمنی دربار میں ایک چرکسی غلام کی حیثیت سے پیش ہوئے۔ محمود شاہ نے مول لیا۔ بخت مساعد تھا۔ غلامی سے بادشاہت ملی۔ اور کئی صدی تک ان کی اولاد نے دکن میں حکمرانی کی۔ ظہوری اور فرشتہ اسی خاندان کے مشہور فرمانروا ابراہیم عادل شاہ کے خوان کرم کے زلہ ربا تھے۔

---

# برہان نظام شاہ ثانی کا

شاہ طاہر ایران (خوند) کے ایک سجادہ نشین تھے۔ صفویہ کے جور سے انہوں نے ہندوستان کا سفر کیا۔ دکن میں آئے۔ نظام شاہی خاندان نے بہت احترام کے ساتھ خیر مقدم

---

[۱] بساتین السلاطین۔

Marfat.com

کیا۔ شاہ صاحب بہت بڑے شیعی مبلغ تھے۔ ان کے اثر سے برہان نظام شاہ نے شیعی
مذہب اختیار کیا۔ فرشتہ نے یہ واقعہ تفصیل کے ساتھ لکھا ہے۔ برہان نظام شاہ کا
لڑکا عبدالقادر سخت بیمار ہو گیا۔ امید زلیست نہ تھی شاہ طاہر نے سلطان سے کہا اگر آپ
کا فرزند اچھا ہو جائے تو کیا آپ شیعی مذہب قبول کریں گے اور اس کی تبلیغ میں حصہ
لیں گے؟ بادشاہ لڑکے کی زندگی سے ناامید ہو چکا تھا۔ شاہ صاحب کے کلام سے
وہ بہت زیادہ اثر پذیر ہوا۔ وعدہ کر لیا، رات کے وقت عبدالقادر کے پلنگ کے
نزدیک بادشاہ بیٹھا تھا۔ قریب صبح بادشاہ کی آنکھ لگ گئی دیکھا تو ایک نورانی چہرہ
بزرگ تشریف فرما ہیں۔ اور آپ کے داہنے بائیں کچھ حضرات اور ہیں۔ کسی نے کہا،
جانتے ہو یہ کون ہیں؟ یہ حضرت مصطفیٰ ہیں اور آپ کے گرد دوازدہ امام ہیں۔
ان حضرت نے فرمایا کہ اے برہان! علیؑ اور ان کی اولاد کی برکت سے خدا نے
عبدالقادر کو صحت عطا کی، اب تمہارا فرض ہے کہ میرے فرزند طاہر کے کہنے سے تجاوز
نہ کرو۔ برہان شاہ بہت بشاشت کے ساتھ خواب سے بیدار ہوا دیکھا تو عبدالقادر
خواب شیریں کے مزے لے رہا تھا۔ اور تپ نہ تھی اسی وقت شاہ طاہر کو بلانے کو
آدمی بھیجا۔ اس وقت شاہ صاحب زمین پر سر رکھ کر خدا سے عبدالقادر کی صحت کے
لئے دعائیں کر رہے تھے۔ بے وقت طلب سے شاہ صاحب کو اندیشہ ہوا اس کے ساتھ
دوسرا آدمی پہونچا۔ اور پھر سات آٹھ آدمی اور آ گئے شاہ طاہر نے سمجھا کہ بادشاہ کو
شاید ان مکے کہنے کا رنج ہوا۔ یا عبدالقادر نے وفات پائی، اس لئے تندی کی نوبت پہنچا کر

Marfat.com

نے گردن زدنی سمجھا ہو آخر کار اہل وعیال کو وصیت کر کے دربار میں گئے۔ بادشاہ نے خلاف معمول دروازہ تک استقبال کیا۔ اور اسی وقت مذہب اثنی عشری قبول کیا[1]۔

---

[1] شیعہ اس خواب کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔ فرشتہ نے بھی تفصیل کے ساتھ یہ روایت لکھی ہے۔ لیکن آخر میں وہ لکھتا ہے کہ یہ روافض کی افسانہ تراشی ہے۔

Marfat.com

# عُلماء کا خواب

## ابن خلکان

ابن خلکان ایک دینی عالم اور فقیہ، ایک نحوی اور ادیب تھے۔ انھوں نے ۱۲۸۲ء میں وفات کی۔ اپنی کتاب وفیات الاعیان میں انھوں نے اپنے ایک خواب کا تذکرہ کیا ہے مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا وفیات الاعیان کا ایک قلمی نسخہ متحف بریطانیہ میں موجود ہے۔

ابن خلکان لکھتے ہیں "ایک مرتبہ میں نے المبرد کو خواب میں دیکھا اور اس کے ساتھ ایک نہایت تعجب انگیز معاملہ ہوا۔ اس لئے میں اسے کہنا چاہتا ہوں میں ۶۳۶ھ میں اسکندریہ کے اندر تھا۔ اور وہاں پانچ مہینے تک مقیم رہا۔ وہاں المبرد کی کتاب "کامل" اور ابن عبدربہ کی ایک تصنیف "عقد" میرے پاس تھیں۔ اور میں ان کا مطالعہ کر رہا تھا" اس کے بعد علامہ موصوف نے "عقد" اور المبرد کی ایک دوسری کتاب "روضہ" کے متضاد بیان کا تذکرہ کیا ہے جو اس کی دلچسپی کا مرکزی نقطہ تھا، اور پھر کہتا ہے "جب میں نے ان متضاد بیانات کا مطالعہ کیا اس کی چند راتیں گزرنے کے بعد میں نے ایک خواب میں دیکھا کہ میں جیسے حلب کے اندر قاضی بہاؤالدین معروف بہ شداد کے مدرسہ عالیہ میں ہوں۔ جہاں میں طالب العلمی کے زمانہ میں پہلے رہ چکا تھا۔ اور دیکھا کہ ہم لوگ وہاں ظہر کی نماز پڑھ رہے ہیں۔ جب میں اپنی نماز ادا کر چکا تو جانے کے لئے اٹھا

Marfat.com

لیکن میں نے ایک شخص کو گوشہ میں کھڑے ہو کر نماز پڑھتے دیکھا، حاضرین میں سے ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ یہ المبرد ہے۔ اس لیے میں اس کے نزدیک گیا اور نماز سے فارغ ہونے تک منتظر رہا وہ نماز سے فارغ ہو گیا تو میں نے اسے سلام علیک کہا اور کہا میں آجکل آپ کی کتاب "کامل" کا مطالعہ کر رہا ہوں وہ بولا کیا تم نے میری کتاب "روضہ" دیکھی ہے میں نے کہا "نہیں" چونکہ میں نے اس وقت تک نہیں دیکھا تھا تب اس نے کہا آؤ میں تمہیں دکھاؤں - اس لئے میں اس کے ساتھ ہو لیا اور ہم دونوں اپنے مکان پر آئے - اور اندر داخل ہوئے - میں نے بہت سی کتابیں دیکھیں - وہ ان کتابوں کے سامنے بیٹھ گیا - اور اسے (روضہ) تلاش کرنے لگا - تب اس نے ایک جلد اٹھائی اور مجھے دی - میں نے اسے کھولا اور اپنے زانو پر چھوڑ دیا - اس کے بعد میں نے کہا "یہاں آپ پر لوگوں نے کچھ اعتراض کیا ہے" اس نے دریافت کیا وہ کون سا اعتراض ہے؟ میں نے کہا "آپ نے ابو نواس کے فلاں فلاں شعر پر تنقید کی ہے" اور میں نے وہ اشعار اس کے سامنے دہرائے، اس نے کہا "یقیناً یہاں ایک غلطی ہے" میں نے کہا "نہیں وہ صحت پر تھا اور لوگوں کا خیال ہے اس پر تنقید کرنے میں آپ نے غلطی کی ہے" اس نے کہا کیسے؟ اس تب میں نے اس کے سامنے صاحب "عقد" کی رائے بیان کی، اس نے اپنی انگلی دانت سے دبائی - اور از خود رفتگی کے عالم میں جیسے گھبرا رہا ہو میری طرف تعجب سے دیکھتا رہا - وہ اسی حالت میں تھا کہ میں بیدار ہو گیا - میکڈونلڈ کہتا ہے المبرد نے ۲۸۵ھ میں وفات پائی - ابن خلکان سے تقریباً وہ چار سو برس قبل گزرا ہے -

---

Marfat.com

## ۹۸

# ابو ریحان البیرونی

ابن خلکان ایک کامل مسلم شخصیت کی نیابت کرتا ہے لیکن اگر خیال کیا جائے، کہ ایک دینی عالم اور ایک فقیہ پر وہمیت کا اثر ہو سکتا ہے، تو ابو ریحان البیرونی کا واقعہ لیجئے۔ جس نے ۴۴۰ھ/۱۰۴۸ء میں وفات کی۔ البیرونی غالباً قریب قریب اپنے زمانہ کا سب سے بڑا حکیم تھا، اس کا دماغ بالکل ناقدانہ واقع ہوا تھا، وہ ایک ہیئت دان تھا، ایک مورخ تھا اور سنجیدگی کے ساتھ رسم و رواج، مذہب و ملت کا طالبعلمانہ مطالعہ کیا کرتا تھا، تاہم اس نے خواب دیکھا جسے وہ خود اپنی کتاب "آثار الباقیہ" میں بیان کرتا ہے وہ کہتا ہے کہ میری عمر کے اکسٹھویں سال کی آخری رات تھی، میں نے خواب میں دیکھا کہ میں طلوع قمر کا مطالعہ کرنے کے لئے افق آسمان کی طرف دیکھ رہا ہوں، جہاں اس روز اسے ظاہر ہونا چاہئے تھا، میں نے ایک آواز سنی۔ "چاند کو چھوڑو، تم ایک سو نوے (۱۹۰) مرتبہ اس کے پیچھے ہو" اس نے اس کی تعبیر سمجھی کہ میں ابھی ایک سو نوے قمری مہینے تک اور زندہ رہوں گا، میکڈانلڈ کہتا ہے اس واقعہ سے اس کی مزید تائید ہوتی ہے کہ اس کی اصل زندگی اس حساب سے صرف ایک ہی مہینہ کم واقع ہوئی۔

# ناصر خسرو

مذہبی دنیا کی طرف توجہ کیجئے، تو ایسے خواب کا پتہ چلتا ہے جس کے باعث ایک شخص نے شعار ملت کے مطابق اپنی زندگی کی اصلاح کی، ناصر خسرو اپنے سفرنامہ میں خود لکھتا

Marfat.com

ہے کہ اس ذریعہ سے میں نے دنیا سے منہ موڑ لیا، وہ حکومت مرو میں "معتمد" (سکریٹری) کے عہدہ پر مامور تھا، دولت کی فراوانی اور اس کی لذت آگینیاں اسکی رفیق زندگی تھیں، وہ ظاہر کرتا ہے کہ اکتوبر ۱۰۴۵ء کو مجھے موقعہ ملا کہ میں اسرار نجوم کے مطابق اگر اس وقت دولت کے لئے خدا سے خاص دعا کروں تو مقبول ہوگی۔ بہ ظاہر کامل طور سے اس کی حالت انقلاب کی اثر پذیری سے معرا تھی، مذہب، نجوم، دنیاوی ہوس اور لذات کے مخلوط اثرات میں وہ مبتلا تھا، ایک شب اس نے خواب میں دیکھا کہ ایک صورت یوں خطاب کر رہی ہے کہ "کب تک تم شراب پیتے رہو گے جو انسان کی عقل کھو دیتی ہے اچھا ہوتا کہ تم اپنے میں آجاتے" اس نے جواب دیا "عقلمندوں نے شراب سے بڑھ کر غم غلط کرنے والی کوئی دوسری چیز نہیں پائی" اس شکل نے جواب دیا "عقل کے فقدان اور اپنی ذات پر قدرت نہ رکھنے کی گم گشتگی سے روح کو اطمینان نہیں ہوتا کوئی عقلمند آدمی کسی کو جنون کی بہنائیوں کی صلاح نہیں دے سکتا، بلکہ اس کی تلاش ضروری ہے جس سے عقل بڑھتی ہے" ۔ ناصر خسرو نے کہا "تو میں کیا کروں" اس صورت نے جواب دیا "جوینده یابنده" اور اپنی مئیت سے مکہ کی طرف اشارہ کیا۔

اس خواب نے ناصر خسرو کی زندگی بدل دی، اس کی نفسیاتی حالت میں کتنی ہی استعداد کیوں نہ آگئی ہو۔ اس کے دماغ کے پیش نظر کوئی ایسا سوال نہ تھا جس کے ماتحت اس قدر سرعت کے ساتھ اس کی زندگی انقلاب پذیر ہو جاتی، صبح کے وقت اس نے ارادہ راسخ کیا کہ تمام وہ چیزیں ترک کردے جو چالیس سال تک اس کی زندگی سے متعلق رہیں۔ اس نے سکریٹری کے عہدہ سے استعفا دیدیا، اپنی دولت

Marfat.com

شادی ۔ صرف اسی قدر رکھ لی جتنی سفر کے لئے ضروری تھی ، اور ۲۰ مارچ ۱۰۷۷ء کو گھر سے بہ ارادہ حج بیت اللہ روانہ ہوا ۔ اس کے بعد اس نے ایک مذہبی سیاح کی طرح زندگی گذاردی اور ۱۰۸۸ء میں ایک تارک الدنیا درویش کی طرح بدخشان کے پہاڑ پر مر گیا ۔

---

# امام ابوالحسن الاشعری

اسی قسم کا ایک مذہبی انقلاب علامہ ابوالحسن الاشعری کی زندگی میں بھی واقع ہوا ، امام اشعری مسلمانوں میں اشعریہ فرقہ کے بانی گزرے ہیں ۔ ان کی متکلمانہ فکر و احساس اور ان کے فقیہانہ اجتہاد و نظریات آٹھ سو برس سے اسلامی مذہب میں متداول ہیں ۔ انہوں نے معتزلی فکر و عقیدہ میں نشو و نما پائی تھی ، معتزلہ وہ ہیں جو عقلی اصول کی بنا پر انکار کرتے ہیں کہ قرآن مجید غیر مخلوق ہے یہ کہ ایمان والے لوگوں کو بہشت کے اندر خدا کی دیدار ہوگی اور یہ کہ مخلوقات کے تمام اعمال کا خالق خدا ہے ۔ عموماً ان لوگوں نے الہیات میں بحث و تحقیق کی ، اور اہل سنت والجماعۃ کی طرح انہوں نے آباو اجداد کے ایمان کا تتبع کرنا نہ چاہا ۔ جو قرآن مجید کے نظریات اور آنحضرت صلعم کے ذاتی کلمات مواعظ پر مبنی تھا ۔

امام اشعری نے معتزلہ کی طرح نشو و نما اور تربیت پائی اور چالیس برس کی عمر تک اپنے آبائی مسلک کے مطابق بحث و جدل بھی کرتے رہے ۔ میکڈانلڈ کہتا ہے کہ امام اشعری چونکہ سامی الاصل ( Semitic ) تھے ، اس لئے ان کی حیات

Marfat.com

مشاعرہ ایک سیدھے، نصیحت آمیز عقیدہ کی غماز تھی، اس لئے وہ اپنے ارباب فکر و عقیدہ کی خشک منطقیانہ سخن پردازیوں سے دل میں اکتا گئے تھے[۵] مطالعہ نتیجہ سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ وہ سمجھ رہے تھے (اگو ان کا یہ ادراک ان کی سطح شعور سے فروتر تھا،) کہ ایک خالص عقلی علم کلام بیکار ہے اور یہ کہ انسانی خیال میں اسرار کائنات کی ترجمانی نہیں ہو سکتی، گو ان کے نفس باطن میں یہ خواہش پیدا ہو رہی تھی کہ "اس طرح خدا کہتا ہے" کی بلا واسطہ صدائے سندس لین جو فراغ خاطر کا سبب ہو وہ روحانی انقلاب پذیری کے رزمگاہ میں تھے، کہ ماہ رمضان میں ایک دن جب کہ وہ عبادت

---

[۵] مغربی علما کی ستم ظریفیوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ وہ خواہ مخواہ اقوام سامیہ پر منہ آتے ہیں درآنحالیکہ یونانی اور یورپنانک قوموں کی خرافیات ان کی بصیرت و دانش کا بہت کچھ راز نمایاں کرتی ہے۔ میکڈانلڈ امام اشعری پر "سامیت" کے خیال میں عملی میدان سے گریز کرنے کا الزام لگاتے ہیں۔ رنیان نے بھی عرب اور یہود کی مثالیں پیش کرکے ساری ملل سامیہ پر ضعف و فشل کی تہمت لگائی ہے۔ سریانی عالم اسرائیل ولفنسون نے اس کا دندان شکن جواب دیا ہے اور بتایا ہے کہ ملوک بابل و آشور نے آریہ اقوام کو بہت کچھ زیر و زبر کیا ہے۔ چنانچہ حنی بال اور اس کے باپ ہملکار نے رومیوں کے چھکے چھڑا دیئے۔ اسلام کے بعد عربوں نے اپنی فتوحات سے دنیا کو لرزا دیا۔

(ملاحظہ ہو تاریخ اللغات السامیہ مطبوعہ مصر ص ۱۳)

Marfat.com

وریاضت میں منہمک تھے، خواب کے اندر ایک سروش غیبی آیا۔ میکڈانلڈ کہتا ہے یہ قصہ مختلف طریقوں سے بیان کیا جاتا ہے لیکن میں یہاں اسپیٹا کی کتاب "سیرت ابوالحسن الاشعری" سے یہ روایت نقل کرتا ہوں، جو نفسیاتی اعتبار سے زیادہ قابل توجہ ہے یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ایک معتزلی کی حیثیت سے ان کے نزدیک خواب کی کوئی اہمیت نہ تھی پھر بھی یہ تعجب انگیز امر ہے کہ ان کی فکر و احساس نے خواب کی صورت اختیار کرلی۔

آپ فرماتے ہیں "ایک دن جبکہ میں رمضان کے پہلے عشرہ میں سویا تھا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا آپ نے فرمایا" اے علی! "تم میری حدیث کی تائید کرو کیونکہ وہ صحیح ہیں" پھر جب میں بیدار ہوا مجھے نہایت مصیبت معلوم ہوئی اور میں برابر خیالات اور اندیشہ میں پڑا رہا چونکہ ان مسائل (حدیث) کے متضاد پہلوؤں کے متعلق براہین ساطعہ میرے پیش نظر تھے، آخر کار میں نے دوسرے عشرہ میں بھی ایک رات آن حضرت کو خواب میں دیکھا آپ نے فرمایا "تم نے اس کے متعلق کیا کیا جس کے بارے میں میں نے تمہیں حکم دیا تھا میں نے کہا، یا رسول اللہ میں کیا کروں، میں نے آپ کی حدیث سے ایسے ایسے مسائل استنباط کئے ہیں کے متعلق متکلمانہ استدلالات نے فتوے جو لاد دیا اور میں نے اس صحیح سند کی پیروی کی جو خالق پر مجبوری حیثیت سے منطبق ہوسکتی ہے" تب آپ نے فرمایا "میری حدیث کی تائید کرو، چونکہ وہ صحیح ہے" میں حزن و ملال کی گرانی کے ساتھ بیدار ہوا اور ارادہ کر لیا کہ متکلمانہ استدلالات ترک کردوں گا، میں نے احادیث نبی صلعم کا مطالعہ اور

Marfat.com

قرآن مجید کی تلاوت شروع کر دی۔ اس کے بعد رمضان المبارک کی ستائیسویں تاریخ آئی۔ جس رات میں میرا دستور تھا کہ میں بصرہ میں علماء، صلحا اور حفاظ کے ساتھ شبینہ پڑھا کرتا تھا۔ میں حسب دستور اس جماعت کے ساتھ تھا لیکن مجھ پر نیند کا ایسا غلبہ ہوا کہ میں قیام نہ کر سکا، اور جب میں گھر آیا سو رہا اور مجھے اس رات کے قیام اور تلاوت کے ترک ہو جانے کا سخت صدمہ تھا۔ تب میں نے آن حضرت کو خواب میں دیکھا آپ نے فرمایا "تم نے اس کے متعلق کیا کیا جس کے بارہ میں میں نے تمہیں حکم دیا تھا" میں نے کہا "میں نے متکلمانہ استدلالات ترک کر دئے اور تلاوت قرآن مجید اور آپ کے اقوال و سنن کی روایات پڑھنی شروع کی" لیکن آپ نے فرمایا "کیا میں نے حکم دیا تھا کہ متکلمانہ مباحث ترک کر دو، میں نے تمہیں صرف یہ حکم دیا تھا کہ تم میرے احادیث کی تائید کرو۔ چونکہ وہ صحیح ہیں" تب میں نے کہا "یا رسول اللہ میں کیوں کر ان مسائل کی تائید کروں۔ جن کے عناصر میں نے بو مناقشت سمجھے ہیں اور جن کا ثبوت اس تیس برس تک میں نے خواب سے زیادہ نہیں تصور کیا" آپ نے فرمایا "اگر میں یہ نہ جانتا کہ خدا تعالیٰ تم پر خاص نظر رحمت موقوف کریگا تو میں جب تک ان پیچیدہ معاملات کی توضیح نہ کر دیتا تمہارے نزدیک سے نہیں ہٹتا، اور تم میرا یہ آنا محض خواب (وخیال) تصور کرتے ہو تو مجھ پر حضرت جبرئیل کا آنا بھی خواب (وخیال) ہی تھا، اس کے بعد تم مجھے اس طریقہ سے نہ دیکھوگے، اس لئے تم اس امر میں مشغول ہو جاؤ اور خدا کی طرف سے تمہاری خاص مدد ہوگی"

تب میں خواب سے بیدار ہوا اور کہا کہ صداقت کے لئے جستجو شروع ہے۔ اس کے بعد میں نے آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ان احادیث کی تائید و تکمیل کرنی شروع کر دی جو

Marfat.com

خواب مداخلت نبوی اور رویت الٰہی کے متعلق ہیں اس کے بعد قسم خدا کی میرے دماغ میں ایسی ایسی باتیں آنا شروع ہوئیں جن کا تذکرہ نہ کبھی میرے مخالفین نے کیا تھا اور نہ جن کے مباحث میں نے کسی کتاب میں دیکھے۔ اس لیے میں نے یہ سمجھا کہ یہ وہی تائید الٰہی ہے جس کے متعلق ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی تھی "

اس خواب کو نقل کر کے میکڈ انلڈ لکھتا ہے کہ امام اشعری نے ہم پر یہ خواب دیکھا اس کے متعلق شبہ نہیں۔ کیونکہ اس کے بعد ان کی زندگی میں انقلاب رونما ہوا اور وہ معتزلی عقائد ترک کر کے اہل سنت والجماعۃ میں داخل ہو گئے۔ امام اشعری اپنے ساتھ علم کلام بھی ساتھ لائے۔ جس کا وجود صرف معتزلہ کی جماعت میں تھا، امام اشعری کے قبل اہل سنت والجماعۃ میں متکلمانہ ذوق مفقود تھا، یہ اسلام کی مذہبی تاریخ کا ایک انقلابی دور تھا، اس وقت سے اہل سنت والجماعۃ نے اپنے عقائد کی تائید میں صرف احادیث ہی سے مدد نہیں لی، بلکہ اس میں قیاس ورائے بھی شامل کر لیا یہ واقعہ تیسری صدی ہجری میں حادث ہوا[1]۔

---

[1] ملاحظہ ہو میکڈانلڈ کی کتاب "RELIGIOUS ATTITUDE AND LIFE IN ISLAM" (باب، سامی قوم اور غیر مرئیات ص ۲۰۔)

# مرزا سرخوش کو بشارت

مرزا افضل سرخوش عہد عالمگیری کے مشہور ادیب و شاعر تھے۔ مرزا بیدل میر معز فطرت شاہ ماھر ناصر علی وغیرہ کی گرم صحبتیں دیکھے ہوئے تھے، انھوں نے ایک مختصر سا تذکرہ شعرا مرتب کیا تھا گویا یہ تذکرہ ایک بیاض کی حیثیت رکھتا ہے جس میں عہد جہانگیری سے دور عالمگیری تک شعرا کا انتخاب کلام درج ہے بعض شعرا کے مجمل سوانح زندگی بھی مرقوم ہیں۔ مرزا صاحب نے مرزا خلیل کے سلسلے میں اپنا ایک خواب لکھا ہے فرماتے ہیں :-

شبے فقیر در خواب می بیند کہ مردے بزرگ عصا در دست گرفتہ استادہ است مرزا خلیل مذکور فقیر را ملازمت می کناند و می گوید کہ حضرت سلامت مرزا سرخوش شاعر من از مرزا می پرسم کہ این کدام بزرگ است می گوید کہ مرتضیٰ علی است من دویدہ سر در قدم مبارکش می گذارم دست برپشت من زدہ سر مرا بر داشتہ فرمود کہ سرخوش بگو نورشاہ در عبد توکے نخواہد فقیر مدتے در تردد بود کہ قول شاہ ولایت چنین است حالانکہ بمچون من در عہد من اکثر اند ہستند مرزا محمد کلہر کہ از اہل اللہ بود گفت توہم شاعری ہم فراغت صاحب وسعت کماے قرنہا باید [1]

مرزا بیدل نے بھی کہا کہ شاعری عبادت ہے سنہ من پیدا کرنے سے تمہارے مثل صاحب تلاش

---

[1] کلمات الشعرا (سرخوش) مرتبہ ایک پیمانہ تیمور ضیاء بندبیت (گیا) بہار نمبر ۲ میں شائع ہوچکا ہے

Marfat.com

معنی یاب اس عہد میں نہیں ہے۔ آج سے تقریباً سترہ اٹھارہ سال پہلے میں نے بھی اسی طرح کا ایک خواب دیکھا تھا یہ وہ زمانہ تھا جب کہ میرے والد مرحوم کا انتقال ہو گیا تھا اور میری تعلیم کا کوئی بندوبست نہ تھا۔ ایک خواب کے سلسلہ میں دیکھتا ہوں کہ بازار کے موڑ پر ایک زیر تعمیر عمارت میں آٹھ دس بزرگ صف بستہ بیٹھے ہوئے ہیں یہ لوگ قوی الجثہ نورانی صورت بڑی بڑی عبائیں پہنے تھے۔ میں نے بے اختیارانہ ایک بزرگ کے ہاتھوں کو بوسہ دینا شروع کیا یہ بزرگ شروع صف میں بیٹھے تھے انہوں نے شفقت کیساتھ میرا سر جھکایا اور پیٹھ پر ہاتھ مار کر کہا کہ "خوب پڑھے گا"

---

مسطورہ بالا خوابوں کی بنا پر ہم کو آر۔ پی۔ فیشر کا یہ نظریہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ داخلی احساسات اور تاثرات اور ولولے عالم خواب میں ظاہر ہوتے ہیں جو شخص جس خیال اور جس ماحول میں ہے اسی کے موافق وہ خواب بھی دیکھتا ہے۔ خواجہ بختیار کاکی کے مرید شیخ احمد بلند مرتبہ صوفی تھے۔ آپ نے ذکر وشغل کا خواب دیکھا یوسف عادل شاہ کو بعض مورخین آل عثمان اور امیر زادہ بتاتے ہیں بعض نے اس کو چرکسی غلام لکھا ہے اگر اول الذکر روایت کو صحیح مانا جائے تو بقول فیشر ایک شاہی خاندان کا فرد اپنے زوال کے بعد اس قسم کا خواب دیکھ سکتا ہے اور اگر واقعۃً وہ چرکسی غلام کی حیثیت سے بہمنی دربار میں بکا تھا تو کم از کم اس سے اس کے باطنی رجحان کا پتہ چلتا ہے اور یہ خواب ڈاکٹر ابراہم کے کلیہ رابعہ سے مل جاتا ہے جس میں اس نے بتایا ہے کہ کوئی مرکزی شوق یا دماغی جذبہ خواب میں ظاہر ہوتا ہے اور وہ کسی فطری واقعہ کی اور ذات

کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے ایک انگریز کا خواب لکھا ہے جو جبل اللہ کے خارجی و داخلی شوق دید سے متعلق تھا بالآخر اسی خواب نے واقعہ کی صورت اختیار کر لی اور وہ انگریز حقیقتاً جبل اللہ کے داخلی حصہ کا مشاہدہ کرنے کے لئے زمانہ کے اندر چلا گیا جو تاریخ کا ایک عجیب و غریب واقعہ ہے۔ اسی طرح البیرونی منجم و ریاضی دان تھا اس نے ایک ایسا خواب دیکھا جو نجوم و حساب سے تعلق رکھتا تھا۔ قاضی ابن خلکان شافعیہ کے زبردست فقیہ بھی تھے اور زبان عربی کے بلند پایہ ادیب بھی، وفیات الاعیان سے ان کی ادبیت و تاریخ دانی کا حال واضح ہوتا ہے انہوں نے اپنے خواب میں ایک معرکۃ الآرا ادبی تنقید دیکھی انسائیکلو پیڈیا برٹینیکا کا مقالہ نگار ایسکو ALTAR EGO بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ خواب کے اندر بعض اوقات بیداری کی بہ نسبت ہماری قوت مدرکہ بہت بلند سطح پر پہنچ جاتی ہے۔

Marfat.com

# عزیزوں اور بزرگوں کی موت!

مشکل سے کوئی ایسا شخص ملیگا جس نے خواب میں اپنے کسی عزیز یا بزرگ کی موت کا المناک نظارہ نہ کیا ہو۔ اور اس پر آنسو کے قطرے نہ بہائے ہوں، کیا یہ بھی ہماری آرزو کی تکمیل ہے؟ ڈاکٹر فرائیڈ کہتا ہے کہ "ہاں" مگر یہ ضروری نہیں کہ ہماری یہ آرزو "اب" بھی ہمارے دل میں باقی رہی ہو۔ ممکن ہے کہ زندگی میں کبھی ہم نے ایسی آرزو کی ہو اور وہ اب پوری ہو رہی ہو۔ لاک کا خیال ہے کہ جو بات ایک مرتبہ ذہن میں آجاتی ہے وہ ذہن سے ہمیشہ کے لئے دور نہیں ہو سکتی، ممکن ہے، فکر و آلام کے سبب یہ بات ذہن میں دب کر رہ جائے۔ لیکن رہے گی ضرور اور محفوظ طریقہ سے رہے گی۔ اس کے نقوش ہماری نفسی زندگی کی مساعدت سے خواب میں ابھریں گے۔ اور اس طریقہ سے یہ دیرینہ آرزو پوری ہو کر رہے گی۔ خواہ تکمیل کے وقت زمانہ نے اس آرزو کو میرے لئے ایک فاجعہ جانگسل ہی کیوں نہ بنا دیا ہو، یہی وجہ ہے کہ ہم خواب میں اپنی عزیز ترین ہستیوں کی موت کا نظارہ کرتے ہیں ڈاکٹر فرائیڈ لکھتا ہے،" اچھا تم بچوں کو دیکھیں انہیں بھائیوں اور بہنوں کے باہمی تعلقات کیسے ہوتے ہیں کوئی وجہ نہیں کہ ہم اس کو نیل سے خوش گوار سمجھ لیں، جب کہ بڑے ہو کر بھائیوں اور بہنوں کی عداوت ہماری روزانہ زندگی کا مشاہدہ ہے، بات یہ ہے کہ اس عداوت کی بیج بچپن ہی میں بویا جاتا ہے!

Marfat.com

اور ہمیشہ اس کا وجود رہتا ہے، بہت سے ایسے آدمی ہوں گے جو اس وقت سیانے ہو کر اپنے بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ محبت والفت کے ساتھ بسر کرتے ہوں، وہ عہد طفولیت میں باہم مسلسل عناد و نزاع رکھتے ہوں گے، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ایک بڑا بچہ اپنے چھوٹے بھائی یا بہن کے ساتھ برا سلوک کرتا ہے ان کو مار پیٹ کرتا ہے، اور ان کے کھلونے چھین لیتا ہے، چھوٹے بچے کے اندر بے بسی کا غضب بھڑکتا رہتا ہے، وہ دشمنی کرنے لگتا ہے۔ اس سے ڈرتا ہے اور پہلی مرتبہ اس کے اندر اپنے ظالم بھائی کی بے انصافی اور بے راہروی کا احساس ہوتا ہے والدین کہتے ہیں کہ بچوں کی آپس میں نبھتی نہیں ہے، اور وہ اس کا سبب نہیں پاتے۔

یہ دیکھنا مشکل نہیں کہ ایک عمدہ تربیت یافتہ بچہ کی عادت بھی ویسی نہیں رہتی جیسا کہ ہم سیانوں میں، دیکھنا چاہتے ہیں بچوں کے اندر انانیت کا احساس زبردست ہوتا ہے۔ وہ اپنی ضرورتوں کا گہرا احساس رکھتے ہیں اور شرم وحیا کو بالائے طاق رکھکر ان کو پوری کر لیتے ہیں بالخصوص اپنے حریفوں یعنی دوسرے اطفال اور پہلی مرتبہ اپنے بھائیوں اور بہنوں کے مقابلہ میں ایسا کرنے پر ہم لوگ بچہ کو بدکردار نہیں کہتے، بلکہ شریر کہتے ہیں، وہ اپنے حرکات کے لئے ہمارے انصاف یا قانون تعزیر کی نظر میں مکلف نہیں ہے، اور حق بھی یہی ہے۔

بہت سے بھائی بہن جن کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ ایک دوسرے کی موت پہ جان بر نہیں ہو سکتے۔ ہی ابتدائی عہد سے ایک دوسرے کے خلاف بری آرزوئیں رکھتے ہیں، یہ آرزوئیں غیر شعوری ہوتی ہیں۔ اور خواب میں ان کا صحیح ادراک

Marfat.com

ہو سکتا ہے۔ تین برس تک کے چھوٹے بچوں کا رویہ اپنے بھائیوں اور بہنوں کے مقابلہ میں خصوصیت کے ساتھ دلچسپ ہے۔

فرائیڈ بہت اہمیت کے ساتھ یہ رائے پیش کرتا ہے کہ ایک بچہ اچھی طرح سے سمجھتا ہے کہ ایک نئے بچے کا پیدا ہونا اس کے مقاصد کے کس قدر خلاف ہے یہی وجہ ہے کہ بچے چاہتے ہیں کہ وہ والدین کے تنہا مرکز توجہ رہیں اور اپنا شریک نہیں چاہتے، کیونکہ والدین نئے بچے کے ساتھ زیادہ دلچسپی لینے لگتے ہیں۔ جب ایک بچہ نومولود کی ولادت کے باعث والدین کی توجہ اور محبت کا تنہا مرکز نہیں رہتا۔ تو اس کے دل میں نومولود کے خلاف شورش پیدا ہوتی ہے۔ اور وہ چاہتا ہے کہ یہ سنگ راہ جلد دور ہو۔ اور وہ پھر والدین کا اسیطرح عزیز اور لاڈلا بنجائے، انسان کے عہد طفولیت کی یہی آرزو کسی وقت پوری ہوتی ہے اور وہ عزیزوں کی موت کا خواب دیکھتا ہے۔

فرائیڈ جب اپنا یہ نظریہ بیان کر رہا تھا تو ایک خاتون نے کہا کہ میں نے آج تک ایسا کوئی خواب نہیں دیکھا، اس کو سخت تعجب آیا آخرکار خاتون نے ایک خواب بیان کیا جس کو بظاہر اس نظریے سے کوئی سروکار نہ تھا لیکن فرائیڈ نے اس کی تشریح کی تو اس کے خیال کی توثیق ہو گئی اس نے کہا کہ جب وہ چار سال کی تھی اور گھر میں سب سے چھوٹی بچی تھی تو اس نے ایک خواب دیکھا اور اس کے بعد پیاپے یہی خواب دیکھا، "بہت سے بچے جن میں کل اس کے حقیقی بھائی اور بہنیں اور چچا زاد بھائی اور بہنیں تھیں ایک چمن میں کھیل کود رہے ہیں۔ یکایک سب کو پر لگ گئے اور وہ اڑ کر روانہ ہوئے"، خاتون نے خواب کا مطلب نہیں سمجھا لیکن فرائیڈ کہتا ہے، ہم لوگوں

Marfat.com

کے لئے یہ سمجھنا وقت طلب بات ہئین، یہ خواب اصل روپ مین بھائیون اور بہنون کی موت کا نظارہ ہے۔ خاتون کے بڑے بھائیون مین سے ایک مرجاتا ہے وہ بھی ایک عقلمند سیانے آدمی سے دریافت کرتی ہے کہ "بچے جب مرجاتے ہین تو ان کا کیا حشر ہوتا ہے" عاقل آدمی جواب دیتا ہے بچہ کو پر لگ جاتے ہین اور وہ فرشتہ ہوجاتا ہے" خاتون کا مقصد پورا ہوگیا وہ اپنے سارے بھائیون اور بہنون کو فرشتہ بناکر تنہا مرکز توجہ بننا چاہتی ہے۔

اسیطرح انسان عہد طفولیت مین اپنے مان باپ کی جدائی چاہتا ہے۔ مثال کے لئے یون سمجھئے کہ ایک شخص سفر مین جاتا ہے اور چھوٹا بچہ اپنی مان کی آغوش مین خواب شیرین کے مزے لیا کرتا ہے اور مان بھی ہنسکر اس سے دل بہلایا کرتی ہے۔ باپ سفر سے واپس آجاتا ہے اور عورت اپنے شوہر کی خدمات انجام دینے کے لئے بچہ کو انا کے حوالہ کرتی ہے بچہ انا سے اس قدر مانوس نہین ہے قدرتی طور پر ایک بچہ کی یہ خواہش ہوگی کہ باپ سفر ہی مین رہا کرے، تاکہ وہ اپنی مان کی آغوش مین پڑا رہے اسیطرح کے اور واقعات ہماری خانگی زندگی مین ظہور پذیر ہوتے رہتے ہین جن کے باعث بچون کے دل مین مان باپ سے جدا ہوجانے یا ان کے کہین چلے جانے کی خواہش پیدا ہوجاتی ہے۔ چونکہ موت اس جدائی کو دائمی بنا دیتی ہے اس لئے انسان مان باپ کو خواب مین مردہ دیکھتا ہے۔

---

Marfat.com

# عریانی تن

اس مسئلہ پر یونان کے قدیم مشہور شاعر ہومر نے بھی اپنی رزمیہ مثنوی میں روشنی ڈالی ہے۔ "آڈلیسیس کھڑا ہوا ہے، نوسیکہ اور اس کی سہیلیاں اس کے سامنے ہیں۔ وہ خود عریاں ہے، اور کیچڑ سے لدا ہوا ہے۔ جی کیلر اس کے متعلق کہتا ہے جب تم اپنے مکان اور ہر اس چیز سے جو تم کو عزیز ہو جدا ہو جاؤ اور ایک اجنبی ملک میں مارے مارے پھرو، جب تم نے بہت سی چیزیں دیکھیں بہت سے تجربات حاصل کئے، جب تم قسم قسم کی پریشانیوں اور غم میں گھرے ہوگے۔ اور مصیبت زدہ اور مایوس ہوگے تو تعلی طور پر کسی رات کو خواب میں دیکھو گے کہ تم اپنے وطن میں ہو اپنا مکان تم کو بہت درخشاں اور خوشنما رنگوں میں رنگا ہوا معلوم ہوگا، خوبرو، نازک اندام اور پیاری صورتیں تمہاری ملاقات کو آئیں گی۔ اور یکایک تم کو معلوم ہوگا کہ تمہارے بدن پر چیتھڑے ہیں تم عریاں اور گرد و غبار میں آلودہ ہو ایک مجہول احساس شرم و خوف تم پر طاری ہوگا تم اپنے تن کو ڈھانکنے اور خود کو چھپانے کی خواہش کروگے اور اس کے بعد تمہاری نیند کھل جائیگی اور تم پسینہ میں شرابور ہوگے،

جب تک دنیا میں انسان آباد ہیں فکر و آلام سے دبے ہوئے، اور قسمت کے ستائے ہوئے آدمی ایسا ہی خواب دیکھیں گے، عقلا ہومر نے غالباً اسی نظریہ کے ماتحت لکھا ہے۔ اور کس قدر پر اثر انداز میں کہا ہے۔

Marfat.com

جب مجنون نے تجرد کی ویجویستی میں اپنے وطن کو چھوڑ دیا

تمہارا ذہان عریانی میں پنہانی تن کو چھوڑ دیا ٭ ٭

وطن سے دور، جب خواب میں انسان "پنہانی تن" کا پابند نہیں تو پھر بیداری میں جس پر بے خوابش مسلط ہو اس کو عریانی کی کیا پروا؟ ہومر نے اڈیسیس کا جو منظر کھینچا ہے وہ انسان کی ابدی خصوصیت کی انتہائی گہرائیوں کے مطالعہ کا نتیجہ ہے۔ ہمارا بہاری شاعر عطا بھی سرشت انسانی کی اس خصوصیت سے ناواقف نہ تھا۔

---

# فراموشی خواب

یہ جملہ کہ خواب صبح کے وقت غائب ہو جاتا ہے، ضرب المثل بنگیا ہے، لیکن یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اس کو یاد رکھا جا سکتا ہے، کیونکہ بیدار ہو جانے کے بعد دہرا لینے سے ہم خواب کو جان لیتے ہیں، فرویڈ کا یہ نظریہ مشہور فرانسیسی فلسفی ہنری برگسان کی اس رائے سے مل جاتا ہے کہ خواب دیکھنے والا بستر پر آنکھ بند کئے ہوئے، خواب کو دہرائے تو وہ خواب حافظہ سے غائب نہ ہوگا۔ برگسان کی یہ رائے امریکن نفسی پروفیسر لیڈ (LADD) کے عقیدہ سے مستفاد ہے، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ہم سمجھتے ہیں کہ خواب کو ہم نامکمل طریقہ سے یاد رکھ سکتے ہیں اور یہ کہ رات کے وقت خواب طویل تھا، ہم دیکھتے ہیں کہ خواب جو صبح کے وقت بھی اچھی طرح یاد تھا، دن

Marfat.com

ہوتے ہی فراموش ہونے لگتا ہے یہاں تک کہ بعض چند عناصر پریشان یاد رہ جاتے ہیں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ہم لوگ خواب دیکھتے ہیں لیکن یہ نہیں کہہ سکتے کہ کیا دیکھا اس کے برخلاف بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ خواب حافظہ میں ایک غیر معمولی جاگزینی دکھاتا ہے۔

فرائیڈ کہتا ہے میں نے اپنے بعض مریضوں کے ایسے خواب کی تشریح کی ہے جو انہوں نے پچیس ۲۵ سال یا اس سے بھی قبل دیکھا تھا۔ اسیطرح میں نے ایک خواب دیکھا تھا جس کو آج تیس سال کا عرصہ گزرا لیکن وہ ہنوز روز اول کی طرح میرے دماغ میں تازہ ہے، مگر یہ مستثنیات میں سے ہیں۔ اور موجودہ صورت میں ناقابل فہم ہیں۔

اسٹرومپیل نے خواب کی فراموشی کے مسئلہ پر بڑی وضاحت کے ساتھ روشنی ڈالی ہے، بظاہر یہ فراموشی ایک پیچیدہ مظہر ہے۔ چونکہ اسٹرومپیل کسی یگانہ علت کے تحت اسکی تشریح نہیں کرتا ہے بلکہ بہت سے علل پیش کرتا ہے۔

جب ہم بیدار ہوجاتے ہیں تو احساسات اور مدرکات کی ایک بڑی تعداد بھول جاتے ہیں۔ چونکہ یہ بہت کمزور رہتے ہیں ان میں حسی جذبی کا قلیل سا شائبہ رہتا ہے بہتیرے نقوش خواب کا بھی یہی حال ہے ہم ان کو اس لئے فراموش کر جاتے ہیں چونکہ وہ بہت کمزور ہوتے ہیں۔ اور اس سلسلہ کے قوی عناصر یاد رہ جاتے ہیں لیکن شدت کا مسئلہ خواب کی حفاظت کے لئے کلیہ نہیں ہوسکتا، اسٹرومپیل اور دوسرے مصنفین جیسے کیلکنس نے بتایا ہے کہ اکثر ایسے نقوش خواب جو بہت صاف رہتے ہیں وہ بھی فراموش ہوجاتے ہیں اس کے برعکس بہتیرے ایسے خواب جو ہلکی اور دھندلے ہوتے

Marfat.com

ہیں۔ حافظہ میں برقرار رہتے ہیں اس کے علاوہ بیداری میں انسان ایسی بات جو ایک ہی بار واقع ہوئی ہو بھول جاتا ہے اور بار بار واقع ہونے والے امور کو یاد کر لیتا ہے،

لیکن بہتیرے نقوش خواب ایک ہی بار کے تجربوں کا نتیجہ ہوتے ہیں اور یہی خصوصیت ہے کہ ہم سارے خواب فراموش کر جاتے ہیں ایک تیسری اہم بات بھی ہے جس کے باعث خواب بھلا جاتا ہے۔ اس لئے کہ احساسات مضرات، خیالات اور اسی قسم کی چیزیں حافظہ میں ایک خاص حیثیت سے جاگزین ہو جائیں یہ ضروری ہے کہ وہ منتشر اور پریشان نہ ہوں۔ بلکہ ان کو ایک مناسب قسم کے ربط اور سلسلہ کے ساتھ وابستہ رکھنا ہوگا۔ اگر ایک چھوٹے سے شعر کے الفاظ کو گڈمڈ کر دیا جائے تو ان کو یاد کرنا مشکل ہوگا جب یہ اچھی طرح سے ایک مناسب سلسلہ میں مربوط ہو جائیں گے تو ایک لفظ دوسرے لفظ کی مدد کریگا اور کل مجموعہ پوری طرح سے حافظہ میں ضبط ہو جاتا ہے۔

متضاد چیزیں حافظہ میں اسی دقت اور ندرت کے ساتھ محفوظ رہ سکتی ہیں جس طرح پریشان اور غیر منظم چیزیں۔ اب خواب بہتیری صورتوں میں حواس اور ترتیب کا حاجتمند ہے خواب کے اجزائے ترکیبی اپنی خصوصیت کے اعتبار سے ناقابل یادداشت ہیں کیونکہ عموماً تھوڑے وقفہ کے بعد وہ گڈمڈ ہو جاتے ہیں یقیناً یہ نتائج ریڈاسٹاک کے اس مشاہدہ کے بالکل موافق نہیں۔ کہ ہم حافظہ میں ایسے ہی خواب محفوظ رکھ سکتے ہیں جو بہت الوکھے ہیں۔

اسٹرومپل کے خیال کے مطابق نقوش خواب ہماری حیات نفسی کی خاک سے ابھرتے ہیں۔ اور آسمان میں چادر سحاب کی طرح مکان نفسی میں رواں دواں ہو جاتے ہیں

Marfat.com

لیکن جسطرح چادر سحاب ہوا کے جھونکے کی تحمل نہیں - اسیطرح بیداری کی ایک سانس سے یہ نفسی عالم ختم ہو جاتا ہے اس خیال کی تائید اس مشاہدہ سے بھی ہوتی ہے کہ بیداری کے وقت توجہ پر "عالم ہوش باطنی" (INRUSHING SENSORY WORLD) کا قبضہ ہو جاتا ہے اور صرف چند نقوش خواب اس وقت کا مقابلہ کر سکتے ہیں جس طرح صبح کے وقت آفتاب کی روشنی میں ستارونکی ضیا باریاں ماند پڑ جاتی ہیں اسیطرح یہ خواب بھی عالم بیداری کی حیات شارہ میں ناپید ہو جاتے ہیں -

آخری وجہ خواب کے یاد نہ رہنے کی یہ بھی ہے کہ لوگ اپنے خواب سے زیادہ دلچسپی نہیں لیتے - اگر کوئی شخص کسیوقت خواب سے خاص دلچسپی لینے لگے تو وہ غیر دلچسپی کے زمانہ سے زیادہ اس وقت خواب دیکھیگا یعنی وہ اپنے خوابوں کو زیادہ آسانی کے ساتھ یاد رکھیگا -

بونا ٹیلی کا خیال ہے کہ ہمارا احساس عالم بیداری میں وہ نہیں رہتا جو عالم خواب میں ہوتا ہے اسی تغیر کے باعث بیداری اور نیند کی پیداوارون میں تناسب اور ربط نہیں رہتا - خواب میں سامان نمود ایک مختلف نظم کے ماتحت کارفرما ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہمارا شعور بیدار خواب کا ترجمہ نہیں کر سکتا - ریڈ اسٹاک اور ٹیبی کا خیال ہے کہ رات کا خواب ہم دن میں فراموش کر جاتے ہیں لیکن دن کے کسی ایسے واقعہ کا ادراک کرنے کے بعد جو مجموعہ خواب سے کسی قسم کا ربط رکھتا ہو خواب یاد آجاتا ہے - یہی ڈاکٹر ابرکرامبی نے بھی بعض مثالون کے ذریعہ ثابت کیا ہے اور مینوخواب کے

Marfat.com

یاد رہنے اور بھول جانے کے متعلق جو علتیں اسٹرومپل وغیرہ نے دی ہیں وہ ایک نکتہ سنج نقاد کے لئے قابل جرح ہیں ایک شخص سوال کر سکتا ہے کہ جب ہمارا حافظہ خواب کا اس قدر حصہ واگزاشت کر دیتا ہے۔ تو کیا اس کے ضبط کردہ واقعات افترا پردازیوں کا نتیجہ نہیں ہو سکتے؟ اسٹرومپل خواب کی صحیح ترجمانی کے اس مسئلہ پر کہتا ہے کہ "آسانی کے ساتھ ہمارا شعور عاملہ خواب کے دہرانے میں بہتیری خارجی باتیں بلا ارادہ ملا دیتا ہے ایک شخص خیال کر سکتا ہے۔ کہ اس نے وہ چیز بھی خواب میں دیکھی ہے، جو حقیقتہً خواب میں اس نے نہیں دیکھی"۔

جیسن کا فیصلہ ہے کہ غیر شعوری یا غیر ارادی طور پر ہم نقوش خواب کے غیر مربوط عناصر میں ربط پیدا کر دیتے ہیں۔ شاذ و نادر ایسا ہوتا ہے بلکہ ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ ایک خواب اس قدر مربوط ہو سکے جتنا حافظہ میں رہتا ہے، بہت بڑا صداقت پسند آدمی بھی مشکل سے کوئی ایسا خواب بیان کر سکتا ہے جس میں اس نے پیچیدگی یا رنگ آمیزی نہ کی ہو انسانی دماغ کا رجحان ہی یہ ہے کہ وہ ہر چیز کا ادراک ایک مسلسل اور مربوط صورت میں کرتا ہے اور یہ رجحان اس قدر وسیع ہے کہ اگر خواب غیر مربوط صورت میں یاد رہا ہے تو دماغ بلا سمجھے بوجھے ربط و تسلسل کی کڑ دریاں دور کر دیتا ہے۔ اسی مسئلہ میں ایک جرمنی عالم "دی ایگرز" کا خیال بھی جیسن کا ترجمہ معلوم ہوتا ہے۔

فرائیڈ نے اس مسئلہ پر بڑی وضاحت سے بحث کر کے بتایا ہے کہ خواب کے بھول جانے کے متعلق تمام مفکرین کے آرا و افکار قابل تنقید ہیں اس نے ثابت کیا ہے کہ

Marfat.com

خواب انسان بہ ظاہر بھول جاتا ہے لیکن یاد آ سکتا ہے اگر تشریح کرنے والا عقل سلیم سے کام لے چنانچہ خود اس نے بعض لوگوں کے کئی کئی دنوں کے فراموش شدہ خواب یاد دلائے۔

اس سلسلہ میں یہ بے محل نہیں اگر برگسان اور ابرکرامبی کے ان مباحث پر ایک تفصیلی روشنی ڈالی جائے۔ جو انہوں نے حافظہ اور اس کے وظائف وعواطف پر کئے ہیں ۔ تکوین خواب کے مسئلہ میں حافظہ کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہے بیداری کے عالم میں بھی غیر شعوری طور پر ایسے مناظر ہماری آنکھوں سے گزرتے ہیں جن پر ہم توجہ نہیں کرتے ۔ لیکن یہ مناظر ہمارے حافظہ میں مرتسم ہو جاتے ہیں۔ عالم بیداری میں ان مناظر کی یاد بھی بظاہر ہمارے دماغ سے محو ہو جاتی ہے ۔

لیکن خواب ان بھولی بسری باتوں ، ان محو شدہ نقشوں ، اور ان غیر شعوری ارتسامات کو پھر بروئے کار لاتا ہے ۔ ہنری برگسان نے اس مسئلہ پر طویل فلسفیانہ بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ ہمارا مواد خواب بالکل ہیولیٰ ہوتا ہے ۔

لیکن یہ حافظہ کا کام ہے کہ اس ہیولیٰ میں مناظر اور صورتوں کی تعیین وتخصیص کرے ، مواد خواب میں بذات خود صورتوں کی تشکیل کرنے کی قوت نہیں رہتی ، عالم خواب میں ہمارے ادراک حسی کے اندر بیداری کی بہ نسبت زیادہ وسعت ہو جاتی ہے برگسان لکھتا ہے

"جب ہم طبعی طور پر سوئے رہتے ہیں تو یہ یقین کرنا لازمی نہیں کہ ہماری حسیات تماثرات خارجی سے بند ہو جاتی ہیں ۔ بلکہ ہماری حسیات اپنا سلسلہ عمل جاری رکھتی ہیں یہ صحیح ہے کہ ان کے اس عمل میں صحت ودرستی کم ہوتی ہے لیکن اس کی تلافی وہ یوں کر دیتی ہیں کہ بہت سے ایسے فاعلی اثرات قبول کرتی ہیں جن کا ہم عالم بیداری میں ادراک نہیں کرتے

Marfat.com

کیونکہ بیداری کے عالم میں ہماری دنیائے مدرکات مشترک ہوتی ہے یہی مدرکات خواب میں ظاہر ہوتے ہیں جب کہ ہم اپنی ہی ہستی کے زیر اثر ہوتے ہیں۔ اس میں کسی غیر کی شرکت نہیں ہوتی۔ اس لئے خواب کے اندر ہمارا ادراک حسی تمام نقطہ ہائے خیال کے ماتحت تنگ نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کے برعکس کم از کم بعض جہات میں اس کے اعمال کے اندر وسعت اور کشادگی پیدا ہو جاتی ہے ہاں یہ بات ضروری ہے کہ وسعت کے اعتبار سے اس میں اضافہ ہوتا ہے لیکن قوت اور نماؤ کے اعتبار سے اس میں کمی ہوتی ہے کیونکہ اس وقت یہ ادراک حسی خیالات کا صرف ایک ہیولیٰ پیش کرتا ہے یہی خیالات خواب کے مواد ہیں لیکن یہ صرف مواد ہیں شکل وصورت اختیار کرنا ان کے بس میں نہیں خواب میں جس شئے کا خاص وظیفہ عمل ہوتا ہے وہ مختلف "داعیہائے رنگین" ہیں مثلاً خواب میں ایک منظر بعید پر چند سیاہ خطوط نظر آئیں خواب دیکھنے والے کی نظروں میں یہی خطوط ایک کتاب کا ورق یا ایک جدید مکان کا خاکہ یا بہتیری کوئی دوسری شئے بن جا سکتے ہیں، ان اشیا کا انتخاب کون کرتا ہے؟ موادِ خواب تو محض ہیولیٰ کی حیثیت رکھتا ہے یہ تخصیص اور تعیین تو کر نہیں سکتا اب شکل کا تعین کرنا ہمارے حافظہ کا کام ہے"۔

"موی حیثیت سے خواب کسی شئے کی تخلیق نہیں کرتا بیشک ایسی مثالیں ملتی ہیں کہ خواب کے ذریعہ فنی، ادبی اور علمی پیداواریں ہوئی ہیں یہاں پر مناسب ہے کہ اٹھارہویں صدی کے ایک مشہور بربط نواز "تارتینی" کی ایک "غنا" کی ایجاد کا واقعہ بیان کیا جائے۔ وہ ایک راگنی ایجاد کرنا چاہتا تھا لیکن اس کو کامیابی نہ ہوئی، وہ سو گیا۔ نیند میں دیکھا کہ شیطان آیا اور اس نے اس کا بربط لیکر ماہرانہ حیثیت سے وہ مطلوبہ راگنی سنادی

Marfat.com

جب وہ بیدار ہوا تو اس نے حافظہ کی مدد سے اس کو لکھ لیا یہ راگنی "غنائے شیطان" کے نام سے ہم تک پہونچی ہے لیکن یہ واقعہ اس قدر بعید زمانہ سے تعلق رکھتا ہے کہ ہم افسانہ اور تاریخ میں امتیاز نہیں کر سکتے - ہم لوگوں کو چاہئے کہ کسی ایسے ذاتی مطالعہ سے کام لیں جس میں ثقاہت ہو اس سلسلہ میں ہمارا معاصر انگریز ناول نگار اسٹیونسن اپنے ایک دلچسپ مضمون "خواب کا ایک باب" کے اندر لکھتا ہے کہ کس طرح اس کے ابتدائی قصے خواب کی پیداوار ہیں یا کم از کم خواب کے اندر اس نے ان کا خاکہ درست کیا غور کے ساتھ یہ باب پڑھئے آپ دیکھیں گے کہ اسٹیونسن کی زندگی میں ایک زمانہ گذرا ہے کہ اس پر ایک ایسی نفسی کیفیت مسلط رہتی تھی کہ اس کو بیداری یا نیند کہنا مشکل ہے یہ ہم کو سچ معلوم ہوتا ہے جب دماغ کوئی شئے تخلیق کرتا ہے یعنی نظام دماغی کے تحت ایک خاص تنظیم اور ایک خاص سعی کی ضرورت ہوتی ہے جب ہم تصور کی مدد سے کوئی زندہ کارنامہ پیش کریں گے، جب ہم کوئی مسئلہ حل کرنا چاہیں تو یہ لازمی ہے کہ حقیقۃً ہم سوئے نہ ہوں، کم از کم اتنا تو ضرور ہے کہ ہمارے جسم کے جو حصے محنت کرتے ہوتے ہیں وہ اس وقت ہرگز سوئے نہیں رہتے - نیند میں جب کہ ہماری پوری شخصیت جذب ہو جاتی ہے یہ صرف ہماری یاد کا کام ہے کہ وہ ہمارے خوابوں کی تکوین کرتی ہے لیکن اکثر ہم ان سے واقف نہیں رہتے، ہماری یہ یاد بہت قدیم ہو سکتی ہے جس کو ہم عالم بیداری میں فراموش کر گئے ہوں- بہت ممکن ہے یہ یاد ان اشیاء سے متعلق ہو جو ہمارے حافظہ میں غیر شعوری یا سطحی طور پر مرتسم ہو گئے ہوں " اب آگے حافظہ کی ماہیت اور وظائف پر کسیقدر مفصل بحث کی جائے "

---

Marfat.com

# قوتِ حافظہ کے خواص اور انکا مظاہرہ

حافظہ کے ذریعہ ہم لوگ واقعات و حوادث کا نقش محفوظ رکھتے ہیں۔ اعادہ (-RE
COLLECTION) کے ذریعہ دماغ میں ان کو سعی ارادی کے تحت دوبارہ جمع کرتے ہیں۔
اسیطرح خیال (CONCEPTION) کی مدد سے ہم حقیقی مناظر، اشخاص، و معاملات
کے نقش یا مدرکات کی بازطلبی کرتے ہیں۔ اس طور سے ایک مصور خیال کے ذریعہ ایک
ایسے منظر کی تصویر تیار کر سکتا ہے جس کو اس نے ایک عرصہ قبل دیکھا تھا یا وہ اپنے ایک
مرے ہوے یا غائب دوست کی شبیہ تیار کر سکتا ہے۔ بعض لوگ ایسے گذرے ہیں جن
کی قوت حافظہ تو بہت اہم تھی لیکن دوسرے ودیعات ذہنی کے اعتبار سے کوئی ممتاز
حیثیت نہیں رکھتے تھے۔ بہت سے ایسے لوگوں کے حالات معلوم ہیں جو ایک مرتبہ
سنکر پوری پوری تقریر دوبارہ سنا دیتے تھے بعض تو ایسے گذرے ہیں جو ایسی چیزوں کو
مسلسل بیان کر دیتے تھے۔ جنمیں کوئی ربط و تسلسل نہیں تھا۔ مثلاً اعداد و شمار کی
بڑی بڑی جدول، مہمل الفاظ کی اچھی خاصی تعداد، وغیرہ ایک ایسے آدمی کا حال محفوظ
ہے۔ جو پورے اخبار کی تحریر کو حافظہ کی مدد سے دہرا دیتا تھا۔ ایک ایسا آدمی
بھی گذرا ہے جو بلا کسی ربط و تسلسل کے چھ ہزار الفاظ کو سنکر اپنی یاد سے دوبارہ
سنا دیتا تھا۔ ڈاکٹر سینیکا (SENICA) کا بیان ہے کہ ایک آدمی نے ایک شاعر
کا ایک تازہ کلام سنا۔ شاعر پڑھ چکا تو اس نے دعویٰ کیا کہ یہ میرا کلام ہے اور اسکے

Marfat.com

ثبوت میں شروع سے اخیر تک پورا کلام پڑھ دیا جو خود شاعر سے نہ ہو سکا اسیطرح کا ایک قصہ ایک انگریز کے متعلق بھی بیان کیا جاتا ہے۔ جس کو پروشیا کے بادشاہ نے ایک پردہ کے پیچھے چھپا دیا تھا۔ اس اثنا میں مشہور شاعر والٹیر آیا اور اس نے اپنی نظم پڑھی جو بہت طویل تھی۔ انگریز نے بھی اسیطرح وہ طویل نظم دہرا دی عموماً یہ کہا جاتا ہے کہ جن لوگوں کا حافظہ قوی ہوتا ہے ان کے دوسرے قوائے ذہنی ضعیف ہوتے ہیں لیکن اس کی کوئی اصل نہیں گو یہ صحیح ہے۔ کہ محض الفاظ کی یاد تو ایسے ہی لوگوں کو ہوتی ہے جنکے فہم وادراک کی قوت ناقص ہوتی ہے لیکن یہ بھی واقعہ ہے کہ اعلیٰ دولتوں کے ایسے حامل انسان بھی گذرے ہیں جو اپنے حافظہ کے لئے بہت مشہور ہیں بیان کیا جاتا ہے کہ تمسطوقلس (THAMISTOCLES) ایتھنیہ کے سارے شہریوں کا نام لے دیتا تھا جن کی تعداد بیس ہزار تک پہونچی تھی اسیطرح سیرس CYRUS اپنے لشکر کے ہر سپاہی کا نام جانتا تھا ڈاکٹر لیڈن اپنے حافظہ کے لئے بہت مشہور ہے ایک معزز آدمی نے جو ڈاکٹر موصوف کا گہرا دوست تھا ہم سے بیان کیا کہ ڈاکٹر صاحب پارلیمنٹ کے ایک طویل دفعہ یا اسی قسم کے کسی دستاویز کو ایک بار سنکر صحیح صحیح دہرا دیتے تھے، ان کے ایک دوست نے ان کے اس حافظہ پر ہدیہ مبارکباد پیش کیا تو ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ یہ حافظہ میرے لئے اکثر دقت پیدا کر دیتا ہے چونکہ پورا حصہ پڑھ لینے کے بعد اگر کسی خاص جزو کو دہرانا چاہتے تھے تو ان کو شروع سے پڑھنا پڑتا تھا۔ تب وہ اس جزو کو دوبارہ پڑھ سکتے تھے۔ اس کے بعد ڈاکٹر ابرکرامبی نے حافظہ پر فلسفیانہ بحث کی ہے

Marfat.com

اور بتایا ہے کہ کس طرح حافظہ پر توجہ اور قانون ایتلاف کا گہرا اثر پڑتا ہے اس سلسلہ میں انہوں نے ایتلاف کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ (۱) طبعی یا فلسفیانہ ایتلاف (۲) مقامی یا عارضی ایتلاف (۳) خود رایانہ ایتلاف۔

(۱) طبعی یا فلسفیانہ ایتلاف کسے کہتے ہیں اس پر ڈاکٹر صاحب نے بڑی طویل بحث کی ہے مختصراً اس کی تعریف یوں ہو سکتی ہے کہ جب نظام دماغی کے ماتحت کسی واقعہ یا بیان پر توجہ مرکوز ہوتی ہے تو وہ بعض ایسے واقعات کے ساتھ وابستہ کر دی جاتی ہے جس کو ہم پہلے سے جانتے ہیں۔ یا ہم دماغ میں کسی ایسے موضوع سے اس کا الحاق کر دیتے ہیں جس کو ہم سمجھتے ہیں کہ وہ اس کی وضاحت کریگا (۲) مقامی یا عارضی ایتلاف کے متعلق ڈاکٹر صاحب نے بعض عجیب وغریب لیکن بے حد دلچسپ قصے درج کئے ہیں اس ایتلاف کا تعلق کسی مکان یا فرد کی ذات سے ہوا کرتا ہے۔ مثلاً کسی مقام میں ہم کو کوئی واقعہ پیش آیا۔ یا کسی ذات کے ساتھ کوئی اہم معاملہ ہوا تو اس مقام اور اس فرد کے دیکھنے سے وہ سارے واقعات یاد آجاتے ہیں۔ فلاڈلفیا کے ڈاکٹر "رش" نے ایک پرلطف قصہ لکھا ہے وہ لکھتے ہیں میں جس زمانہ میں میری لینڈ کے ایک دیہاتی اسکول میں تحصیل علم کرتا تھا تعطیل کے زمانہ میں اکثر میں اپنے اسکول کے ساتھیوں کو لیکر ایک سوکھے ہوئے درخت کی بلندی پر چڑھکر عقاب کا آشیانہ دیکھنے جاتا تھا یہ وہ وقت تھا جب کہ مادہ عقاب اپنے

---

(1) NATURAL OR PHILOSOPHICAL ASSOCIATION.
(۲) LOCAL OR ARBITRARY OR INCIDENTAL ASSOCIATION.
(۳) FICTITIOUS ASSOCIATION (قوائے عقلیہ" ڈاکٹر ابر کرامبی ص ۶۴)

Marfat.com

انڈے پر بیٹھا کرتی تھی جس کسان کے کھیت میں یہ درخت تھا اس کی لڑکی سے ہماری ملاقات ہوگئی۔ چالیس برس گذرے اسی شہر میں اس کی خانہ آبادی ہوئی جب کبھی ہم ملتے تو عہد طفولیت کی اس معصومانہ اور مسرت آگیں زندگی کا تذکرہ آجاتا جو گاؤں کی فضاؤں میں بسر ہوئی تھی۔ اس کے ساتھ آشیانہ عقاب کا بھی ذکر ہوا کرتا۔ چند سال قبل وہ عورت ٹائفس بخار کے آخری درجہ میں تھی۔ لوگوں نے مجھے بلایا جیسے ہی ہماری آنکھیں دوچار ہوئیں۔ میں نے مسرت انگیز لہجہ میں صرف آشیانہ عقاب کہا اس نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور اس میں قوت گویائی نہ تھی لیکن اس کے بشرہ سے وفور بہجت و مسرت کے آثار عیاں تھے۔ یہی ہمارے اس آشیانہ عقاب کہنے سے اس کی اگلی خانگی زندگی اور مسرتوں کے نقوش نظر کے سامنے آگئے۔ اس وقت سے اس کو افاقہ ہونے لگا۔ وہ ابھی زندہ ہے اور جب کبھی مجھے دیکھتی ہے آشیانہ عقاب کی صدا لگا کر سلام کیا کرتی ہے خود ابر کرامی نے اس سلسلہ میں ایک لڑکی کا نہایت ہی پر لطف قصہ لکھا ہے۔ ایک خاتون کو ایک پرانا مرض لاحق تھا لوگ اس کو لندن سے گاؤں کے ایک مکان میں لے آئے یہاں اس کی ننھی بھانجی کو لوگ اس سے ملاقات کرانے کے لئے لاتے تھے۔ اور تھوڑی سی دیر کی ملاقات کے بعد اس کو شہر میں واپس بھیجدیتے تھے۔ چند دنوں کے بعد خاتون نے وفات کی لڑکی سیانی ہوئی۔ اور اس کو اپنی ماں کی یاد بھی باقی نہ رہی یہاں تک کہ وہ سن بلوغ کو پہونچ گئی اب وہ اتفاقاً گاؤں کے اس کمرہ میں پہونچی جہاں اس کی ماں نے انتقال کیا تھا۔ لیکن اس کو یہ کچھ خبر نہ تھی۔ کہ یہ وہی کمرہ ہے جہاں کہ اس کی ماں مرچکی ہے۔ [illegible]

Marfat.com

ہوئی تو حیرت زدہ ہوگئی۔ جب اس کے رفیق نے اس سے سوال کیا کہ اس کی تشویش اور گھبراہٹ کی کیا وجہ ہے تو اس نے کہا کہ مجھے اچھی طرح خیال آتا ہے کہ میں اس سے قبل اس کمرہ میں رہ چکی ہوں۔ اور یہاں اس گوشہ میں ایک خاتون تھی جو بہت بیمار معلوم ہوتی تھی وہ مجھے لپٹا کر رویا کرتی تھی۔ (۳) خود رابانہ نقلی ایتلاف وہی ہے جو عوام الناس سے روزانہ زندگی میں ظہور پذیر ہوتا ہے۔ مثلاً کسی کام کے کرنے کے لئے رومال میں گرہ دینا یا کتاب کا صفحہ موڑ دینا اس سلسلہ میں ڈاکٹر صاحب نے ایک جرمن خطیب کا تذکرہ کیا ہے جس نے ۱۸۰۹ء یا ۱۸۱۰ء میں دمتعدد لوگوں کی جماعت کثیر کے سامنے حافظہ پر لیکچر دیا تھا۔ اس کی تقریر کا ایک اہم عنصر تاریخ سنہ کی یاد سے متعلق تھا اس نے بتایا تھا کہ علمد تاریخی کو حرف ابجد میں منتقل کر دینا چاہئے۔ مغرب نے انیسویں صدی میں یہ راز دریافت کیا لیکن ہماری مشرقی ادبیات خصوصاً فارسی اور اردو میں تو شعراء نے کئی سو برس قبل سے مصرعہ تاریخ کہنا شروع کر دیا تھا۔ مشرقی شعراء کی یہ تاریخ گوئی اسی "خود رابانہ یا نقلی ایتلاف" کے ماتحت آتی ہے اس کے بعد ڈاکٹر ابرکرامی نے

---

ف حافظہ کے متعلق یہ مقالہ جو ڈاکٹر ابرکراہی کی "قوائے عقلیہ" حصہ سوم کی تلخیص ہے۔ پہلے ایک بسیط مضمون کے ضمن میں جریدہ "جامعہ" ابن اشاعت کے لئے روانہ کیا گیا تھا۔ اس مضمون کا ایک حصہ "اہل بہار کی خدمت حدیث" کے عنوان سے جریدہ مذکور کے اکتوبر نمبر ۱۹۲۶ء میں شائع ہوا۔

Marfat.com

توجہ اور حافظہ کی ترقی پر بڑی عالمانہ بحث کی ہے اور حافظہ کو ترقی دینے کے اصول بتائے ہیں۔ اس موضوع پر بیان بحث کرنا مناسب نہیں۔ البتہ چند پرلطف قصے لکھے جاتے ہیں۔ جو ڈاکٹر صاحب نے حافظہ پر اثر مرض کے زیر عنوان تحریر کئے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا بیان ہے کہ اکثر مریضوں کو دیکھا گیا ہے کہ ان کی موجودہ اہلیت واستعداد مرض کی شدت کے باعث تقریباً زایل ہو جاتی ہے۔ اور اگلے نقوش ابھر آتے ہیں۔ اس سلسلہ میں اکثر ایسے لوگوں کے حالات ملحوظ ہیں جو اپنے روز مرہ کی زبان تو ایکدم بھول جاتے ہیں لیکن قدیم بھولی بسری زبان کے ماہر معلوم ہونے لگتے ہیں۔ یہ تغیر ہونا سر کے مرض میں لاحق ہوتا ہے۔ مسٹر ابرنیتھی (Mr. ABERNETHY) کا بیان ہے کہ ایک آدمی فرانس میں پیدا ہوا لیکن اس نے زندگی کا بیشتر حصہ انگلستان میں گذارا اس کو بہت دنوں سے فرنچ بولنے کی عادت مطلق باقی نہیں رہی تھی۔ لیکن سر میں ضرب آنے کی وجہ سے جب مسٹر ابرنیتھی کے زیر علاج آیا۔ تو وہ ہمیشہ فرنچ بولا کرتا تھا۔ اسیطرح کا ایک واقعہ سینٹ ٹامس کے شفاخانہ میں وقوع پذیر ہوا ایک شخص پر غشی طاری ہوئی جب اس کو افاقہ ہوا تو وہ ایک ایسی زبان بولا جو شفاخانہ میں کوئی نہیں جانتا تھا۔ لیکن جلد ہی یہ پتہ چل گیا کہ یہ "ولش" زبان ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ شخص تیس سال سے اپنے مولد ویلس سے غائب رہا ہے۔ اور اسی عرصہ میں وہ اپنی مادری زبان بالکل بھول گیا تھا۔ جب اس شخص کو پوری صحت ہوگئی تو پھر وہ ولش زبان بھول گیا

Marfat.com

اور انگریزی میں گفتگو کرنے لگا۔ ڈاکٹر پریچارڈ کا بیان ہے کہ ایک خاتون ہذیان کی حالت میں ایک ایسی زبان بولنے لگی جو اس کے آس پاس والے نہیں سمجھے تھے لیکن فوراً ہی یہ پتہ چلا کہ یہ بھی ویلش زبان ہے۔ اس کے کسی دوست کو یہ پتہ نہ چلا کہ کس طرح خاتون کو اس زبان سے واقفیت ہوئی۔ لیکن پوری تحقیقات کے بعد پتہ چلا کہ صغرسنی میں اس کی ایک اناتھی جو ساحل برطانیہ کے ایک ضلع کی باشندہ تھی۔ یہاں کی زبان بالکل ویلش کے مثل ہے۔ اس وقت خاتون نے اس زبان کا معتد بہ حصہ سیکھ لیا تھا۔ لیکن بخار کے حملہ کے بہت سال قبل وہ یہ زبان بالکل بھول چکی تھی اسی طرح ایک جرمن خاتون نے ایک انگریز سے شادی کی۔ اور ایک عرصہ سے وہ انگریزی زبان سے واقف ہوگئی لیکن کسی مرض میں وہ گرفتار ہوئی (ڈاکٹر صاحب کو یہ معلوم نہ ہوسکا کہ مرض کی نوعیت کیا تھی) تو وہ ہمیشہ جرمن زبان بولا کرتی تھی۔ اور اپنے انگریز تیمار داروں کی انگریزی زبان سمجھ نہیں سکتی تھی۔ جب تک اس کا شوہر اس کو سمجھاتا نہیں تھا۔ ہائی لینڈ کی ایک عورت تھی۔ اس کو انگریزی زبان میں گفتگو کرنیکی عادت تھی اس کو ایک مرض لاحق ہوگیا وہ ڈاکٹر میکنوٹش کے زیر علاج آئی۔ اس کو افاقہ ہونے لگا۔ اور وہ اپنے چاروں طرف ہوش کے ساتھ دیکھنے بھالنے لگی۔ لیکن ڈاکٹر میکنوٹش اس کو نہ تو کوئی بات سمجھا سکتا تھا نہ وہ معمولی سوال کا جواب دے سکتی تھی۔ ڈاکٹر صاحب نے مریضہ کے ایک دوست سے کہا کہ گیلک زبان

Marfat.com

میں اس سے خطاب کرے اس کا جواب اس نے مستعدی اور روانی کے ساتھ
دیا ڈاکٹر ریش کا بیان ہے کہ ایک اطالوی شخص کو زرد بخار لاحق ہو گئی اور نیو
یارک میں وہ اسی مرض سے مرگیا وہ ابتدائے مرض میں انگریزی بولتا تھا
درمیان میں فرانسیسی زبان بولنے لگا اور جس دن اس نے قضا کی صرف
اطالوی بول رہا تھا ڈاکٹر ابر کرامبی کہتے ہیں کہ ایک چار سال کے لڑکے
کی کھوپڑی ٹوٹ گئی تھی جس کی وجہ سے اس پر عمل جراحی کیا گیا وہ اسوقت
ایکدم بیہوشی کے عالم میں تھا صحت یاب ہونے کے بعد اس کو نہ تو حادثہ کی یاد
باقی رہی نہ جراحت کی جب پندرہ سال کا ہوا تو اس کو بخار آیا اور ہذیان میں
اس نے جراحی کا تذکرہ کیا اور ان لوگوں کا جو اس وقت موجود تھے اس نے
ان کے لباس اور چھوٹے چھوٹے واقعات کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا اس
لڑکے نے اس واقعہ کے متعلق کبھی کسی سے کوئی تذکرہ نہیں کیا تھا اور اس
کا کوئی ذریعہ نہ تھا کہ وہ ان حالات سے باخبر ہوتا جس کا اس نے تذکرہ کیا
ڈاکٹر ابر کرامبی کے ایک معروف ہم پیشہ دوست نے تذکرہ کیا کہ وہ
بخار کی حالت میں بلا ہذیان کے "ہومر" کے مطول اجزا پڑھتے تھے جو صحت
کے عالم میں ان سے نہیں ہو سکتا تھا ایک معزز آدمی ڈاکٹر جانس کر کالڈی
کے زیر علاج تھا یہ شخص خفیف سی بدحواسی کے عالم میں بڑی درستگی کے
ساتھ گیلک نغمہ گاتا تھا صحت کے زمانہ میں موسیقی کی طرف اس کا میلان

Marfat.com

تھا گو اپنی جوانی کے عالم میں وہ گیلک زبان سے واقف تھا لیکن سالہا سال سے وہ مطلق اس کا عادی نہ تھا اور خیال کیا جاتا تھا کہ اس زبان سے اس کو واقفیت باقی نہ رہی کالرج کا بیان ہے کہ ایک جاہل لڑکی خادمہ کا پیشہ کرتی تھی اس کو بخار میں ہذیان ہو گیا اور وہ اس عالم میں اطالوی یونانی اور عبرانی (Hebrew) زبانوں میں دینیات کے اجزاء دہرایا کرتی تھی جن کتابوں کے یہ اقتباسات تھے ان سے مقابلہ کیا گیا تو پتہ چلا کہ خادمہ نے پوری صحت کے ساتھ یہ اجزاء دہرائے ہیں پتہ لگایا گیا تو معلوم ہوا کہ یہ لڑکی پہلے ایک راہب کے یہاں نوکر تھی جو بہت بڑا عالم اور مخصوص کردار کا آدمی تھا اس کی عادت تھی کہ وہ گھر کے اندر ایک ایسے مقام پر جو مطبخ کی طرف جاتا تھا آگے پیچھے۔ ٹہل ٹہل کر زور زور سے اپنے محبوب مصنفون کا کلام پڑھا کرتا تھا[1] لیکن بہت زیادہ حیرت انگیز واقعہ جو ڈاکٹر ابر کرامبی سے حل نہ ہو سکا یہ تھا کہ ایک آدمی نے بیماری کے عالم میں عبری زبان بولنا شروع کی جو اس نے اپنی زندگی کے بالکل آخری زمانہ میں حاصل کی تھی ابتک جو کچھ واقعات ڈاکٹر صاحب نے لکھے تھے ان سے پتہ چلا کہ ابتدائی زندگی کے نقوش دماغی مرض کے زمانہ میں ابھر آتے ہیں لیکن یہ آخر الذکر واقعہ بالکل

---

[1] واکر اٹکنسن نے اپنی کتاب "تحت شعوری و ماورائے شعوری سطح دماغ" میں بھی یہ واقعہ لکھا ہے (The subconcious and superconcious planes of Mind)

Marfat.com

ایک عقدہ لاینحل ہے اسی طرح ڈاکٹر بی ٹی کا بیان ہے کہ ایک آدمی کو سر میں چوٹ لگی اس کے سبب سے اس کے دماغ میں کوئی اختلال نہ ہوا بجز اس کے کہ وہ یونانی زبان بالکل بھول گیا۔

# ڈاکٹر ابر کرامبی کے نظریات

عالم رویا میں دماغی کیفیت کو دو مفصلہ ذیل حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ (۱) وہ خیالات جو دماغ میں ظاہر ہوتے ہیں ان کے وجود حقیقی ہونے کا یقین ہوتا ہے اور عالم بیداری کی طرح جب ہم لوگ اپنے خیال کو اشیائے موجود فی الخارج سے مقابلہ کرتے ہیں تو یقین صحیح ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ عالم رویا میں جو صورتیں ظاہر ہوتی ہیں وہ حقیقی معلوم ہوتی ہیں مثلاً خواب میں ہم لوگ کوہ ودشت، وادی چٹیل میدان، سر بہ فلک عمارات اور بڑے بڑے سمندر دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کا وجود حقیقی ہے۔ خیالی نہیں۔ جس طرح بیداری میں دیکھتے ہیں اور یقین ہوتا ہے کہ ان مناظر کا وجود حقیقی ہے اسی طرح خواب میں بھی معلوم ہوتا ہے لیکن فرق یہ ہے کہ عالم بیداری میں جب ہم لوگ اپنے خیال کو ان مناظر سے مقابل کرتے ہیں تو انہیں موجود فی الخارج پاتے ہیں اور عالم رویاء میں جو مناظر ہمارے دیدۂ عبرت بیں سے گذرتے ہیں انہیں صرف ذہن ہی سے تعلق ہے خارج عن الذہن میں ان کا وجود نہیں (۲) خیالات اور تصورات ایک ایسے

Marfat.com

قانون ائتلاف کے ماتحت دماغ میں مربوط ہو جاتے ہیں کہ جس پر انسانی تصرف نہیں ہوتا ہم لوگ خیالات اور تصورات کے اس سلسلہ میں تغیر نہیں کر سکتے ہیں اور نہ ان میں اپنے ارادہ سے وقفہ دے سکتے ہیں۔ (Association) یا قانون ائتلاف فلسفہ کی ایک اصطلاح ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ خیالات اور تصورات مستلزم ہوتے ہیں یعنی جب ایک خیال پیدا ہوتا ہے تو اسی قسم کا دوسرا خیال پیدا ہو جاتا ہے اکثر حفاظ کو دیکھا ہو گا۔ کہ پڑھتے پڑھتے جہاں ٹھیر گئے وہاں سے نہیں بڑھتے اور جہاں بتایا گیا ایک ہی لفظ بس پھر سلسلہ شروع ہو گیا یہ اسی قانون کا نتیجہ ہے۔ فلسفی موصوف کہتے ہیں کہ جس طرح کسی خیال کے عناصر باہم مربوط ہوتے وقت عالم بیداری میں ہمارا تصرف رہتا ہے ویسا عالم رویا میں نہیں مثلاً کے طور پر جذبہ جنسی کو لے لیجئے خیالات شہوانیہ کے اندر جب مرابطہ پیدا ہونے لگے تو عالم بیداری میں ہم لوگ مذہب اور ہیئت اجتماعی کے خوف سے ان عناصر کو باہم مربوط ہی نہ ہونے دیں گے۔ اور بالفرض یہ خیال ہوا بھی تو اسے عملی جامہ نہیں پہنا سکتے اس کے برخلاف عالم رویا میں ان عناصر کے باہم مربوط اور منتظم ہو کر عملی صورت اختیار کر لینے میں ہمارا دست تصرف نہیں بڑے بڑے زہاد اور صوفیاء علماء اور صلحا کو خواب میں ............ ہو جانا اسی کلیہ کا نتیجہ ہے' عالم بیداری میں وہ ہرگز ایسا فعل نہیں کرتے جو عالم رویا میں ان سے سرزد ہو جاتا ہے اس کی توجیہ

Marfat.com

ڈاکٹر موصوف کے اس قانون سے ہوتی ہے اس کے بعد ڈاکٹر موصوف لکھتے ہیں کہ استقراء اور تحقیق کا سب سے عمدہ مقصد یہ ہے کہ اس طریقہ کی تلاش کی جائے جس میں خاص خاص خواب یا صورتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ جب اس نظریہ پر عمل کیا جاتا ہے۔ تو مختلف قسم کے خواب کا پتہ معلوم ہوتا ہے ان میں بعض ایسے ہیں جن کے متعلق ہم لوگ واضح طور سے پتہ لگا سکتے ہیں مصنف کے نظریہ میں ان خوابوں کی تعداد چار سے زیادہ نہیں۔ (۱) جدید حادثات اور جدید دماغی جذبات سے جو باہم مخلوط ہو کر ایک سلسلہ میں مربوط ہو جاتے ہیں یا قدیم و جدید واقعات کی کڑی جو باہم ملی نہ ہو اور ان میں انتشار و تشتت ہو' ایک خواب کی تکوین ہوتی ہے۔ اسرار خواب کے متعلق ڈاکٹر صاحب کا یہ پہلا قانون بہت ہی قابل قدر ہے ہم لوگوں کے ذاتی تجارب سے اس نظریہ کی تائید ہوتی ہے' ڈاکٹر صاحب نے جملہ بہت پیچیدہ لکھا ہے اس لئے سہولت تفہیم کے لئے ان کے مقصد کی توضیح کر دینا ضروری ہے' آپ فرماتے ہیں کہ بعض اوقات نئے نئے واقعات گو آپس میں ملے جلے نہ ہوں یا بظاہر ان میں ارتباط نہ پایا جائے متحد ہو جاتے ہیں۔ اور نیند میں کسی احساس کے باعث (مثلاً درد شکم) ایک خواب کی تکوین ہوتی ہے۔ پھر یہ بھی سکھتے ہیں کہ بعض نئے نئے خیالات باہم مخلوط ہو جاتے ہیں اور بعض اوقات قدیم و جدید خیالات دونوں مخلوط ہو کر تکوین خواب کے محرک ہوتے ہیں۔ اپنے اسی قانون کی شرح میں موصوف لکھتے ہیں کہ مثلاً ہم لوگ کسی تکلیف دہ حادثہ کی

Marfat.com

خبر سُنیں کسی بچھڑے ہوئے دوست کے متعلق دل دکھانے والی خبر موصول ہو اور ہم لوگ کسی ایسے معاملہ میں ہوں جس کے باعث تفکر اور اندیشہ ہو ایک خواب کی تکوین ہوتی ہے۔ جس میں یہ تمام غیر مربوط، اور مختلف افکار ایک سلسلہ میں منظم ہو جاتے ہیں ہم لوگ خود ہی اس آفت اور حادثہ میں گرفتار نظر آتے ہیں بچھڑا دوست ہم لوگوں کی صحبت میں ہوتا ہے اور وہ شخص جس سے تردد انگیز معاملات ہیں منظر میں آموجود ہوتا ہے ان تمام واقعات کو ایک سلسلہ میں مربوط کرنے والی بات صرف یہی تھی کہ ہر ایک واقعہ نے یکساں جذبہ کی تحریک کی اور جس وقت خواب کی تکوین ہوئی واقعات میں یہ ارتباط اور علاقہ کسی جسمانی تکلیف مثلاً درد شکم سے ہو گیا اس کے بعد ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ کسی جسمانی تکلیف کے بغیر یہ خاص سلسلہ حادث ہی نہ ہوتا۔ یا اس سلسلہ کے بعض عناصر بالکل مختلف ائتلاف کے ماتحت ظاہر ہوتے، وہ بچھڑا ہوا دوست قدیم دل خوش کن تذکرات کے سلسلہ میں اور اسی قسم کے واقعات اور ایسے ہی لوگوں کے ساتھ ظاہر ہوتا جن کو اس تکلیف دہ خبر سے تعلق نہ ہوتا۔ اس قانون کی تائید میں ڈاکٹر صاحب نے دوسری مثال بھی دی ہے وہ لکھتے ہیں مثلاً ہم لوگ کسی آدمی سے ملیں جس سے عرصہ سے ملاقات نہ ہوئی ہو اور اس سے قدیم احباب کے متعلق تفتیش کریں اور پرانے واقعات کا حوالہ دیں تو ایک خواب کی تکوین ہوتی ہے جس میں یہ لوگ ظاہر ہوتے ہیں اور ساتھ ساتھ دوسرے حضرات بھی ہوتے ہیں۔ لیکن وہ شخص جیسکے

Marfat.com

تکلم سے یہ سلسلہ جنبانی ہوئی ظاہر نہیں ہوتا چونکہ اس کا تعلق اس خاص سلسلہ سے نہیں تھا جس کی تکوین دماغ میں ہوئی فلسفی موصوف نے اس قانون کی تائید میں ایک مشاہدہ بھی نقل کیا ہے لکھتے ہیں کہ اڈنبرا کے شفاخانہ میں مریضوں کی جائے قیام کی طرف ایک مریضہ میرے متوفی دوست ڈاکٹر ڈنکن کے زیر علاج تھی وہ بحالت نوم بہت سی باتیں بولی دوسرے مریضوں کے حالات کے متعلق بہتیرے صاف صاف حوالے دیئے لیکن یہ حوالے اس زمانہ میں جتنے مریض اس جگہ تھے ان میں کسی سے وابستہ نہ تھے لیکن تحقیقات کے بعد معلوم ہوا کہ یہ حوالے ان مریضوں کے متعلق تھے جو دو سال قبل یہاں تھے اور یہ عورت بھی بحالت مرض یہاں موجود تھی۔ (۲) تصورات کے وہ سلسلے جنہیں تاثرات جسمی کے باعث قانون ائتلاف وجود میں لاتا ہے۔ ڈاکٹر موصوف کا یہ دوسرا قانون ہے آپ فرماتے ہیں کہ اپنے متوفی دوست ڈاکٹر جیمس گریگوری کی عاطفانہ توجہ سے میں نے ان کے متوفی والد کی تصنیف کی ہوئی ایک بہت ہی دلچسپ قلمی کتاب پائی جس میں اس موضوع کے متعلق بہتیرے واقعات موجود ہیں ان اوراق میں ڈاکٹر گریگوری لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ جب میں بستر خواب پر گیا تو اپنے پیر کے نیچے گرم پانی کا ایک ظرف رکھدیا۔ رات کے وقت خواب میں دیکھا کہ جبل اٹکنہ (یہ ایک کوہ آتش فشان ہے جو صقلیہ ملحقہ اطالیہ میں ہے) کے دہانہ پر چل رہا ہوں اور نیچے کی زمین گرم معلوم ہوتی ہے وہ لکھتے ہیں کہ میں نے اپنی زندگی

Marfat.com

کے ابتدائی زمانہ میں جبل ویسو ویس (یہ بھی ایک آتش فشاں پہاڑ ہے جو اطالیہ میں واقع ہے اور اپنی عظمت کے لحاظ سے دنیا میں عدیم النظیر ہے) کا نظارہ کیا تھا اور حقیقتاً اپنے پیر کے نیچے جب دہانہ کے پہلو میں چل رہا تھا شدید حدت محسوس کی تھی لیکن حیرت کی بات تو یہ ہے کہ خواب میں میں نے ویسو ویس کا نظارہ نہیں کیا بلکہ جبل اطنہ کو دیکھا حالانکہ اطنہ کے متعلق انہوں نے صرف بریڈن کی تصنیف پڑھی تھی ذاتی طور پر اطنہ کو دیکھا نہ تھا اس کی وجہ شاید یہ ہو سکتی ہے کہ انہوں نے اطنہ کے متعلق حال میں معلومات حاصل کئے تھے دوسری مرتبہ انہوں نے دیکھا کہ میں خلیج ہڈسن میں موسم سرما گذار رہا ہوں اور شدت برودت کے باعث بہت تکلیف اٹھاتا ہوں جب بیدار ہوئے تو انہوں نے دیکھا کہ نیند میں بستر پھینک دیا ہے اس کے چند روز قبل انہوں نے موسم سرما میں اس مقام کی نوآبادیات کے متعلق خاص بات پڑھی تھی ایک بار اور ان کے دانت میں درد ہوا انہوں نے خواب میں دیکھا کہ عمل جراحی ہو رہا ہے اور جراح نے جس دانت میں درد تھا اسکے بدل اچھا دانت توڑ ڈالا۔ ڈاکٹر ریڈ اپنے متعلق لکھتا ہے کہ ایک مرتبہ میرے سر میں زخم نکل آیا اس میں ڈریسنگ ہوا اتفاقاً یہ درہم برہم ہو گیا اور اس کے باعث مجھے سخت تکلیف ہوئی میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ رہزنوں میں گرفتار ہو گیا ہوں اور وہ میرے سر کا چمڑہ ادھیڑ رہے ہیں۔ اسی تقسیم کے ماتحت وہ خواب بھی ہے جو بعض آدمیوں کے کان میں آہستہ آہستہ کہنے سے ظاہر ہوتا ہے اس قسم کی

Marfat.com

بہت ہی پر لطف اور ساتھ ہی صحیح مثال بہتیرے مصنّفوں نے لکھی ہے ڈاکٹر ابر کرامی لکھتے ہیں کہ گریگوری کے قلمی نسخہ میں اس قسم کے خواب کا تذکرہ پاتا ہوں۔ وہ کہتے ہیں مجھ سے اس آدمی نے کہا جس نے بچشم خود اس واقعہ کا مشاہدہ کیا ۱۷۵۸ء کے حملہ لوئس برگ میں ایک فوجی افسر اس کا موضوع تھا اس افسر میں یہ خصوصیت تھی کہ اس کے ساتھی اس کے خرچ سے جشن اور جلسے کرتے اس کے رفقا اسے جس قسم کا خواب چاہتے دکھا دیتے خصوصاً وہ شخص اس کام کو باحسن الوجوہ انجام دیتا جس کی آواز سے افسر آشنا ہوتا ایک دن اس کے ساتھیوں نے اسے میدان جنگ کا نقشہ دکھانا چاہا اور جب میدان کا نقشہ دکھا چکے تو اسے دونو جماعتوں کی مڈبھیڑ کا خیال دلایا اور اس کے ہاتھ میں ایک پستول دیا افسر نے اسے چھوڑا اور بیدار ہو گیا دوسری دفعہ انہوں نے اسے اپنے خیمہ میں ایک صندوق پر سوتے دیکھا اسے یقین دلایا کہ تم دریا میں گر پڑے ہو اور اسے شناوری کرنے کی صلاح دی وہ فوراً تیرنے کی نقل کرنے لگا اسکے بعد انہوں کہا کہ ایک نہنگ تمہارا تعاقب کر رہا ہے بہتر ہے کہ غوطہ لگا کر اپنی جان بچاؤ اس نے فوراً اتنی زور میں غوطہ لگانا چاہا کہ صندوق سے کمرہ کے اندر گر پڑا۔ جس کے باعث اسے سخت چوٹ آئی اور آنکھ بھی کھل گئی۔ فوج نے جب لوئیس برگ کا محاصرہ کیا تو اس کے دوستوں نے ایک دن اسے گولہ اندازی سے پریشان ہو کر اپنے خیمہ میں سوتے ہوئے پایا۔ اس کے کان میں آہستہ آہستہ انہوں نے کہنا شروع کیا تم میدان

Marfat.com

جنگ میں لڑ رہے ہو اس نے خوف میں آکر کھلم کھلا بھاگنے کی ہیئت بنائی دوستوں نے اسے اس نامردی پر ملامت کی اور ساتھ ہی مجروحین اور جان توڑنے والے سپاہیوں کی دردناک آواز کی نقل بنا کر اس کے جذبۂ خوف میں مزید اضافہ بھی کیا اور جب اس نے مقتولین کا نام پوچھا جیسا کہ اکثر وہ پوچھا کرتا تھا تو ساتھیوں نے اس کے خاص خاص دوستوں کے نام بتائے عاقبتہ الامر انہوں نے کہا کہ جس صف میں تم کھڑے ہو اُس میں تمہارے پہلو والا شخص مارا گیا۔ وہ فوراً ہی اپنے بستر سے اچھل پڑا اور خیمہ سے باہر بھاگنے لگا مگر جب خیمہ کی طناب سے ٹھوکر کھا کر گرا تو اپنے ہوش میں آیا اور خواب سے چونکا اس معاملہ میں ایک تعجب خیز بات یہ ہوتی تھی کہ ان تجارب کے بعد اسے خواب اچھی طرح یاد نہیں رہتا بلکہ تھکاوٹ اور پریشانی کا ایک مضطربانہ احساس ہوتا اور اپنے دوستوں سے کہتا میں جانتا ہوں کہ تم لوگ مجھ سے کسی قسم کا مذاق کرتے ہو مصنف (ڈاکٹر ابر کرامبی) لکھتے ہیں کہ اسی قسم کے خواب کی کیفیت مسٹر اسمیلی کی تاریخ طبعی میں مسطور ہے یہ واقعہ کالج کے ایک طالب العلم کے متعلق تھا جو کہ اڈنبرا کی درس گاہ میں پڑھتا تھا اکثر ایک واقعہ ان خوابوں میں پایا گیا ہے جن کی تحریک شور وغل کی باعث ہوتی ہے ۔

یعنی ایک ہی آواز سے انسان بیدار بھی ہو جاتا ہے اور اسی آواز سے آدمی ایک خواب بھی دیکھتا ہے۔ جس میں وقت کا کوئی حصہ گذرتا ہوا معلوم ہوتا ہے مفصلہ ذیل مثال سے اس کلیہ کی توضیح ہوتی ہے۔ ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ میں نے

Marfat.com

فوج میں سپاہی کی نوکری کر لی ہے لشکر میں داخل ہوا پھر فوج سے چل دیا' پکڑا گیا
مقدمہ چلا اور گولی مار دینے کا حکم ہوا لوگ اسے گولی مارنے کے لئے باہر لائے ان
تمام مدارج کے طے ہونے کے بعد ایک بندوق کا سر ہوئی اور اس کے آواز سے وہ
چونک پڑا بیدار ہونے پر معلوم ہوا کہ پہلو والے کمرہ میں شور و غل ہو رہا ہے اسی وجہ
سے اس نے خواب بھی دیکھا اور بیدار بھی ہو گیا۔ ڈاکٹر گریگوری ایک شخص کے بارہ
میں لکھتا ہے کہ جب کبھی وہ کسی مرطوب جگہ میں ننگے بدن سوتا تو اسے حبس نفس کا
احساس معلوم ہوتا اور اس کے ساتھ ہی دیکھتا کہ ایک دبلا آدمی اس کے حلق سے
چمٹ گیا ہے اور جب بیٹھے بیٹھے سوتا تو اسے کسی قسم کی اذیت کا احساس نہیں ہوتا
یعنی تب وہ دبلا آدمی اس سے نہیں چمٹتا جب کئی بار کے تجربہ سے ثابت ہوا کہ بیٹھے
بیٹھے سونے میں آرام کی نیند آسکتی ہے تو اس نے اپنے پہلو میں ایک آدمی کو مقرر
کیا کہ جب میں جھکنے لگوں تو مجھے جگا دیا کرو۔ ایک بار پھر اس دبلے آدمی نے اس پر
حملہ کیا اور دیر تک سخت معرکہ آرائی ہوتی رہی جب اس کی نیند کھلی تو اپنے خادم پر
سخت خفا ہوا کہ کیوں تم نے مجھے اتنی دیر تک اس اذیت میں مبتلا رہنے دیا اس کے
خادم نے یقین دلایا کہ جیسی ہی آپ جھکنے لگے میں نے بیدار کر دیا صرف ایک لمحہ کی
دیر ہوئی ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں۔ میرے ایک دوست نے خواب میں دیکھا کہ اسنے
بحر کاہل سے عبور کیا اور چار دن تک امریکہ میں مقیم رہا واپسی کے وقت اس نے
دیکھا کہ سمندر میں گر پڑا خوف سے نیند کھلی تو اس نے دیکھا کہ یہ خواب جہاں سے

Marfat.com

دس منٹ کے اندر دیکھا تھا۔ (۳) تیسرا قانون یہ ہے کہ انسان ایسے خواب دیکھتا ہے جس میں ان معاملات یا اشیاء کے متعلق جو دماغ سے غائب یا فراموش ہو گئے ہیں۔ قدیم ایتلافات کی معاودت ہوتی ہے۔ ڈاکٹر صاحب اس کلیہ کے متعلق لکھتے ہیں کہ ایسے خواب کی ماہیت دریافت کرنا ناممکن ہے اور ان میں بعض ایسے ہیں جنہیں ان کلیات میں سے جن سے فی الحال ہم لوگ واقف ہیں کسی کلیہ کے ماتحت نہیں رکھ سکتے ڈاکٹر موصوف لکھتے ہیں کہ مفصلہ ذیل خواب میرے ایک دوست نے دیکھا تھا۔ میرے یہ دوست گلاسکو کے ایک خاص بینک میں نوکر تھے ان کا کام روپیہ تقسیم کرنا تھا۔ ایک دفعہ ایسا ہوا ایک شخص آیا اور اس نے چھ پونڈ مانگا اسوقت اور لوگ بھی جمع تھے اور اپنی باری میں میرے دوست کے پاس آنے کے منتظر تھے لیکن مذکورہ بالا شخص سخت بے چین اور مضطرب تھا۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ اس نے بڑا شور وغل مچا رکھا تھا۔ اور طرفہ یہ کہ حضرت کی زبان میں لکنت بھی تھی دوسرے لوگ اس شخص کے شور وغل سے ایسے مشوش ہوئے کہ میرے دوست سے درخواست کی کہ پہلے اس شخص کو روپیہ دیکر دفع کیجئے۔ انہوں نے روپیہ دیدیا لیکن چونکہ اس شخص کی باری نہ تھی۔ اس لئے میرے دوست گھبراہٹ اور جلدی میں اندراج کا خیال بھول گئے سال کے بعد جس کی میعاد آٹھ یا نو ماہ ہوتی ہے بنک کی کتاب میں میزان درست نہیں ہوتی تھی کئی شبانہ روز غلطی کی کدوکاوش میں بسر ہوا لیکن کامیابی نہ ہوئی اور

Marfat.com

آخر کار میرے دوست تھک کر مکان آئے اور سو رہے خواب میں دیکھا کہ میں بینک میں اپنی جگہ پر ہوں اور وہ جلد باز آدمی بھی ہے جس کی زبان میں لکنت تھی اور تمام ان واقعات کا نقشہ آنکھوں تلے آموجود ہوا جن کی تفصیل اوپر گذر چکی۔ میرے دوست نے اس خواب کو یاد رکھا اور بیدار ہو گئے۔ انہوں نے سمجھا کہ جس امر کی تفتیش میں میں متفکر تھا اس کے انکشاف کے لئے یہ خواب دکھایا گیا ہے امتحان کے بعد اسے معلوم ہوا کہ جو رقم اس نے اس مستعجل شخص کو دے دی تھی۔ اسے رجسٹر میں درج نہیں کیا تھا اور اسی سبب سے میزان میں چھ پونڈ کی غلطی ہوتی تھی۔ ڈاکٹر صاحب چونکہ مغربی فلسفی ہیں اس لئے وہ مادہ کے قیود سے آزاد ہو کر اس خواب کی ماہیت تک نہیں پہنچے اور اس لئے انہیں اس متذکرہ بالا خواب کو کسی کلیہ کے ماتحت رکھنے کی صورت نظر نہ آئی۔ لیکن ایک وہ نگہ جو مادہ اور جسمانیات کے قیود باطلہ سے آزاد ہو کر علم مابعد الطبیعۃ کی روشنی میں مبشرات الٰہیہ کا ادراک کرتی ہے۔ وہ اس خواب کو بہ نظر اول نبی کریم صلعم کے اکتشاف روحانی کے مطابق الرُّؤیا الصّالحۃ جزءٌ من ستۃ واربعین جزءًا من النبوّۃ کے کلیہ ماتحت رکھ دیگی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کے مطابق خواب کے مختلف کلیات ہیں جن کے شواہد ہم روزانہ زندگی میں بکثرت پاتے ہیں۔ ہرچند فرائیڈ خواب کی بحر کا الہامی خصوصیات کا قائل نہیں وہ اس کا تعلق افراد کی ذہنی کر ...... دیکھا کہ ..... دیکھتا ہے لیکن ساتھ ہی وہ اسے خیال نہیں بتاتا۔ بلکہ اسے ......

Marfat.com

نفس باطن کی عجیب وغریب مظہر آفرینیوں کا روحانیات کی جدید تحقیقات میں
علما نے تحت شعور (Subconciousness) کو بہت اہمیت دی ہے
جیسا کہ فلاسفہ کا خیال ہے کہ بیداری میں مادی افکار اور ہجوم مشاغل کے باعث
جو باطنی طاقتیں بر سر کار رہتی ہیں وہی عالم خواب میں سو رہتی ہیں تحت شعور کو اپنے
اعمال کا موقعہ اسی وقت مل سکتا ہے جب ذہن پر دوسرے افکار کا دباؤ نہ ہو
اسکے متعلق یورپ کے مشہور عالم ہیولاک ایلس کا نظریہ سطور بالا میں لکھا جا چکا
ہے اس خواب کے متعلق خود ڈاکٹر ابر کرامبی کی رائے یہ ہے کہ قلیل غور وخوض
کے بعد اس واقعہ کا محیر العقول ہونا معلوم ہو جاتا ہے کیونکہ جب خواب ظاہر ہوا
تو میرے دوست کو اس کا خیال نہ تھا اور اسکے ساتھ ہی ہم لوگ قیاس بھی نہیں
کر سکتے کہ کسی قسم کا ایتلاف حادث ہوا ہو گا جس کی مدد سے اس خیال کی تکوین
ہوئی کیونکہ وہ بات جو اس واقعہ کی اصل ہے یہ نہیں تھی کہ میرے دوست نے
روپیہ دینے کی غلطی کی بلکہ غلطی یہ تھی کہ انہوں نے رجسٹر میں درج نہیں کیا تھا اور
اس کا خیال انکے دماغ میں اس وقت نہیں ہو سکتا تھا اور اس لئے ہمارے احاطہ
تحقیقات سے خارج ہے کہ کس طرح اس خیال کا اعادہ ہوا چھ پونڈ کی غلطی تھی اور
ہم لوگ قیاس کر سکتے ہیں۔ کہ ضرور میرے دوست نے یاد کرنے کی کوشش کی ہوگی
کہ آیا روپیہ دینے میں غلطی تو نہیں ہوئی لیکن ایک تجارتی شہر کے ایک بڑے
بینک میں چھ پونڈ دینے کا خیال وہ بھی آٹھ نو ماہ کے بعد قائم نہیں رہ سکتا اور

Marfat.com

اس لئے بہ ہیئت مجموعی یہ خواب مظاہر دماغ کی بڑی مثال ہے ڈاکٹر صاحب ایک دوسری پر لطف مثال اور رقم کرتے ہیں وہ لکھتے ہیں کہ یہ واقعہ مجھے اپنے ایک لائق اور طباع دوست سے موصول ہوا عہد شباب میں یہ شخص یونانی زبان کا نہایت شائق تھا اور اس میں بہت ترقی کی تھی پھر دوسرے مشاغل میں مصروف ہو جانے کے بعد وہ اس زبان کو ایسا بھول گیا کہ اب ان الفاظ کو بھی نہیں پڑھ سکتا لیکن اس نے اکثر خواب میں دیکھا کہ میں یونانی الفاظ پڑھ رہا ہوں یہ وہی الفاظ ہوتے جنہیں وہ کالج میں استعمال کرتا تھا خواب کے اندر وہ ان الفاظ کے معانی کا بھی واضح ادراک کرتا۔ اسکے بعد ڈاکٹر صاحب نے ایک اور دلچسپ خواب کی تفصیل لکھی ہے جو حسب ذیل ہے "ڈیورلی ناولز" کے مصنف نے کلیہ بالا کی تائید میں ایک معتبر خواب رقم کیا ہے پولینڈ میں مسٹر آر نامی ایک معزز زمیندار تھا اس پر ایک کثیر رقم کی ڈگری ہوئی اسکی زمین گیلا کے وادی میں تھی اور اس پر اس کی مالگذاری ادا نہ کرنے کا الزام لگایا گیا تھا مسٹر آر کو یقین تھا کہ اس کے باپ نے اسکاٹ لینڈ کے ایک قانون کے مطابق اس زمین پر تصرف کیا تھا اور اس پر جو رقم کی وصولی کا مقدمہ تھا وہ بالکل بے بنیاد تھا لیکن باوجودیکہ اس نے اپنے باپ کے کاغذات تلاش کیے دفاتر عامہ (Public Records) کی ورق گردانی کی ان آدمیوں سے جنہوں نے اس کے باپ کی طرف سے امور انجام دیئے تھے تحقیقات کی لیکن کوئی شہادت ایسی نہ ملی جس سے بچاؤ کی صورت متوقع ہو مقدمہ کی تاریخ نزدیک ہوئی اور اسے

Marfat.com

معلوم ہوا کہ قطعاً اس کا مقدمہ خراب ہو جاوے گا اور اس لئے دوسرے دن اس نے اڈنبرا جانے کا ارادہ کیا تاکہ صلح کے طور پر گفت وشنید کر سکے اس خیال کے ساتھ وہ بستر پر گیا اور اس کے دماغ میں اس واقعہ کی صورتیں رواں دواں تھیں اس نے خواب میں اپنے باپ کو دیکھا جو برسوں قبل مر چکا تھا اور اس نے پوچھا کہ تم کیوں فکر مند ہو مسٹر آر کو خیال تھا میں نے اس فکر وتردد کی علت بتائی اور اس پر مزید اضافہ کیا کہ اتنی کثیر رقم کا ادا کرنا مجھ پر سخت گراں ہے اور مجھے ہوش ہے کہ اتنی رقم میرے یہاں باقی نہیں گو میں اس رقم کی تائید میں کوئی ثبوت نہیں رکھتا باپ نے جواب دیا بیٹا تمہارا خیال صحیح ہے یہ میری ہی حقیت تھی جس کی مالگذاری کی عدم ادائیگی کا مقدمہ تم پر چلایا ہے کاغذات فلاں شخص کے ہاتھ میں ہیں جسے میں نے اس معاملہ میں پیروکار بنایا تھا یہ شخص اس پیشہ سے سبکدوش ہو چکا ہے اور اڈنبرا کے نزدیک مقام انورسک میں رہتا ہے۔ صرف اسی کام کے لئے میں نے اس آدمی کو مقرر کیا تھا اور کسی معاملہ میں اُسے پیروکار نہیں بنایا تھا اسکے باپ نے خواب میں یہ بھی کہا کہ ممکن ہے وہ شخص دیرینہ واقعہ ہونیکے باعث اسے بھول گیا ہو لیکن اسے یوں یاد دلا سکتے ہو کہ جب میں اس کا حساب ادا کرنے لگا تو ایک پرتگالی اشرفی کے خردہ کرانے میں سخت دقت واقع ہوئی تھی۔ صبح کیوقت مسٹر آر اس رویائے صالحہ کے ساتھ بیدار ہوئے اور مناسب سمجھا کہ اڈنبرا جانے کے بجائے "انورسک" کا رخ کرے۔ وہاں پہنچکر اس شخص سے ملا جس کے متعلق خواب میں ہدایت ہوئی تھی اور خواب کے متعلق ایک

Marfat.com

بات بھی کہے بغیر اس معاملہ کی تفتیش کی کہ آیا تم فلاں معاملہ میں میرے باپ کے طرف سے کارپرداز تھے پہلے پہل اس بوڑھے آدمی کو کچھ بھی یاد نہ آیا لیکن جب مسٹر آر نے پرتگالی اشرفی کا نام لیا تو تمام حالات کا نقشہ اسکے دماغ میں آموجود ہوا اس نے فوراً اپنے کاغذات کی تلاش کی اور وہ کاغذ مل گیا مسٹر آر نے وہ کاغذ لے لیا اور اڈنبرا پہنچا اور جو زمین ہاتھ سے نکلی جاتی تھی اسے دوبارہ حاصل کیا۔ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ اس دلچسپ واقعہ کی توجیہ یہ ہو سکتی ہے کہ مسٹر آر نے یہ باتیں اپنے باپ سے اسکی حیات میں سنی ہوں مگر انہیں قطعی طور پر بھول گیا ہو جب دماغ پر اس واقعہ کے متعلق زور دیا گیا تو کل مستلزم واقعات میں ایک ہیجان پیدا ہو گیا جسکے باعث خواب میں یہ خیالات دوبارہ لوٹ آئے۔ (۴) ڈاکٹر صاحب کا کلیہ رابعہ یہ کہ عادت کا میلان (شوق) یا ایک دماغی جذبہ خواب کی شکل میں مشکل ہو جاتا ہے اور وہ کسی فطری واقعہ کی بدولت عملی صورت اختیار کر لیتا ہے مسٹر کامب کا بیان ہے کہ قاتل نے جرم کرنے سے قبل اس کا ارتکاب کرتے دیکھا تھا میں نے ایک مشہور افسر سے سنا ہے جس نے ایک عجیب قسم کا خواب دیکھا جو زمانہ وقوع سے دس سال قبل ظاہر ہوا تھا۔ اور وقوع کے وقت یہ خواب اسے بالکل یاد نہ تھا اور اسکی عمر اسوقت چودہ پندرہ برس کے مابین تھی اس نے خواب میں دیکھا کہ میں جبل الطنہ کے دہانہ پر چڑھ گیا ہوں اور اسکے بالائی حصہ میں جو مناظر دیکھے ان پر قناعت نہ کر کے داخلی مناظر کے دیکھنے کا ارادہ کر لیا اور نیچے اترنا شروع کیا چونکہ پر اس سے کثیر مقدار

Marfat.com

میں شعاع اور دھواں دیکھا لیکن نیچے اترنے کے تھوڑی دیر کے بعد خموشی اور سکون تھا اور اس نے کبوتر خانہ کی طرح سیڑھیوں کے ذریعہ اترنے کا انتظام کیا۔ بہت جلد اسکا پیر تھک گیا اور اسی کیفیت میں اس کی آنکھ کھل گئی۔ ۱۸۱۱ء میں جبکہ وہ ایک برطانوی فوج کا افسر تھا اور صقلیہ میں اسے قیام کرنے کا حکم ملا تھا وہ برطانوی افسروں کی ایک جماعت کے ساتھ جبل اطنہ کی چوٹی کا نظارہ کرنے گیا جب وہ پہاڑ (مخروطی شکل کے حصۂ زیریں تک) کا کچھ حصہ تمام کر چکے تو ان میں اکثر ایسے ہو گئے کہ انہیں قدم بڑھانیکی ہمت نہ رہی لیکن یہ شخص گھنٹوں کی جد وجہد میں دوسرے دو افسروں اور دو محافظوں کے ساتھ چوٹی پر چڑھ گیا اور ایسے وقت پر پہنچا کہ طلوع آفتاب کا نظارہ کر سکے وہ کہتا تھا کہ جب ہم لوگ ایک گھنٹہ تک استراحت کر چکے اور کھا پی چکے تو میں نے کہا ہملوگ کوہ آتش فشاں کے دہانہ کی چوٹی پر ہیں کیوں نہین ہم لوگ داخلی منظر کا مشاہدہ کریں۔ سبھوں نے ہنسی اڑائی اور جب مین نے محافظوں سے دریافت کیا کہ تم لوگ رفاقت کروگے تو انہوں نے جواب دیا کہ ہم لوگ اکثر سنا کرتے تھے کہ انگریز دیوانے ہوتے ہیں۔ لیکن آج ہمین اس کی تصدیق ہوئی میں تازہ دم ہو گیا تھا آخر کار تنہا چلنے کا ارادہ کر لیا آخر کار ان دو افسروں میں سے ایک میرے ساتھ چلنے پر راضی ہو گیا لیکن محافظوں نے اعانت پر مستعدی ظاہر نہین کی بیرونی جہت سے کوہ آتش فشان کے دہانہ کا دائرہ تقریباً تین میل تک محیط ہے نشیبی حصہ ایک ایسے میدان کے مثل ہے جس کے چاروں طرف نشست کی صفین بنی ہوئی معلوم ہوتی ہیں اور جس کا رقبہ ایک

Marfat.com

ایکڑ کے لگ بھگ ہو گا۔ دہانہ کے صرف بالائی کناروں سے دھواں نکلتا ہے بیرون سے نشیب کی طرف سے آتش فشانی نہین۔ دہانہ کے ایک خاص مقام پر مادہ جمع ہو گیا تھا اور جس کے کنارے ڈھالوان شکل کے بنکر نشیبی سطح سے مل گئے تھے اس مقام کی طرف ہم لوگ چلے اور دہانہ سے نیچے اترنے میں نہایت آسانی ہوئی۔ اور بلا کسی شدید خطرہ کے ہم لوگ جبل اطنہ کے انتہائی نشیبی چٹان پر کھڑے ہو گئے۔ اور محافظین ہماری غیر معمولی جسارت اور کامیابی دیکھکر مبہوت تھے وسط میں ایک بڑے کنوئین کی طرح ایک بڑا سوراخ ہے۔ جو کچھ تو بڑے بڑے پتھروں سے بھرا تھا اور کچھ خاک سے ہم لوگوں کا صعود بڑا ہی خطرناک تھا اور غایت درجہ تھک بھی گئے تھے۔ میں قیاس کرتا ہوں کہ بالائی دہانہ کے سب سے نیچے حصہ سے ہم لوگ پانچسو فیٹ نشیب مین تھے اور چونکہ ہمین راکھ اور خاک پر چلنا تھا اس لئے اوپر چڑھنے کی کوشش کرنا گویا نیچے آنے کے مترادف تھا ہم لوگوں کو یقین ہے کہ کسی نے یہ منازل طے نہین کئے ہوں گے ہم لوگ بہت تھکے ہوئے چوٹی پر پہنچے لیکن ہمین اپنی کارگذاری پر فخر تھا ہم لوگ جب قطانیہ مین آئے تو معلوم ہوا کہ یہی نہین کہ صرف ہم لوگ ہی جبل اطنہ کے داخلی مناظر کے پہلے سیر کرنے والے تھے بلکہ ہم لوگوں کے سوا اس کا کبھی کسی کو خیال بھی نہین ہوا تھا جب میں اس رات کو اپنے بستر پر آیا نیند ابھی نہین آئی تھی کہ دس برس قبل کے خواب کی یاد دماغ میں تازہ ہو گئی اور مجھے یہ تعجب خیز معلوم ہوتا ہے کہ میں نے ایسا خواب دیکھا جس کے امکان کے متعلق کبھی میں نے نہ سنا اور یہ کہ دس برس کے بعد میں نے ایسی کارگذاری

کی کہ جس کے لئے کسی نے قبل میں جسارت بھی نہین کی تھی فرؔیوڈ نے خواب کے فراموش ہو جانے کے متعلق اسٹرڈمپل کے حوالے سے ایک عالمانہ بحث کی ہے اور ضمناً یونیسٹیلی جیسن وغیرہ کے نظریات لکھے ہیں۔ فریوڈ لکھتا ہے کہ میں نے اپنے زیر علاج مریضوں سے دریافت کیا (چونکہ خواب کی تعبیر بتانے میں وہ اکثر گذشتہ واقعات کے متعلق سوال کیا کرتے تھے) تو انہوں نے پچیس سال اور اس سے بھی زیادہ قبل کے خواب بتائے وہ لکھتا ہے کہ مجھے خود آج سے ۳۷ برس قبل کا خواب یاد ہے اور وہ روزانہ کی طرح تر و تازہ معلوم ہوتا ہے۔ بعض علما کا خیال ہے کہ مستقبل کے واقعات سے بعض خواب کی یاد تازہ ہوتی ہے اگر خواب سے متعلقہ واقعہ حادث ہو تو مدت دراز کا واقعہ یاد آجاتا ہے۔ ڈاکٹر ابرکرامبی لکھتے ہیں کہ اس کلیہ کے ماتحت ان واقعات اور نظائر کو بھی رکھ سکتے ہیں جن میں لوگوں نے ان واقعات کے متعلق پیشینگوئی کی ہے جب وہ حادث ہو رہے تھے۔ یا خواب کے تھوڑے ہی دیر کے بعد حادث ہوئے مفصلہ ذیل واقعہ عرصہ سے اڈنبرا میں مشہور ہے اور روایت بھی صحیح معلوم ہوتی ہے ہوا یہ کہ ایک مسیحی عالم کچھ دور قریہ سے شہر میں آیا اور ایک سرائے میں سویا ہوا تھا اس نے خواب میں آگ دیکھی اور دیکھا کہ اس کا بچہ آگ میں گر پڑا ہے اس خواب سے پریشانی کے ساتھ وہ اٹھا اور فوراً شہر چھوڑ کر گاؤں کا راستہ لیا جب وہ اپنے گھر کے سامنے آیا اس میں آگ لگی دیکھی اور ایسے وقت پر پہنچا کہ اپنے ایک بچہ کو جو گھبراہٹ

Marfat.com

اور شور و غل میں چھوٹ گیا تھا آگ میں پڑنے سے بچا لیا یہ بچہ خطرناک حالت میں تھا اگر اس واقعہ کے مابعد الطبعی پہلو اور الہامی خصوصیات کو نظر انداز کر دیا جائے تو اسے ایک سہل اور فطری کلیہ کے ماتحت رکھ سکتے ہیں۔ فرض کرو شخص مذکور کے پاس ایک خادم ہو جس کی بدسلیقگی کے باعث اسے ہمیشہ خوف اور اندیشہ لگا رہتا ہو کہ کہیں گھر میں آگ نہ لگا دے گھر سے جدا ہونے کے بعد اس کی فکر اور اندیشہ میں مزید اضافہ ہو گیا ہو گا اور مالک کے گھر سے جدا ہونے نے اسے اور بھی غافل بنا دیا ہو گا اس کے ساتھ ہم لوگ یہ بھی تصور کر لیں کہ اس شخص کو بستر پر جانے کے بعد یک بیک یاد ہوا ہو گا کہ اس دن اس کے گھر کے قریب میں ایک میلہ ہونا مقرر ہے۔ اور نوکر وہاں سے بدمستی کی حالت میں لوٹنے کا عادی ہو گا اور یہ فطری بات تھی کہ ان خیالات کی بناء پر ایک خواب کا وقوع ہوتا اور ممکن ہے متذکرہ بالا واقعات کی وجہ سے گھر میں آگ بھی لگی ہو۔ ڈاکٹر صاحب کی یہ خامہ فرسائی بالکل ظن لاطائل کا نتیجہ ہے وجدان سلیم کے نزدیک ایسی بے سر و پا باتیں قابل قبول نہیں یقیناً یہ خواب الہامی خصوصیت رکھتا ہے اور ہم مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے مطابق اسے جزأ من النبوۃ ہی کہہ سکتے ہیں۔ اڈنبرا میں ایک شخص تھا جس کے ٹخنہ کے شرائین میں ورم کا مرض لاحق ہوا اس کے لئے وہ دو بڑے بڑے ممتاز اطباء کے زیر علاج تھا عمل جراحی کے لئے ایک دن مقرر ہوا۔ مقررہ دن سے دو روز قبل مریض کی بیوی نے خواب میں دیکھا کہ مرض ایسا افاقہ پذیر ہو چکا ہے کہ اب جس کے باعث جراحی کا عمل کرنے کی ضرورت نہیں ورم کو مس کرنے سے

Marfat.com

اس آدمی کو حیرت ہوئی کہ بس اور درد بالکل موقوف ہوگیا۔ الغرض یہی اس مرض کا علاج ہوگیا جو لوگ علم طب کے ماہر نہیں ہیں ان سے یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ ٹخنہ کی شرائین کے ورم کا علاج بغیر عمل جراحی کئے ہوئے نادر الوقوع ہے اور کوئی ایسا واقعہ نہیں جس کے ماتحت یہ قانون مستثنیٰ ہو سکے۔ ہو سکتا ہے خاتون کو اس انجام کا ممکن الوقوع ہونا معلوم ہو اور فطری طور پر اس کے اندیشہ اور تفکر کے باعث اس خواب کی تکوین ہوئی ہو لیکن واقعہ کے حدوث (یعنی ورم کے اچھے ہو جانے اور عمل جراحی کی ضرورت باقی نہ رہنے) کے ساتھ اس خواب کی تکوین ایک تعجب انگیز بات ہے۔ ایک خاتون نے خواب میں دیکھا کہ اس کی ایک معمر رشتہ دار خاتون کو ایک سیاہ فام خادم نے قتل کیا ہے یہ خواب اس نے کئی بار دیکھا اس سے وہ اس قدر متاثر ہوئی کہ اسی رات کو وہ اس ضعیفہ کے مکان پر گئی اور ایک آدمی کو ایک ملحق کمرہ میں خبر گیری کے لئے متعین کر دیا۔ صبح کے وقت تین بجے اس آدمی نے سیڑھی پر قدم رکھنے کی آواز سنی۔ وہ اپنے پوشیدہ مقام سے نکلا دیکھا کہ ایک نوکر کوئلے لئے جا رہا ہے جب اس نے سوال کیا کہ کہاں جاتا ہے تو اس نوکر نے اضطراب اور عجلت میں جواب دیا کہ اپنی مالکہ کے واسطے آگ سلگانے کے لئے جا رہا ہوں موسم گرما میں ۳ بجے یہ امر صریحاً ناممکن الوقوع تھا مزید تحقیقات اور تلاش کے بعد کوئلہ کے اندر سے ایک تیز چھرا نکلا ایک دوسری خاتون نے اپنے ایک نو عمر بھتیجہ کو خواب میں دیکھا کہ وہ بحری سفر کرنے میں بمقام "فرتھ ان فورتھ" اپنے دوسرے رفقاء کے ساتھ جنکو اس نے ساتھ لے لیا تھا ڈوب گیا دوسرے دن خاتون نے اپنے بھتیجہ

Marfat.com

کو بلا بھیجا اور بڑی اہمیت کے ساتھ اسے اس شغل سے باز رکھا اس کے اور ساتھی گئے اور ڈوب گئے۔ اڈنبرا میں ایک خاتون نے اپنی گھڑی مرمت کرنے کے لئے روانہ کی' مدت ہو گئی اور اسے گھڑی نہ ملی۔ گھڑی ساز کے امروز فردا کرنے سے اس خاتون کو شبہ ہوا کہ اس کے اندر کوئی راز مضمر ہے اس نے خواب میں دیکھا کہ گھڑی ساز کے لڑکے نے جس کے ہاتھ سے اس نے گھڑی روانہ کی تھی گلی میں گرادی اور وہ اس طرح سے ٹوٹ گئی کہ اس کی مرمت نہیں ہو سکتی تب وہ گھڑی ساز کے یہاں گئی اس نے خواب کا تذکرہ تو مطلق نہیں کیا لیکن واقعہ کی نوعیت بیان کر دی جس پر گھڑی ساز نے اعتراف کیا مسٹر جازف خیاط کا بیان ہے۔ کہ یک نوجوان شخص نے جو اپنے مکان سے ایک سو میل کے فصل پر ایک درس گاہ میں رہتا تھا خواب میں دیکھا کہ رات کے وقت وہ اپنے باپ کے مکان پر گیا۔ صدر دروازہ کھولنے کی کوشش کی لیکن اسے مقفل پایا بائیں دروازہ سے داخل ہوا اور کسی کو بیدار نہ پاکر سیدھا اپنے والدین کی خواب گاہ میں گیا اور اپنی والدہ سے جو اس وقت بیدار تھی کہنے لگا' اماں میں ایک دور دراز سفر کرنے والا ہوں اس لئے آپ سے رخصت ہونے آیا ہوں اس پر اس نے کہا اے میرے پیارے بچے! تو مر گیا وہ فوراً ہی بیدار ہو گیا اور اسے خواب کا خیال نہ رہا یہاں تک کہ چند دنوں کے بعد اسے اس کی ماں کا ایک خط موصول ہوا جس میں اس نے اس کی صحت کے متعلق تفتیش کی تھی اور اس تفتیش کا سبب وہی خوفناک خواب تھا جس کا ابھی بیان ہوا جو اسی رات کو اس خاتون نے بھی دیکھا تھا اس نے خواب میں دیکھا کہ کوئی ...

Marfat.com

دروازہ کھولنے کی کوشش کر رہا ہے پھر پائین دروازہ کی طرف گیا اور آخر کار خواب گاہ میں چلا آیا تب اس نے دیکھا کہ یہ میرا فرزند ہے اور اس کے بستر خواب کے پہلو میں آکر کہہ رہا ہے۔ اماں میں ایک دور دراز سفر کرنے والا ہوں جس پر وہ چلا اوٹھی اسے میرے بچے تو مرگیا! لیکن جانبین میں سے کسی پر کسی غیر معمولی واقعہ کا حدوث نہوا۔ اس کے بعد ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ ایسے خواب بھی قلمبند کئے گئے ہیں جن کو ان اصول اربعہ میں سے کسی کے ماتحت نہیں رکھ سکتے ان میں سے بہتیرے خواب انتشار دماغی کا نتیجہ ہیں نبی صلعم فرماتے ہیں (حدیث النفس و تخویف الشیطان و بشریٰ من اللہ) اور بعضوں سے نقد و بصر شرح و بسط کے بعد مجھے یقینی طور پر معلوم ہوگیا کہ یہی بات تھی بعض ایسے خواب ہیں جن کی تفسیر ماہیت اور وضاحت کنہ تک ہماری فکر رسا نہیں پہنچ سکتی اس کی مثال میں ہم لوگ مفصلہ ذیل خواب پیش کر سکتے ہیں دو بہنیں ایک بھائی کی تیمارداری کر رہی تھیں جس کے حلق میں ایک زخم ہوگیا تھا جو گو سخت اور تکلیف دہ تھا لیکن خطرناک نہ تھا اس وقت ایک بہن نے اپنے ایک دوست سے ایک گھڑی عاریۃً لی چونکہ اس کی گھڑی مرمت کے لئے گئی تھی یہ گھڑی ایسی تھی کہ خاندانی چیز ہونے کے باعث اسے ایک خاص وقعت سے دیکھا جاتا اور لوگوں کا قیاس تھا کہ یہ کبھی خراب نہیں ہو سکتی دونوں بہنیں ایک کمرہ میں سوئی تھیں جو بھائی کے کمرہ سے ملحق تھا بڑی بہن بڑی گھبراہٹ میں بیدار ہوئی۔ اور اپنی چھوٹی بہن کو جگا کر کہا کہ میں نے ایک نہایت ہی خوفناک خواب دیکھا ہے، دیکھا کہ مریم کی گھڑی بند ہوگئی اور جب میں نے تم سے اس واقعہ کا تذکرہ کیا

Marfat.com

تو تم نے جواب دیا اس سے بھی زیادہ وحشت ناک اور برا حادثہ ہوا ہے یعنی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کی حرکت نبض بند ہو گئی اپنے بھائی کا نام لیا جو بیمار تھا گھبراہٹ کے رفع کرنے کے لئے چھوٹی بہن فوراً اٹھی اور اپنے بھائی کو دیکھا کہ چپ چاپ سو رہا تھا اور گھڑی چل رہی تھی دوسری رات کو اس نے پھر وہی خواب دیکھا اور وہی گھبراہٹ تھی مگر بھائی آرام سے سو رہا تھا اور گھڑی چل رہی تھی دن کے وقت جیسے ہی گھر والوں نے ناشتہ کیا ایک بہن اپنے بھائی کے پاس بیٹھی ہوئی تھی اور دوسری ایک ملحق کمرہ میں ایک مضمون لکھ رہی تھی جب وہ مضمون لکھکر ملفوف کرنے چلی تو وہ اس گھڑی کو لینے کیلئے اوٹھی جس کا تذکرہ اوپر ہوا اور جو اس کے لکھنے کی میز پر رکھی ہوئی تھی وہ یہ دیکھکر متحیر ہوئی کہ گھڑی بند ہو گئی اسی وقت اس نے پہلو والے کمرہ سے اپنی بہن کی پُر درد چیخ کی آواز سنی ان کے بھائی کو جس کے متعلق خیال تھا کہ اب روبہ صحت ہے حبس نفس کی بیہوشی لاحق ہو گئی اور اس نے فوراً انتقال کیا مسٹر جازف خیاط کی روایت اور یہ آخر خواب کا تذکرہ ہماری روحانی زندگی کے عجائبات ہیں ہماری حیات شاعرہ جس کے عجائب وغرائب ہم عالم خواب میں مشاہدہ کرتے ہیں اگر ارتقاء کی تدریجی منزلیں طے کرتی رہے تو یقیناً ہم عالم بیداری میں بھی وہ تمام مشاہدات کر سکتے ہیں جنہیں رویائے صالحہ کشف والہام وغیرہ کہتے ہیں عجائبات خواب کا مطالعہ کرنے کے بعد روحانیات کے مبادی واصول "نقل افکار" (Telepathy) "غیب بینی" (Clairvoiance) وغیرہ کی تصدیق ہوتی ہے۔

Marfat.com

# برگساں کے افکار و آراء

نیند میں ہماری آنکھیں بند ہوتی ہیں ہمارے ہاتھ پیر ساکن رہتے ہیں ہمارا گوش بظاہر سویا رہتا ہے لیکن یہ خوابیدگی بالکل ظاہری ہوتی ہے باطناً ہم بیدار رہتے ہیں ہمارا باصرہ رنگ والوان کی تیز کرتا ہے ہمارا لامسہ عرض و مادہ کو محسوس کرتا ہے' ہمارے سامعہ کو آواز ون کا احساس ہوتا ہے؟ لیکن اس کے کیا اسباب ہیں آنکھیں بند کر لینے کے بعد موجود فی الخارج کی حس ممکن بھی ہے یا نہیں؟ اسی طرح ظاہری اعضائے لامسہ کے تعطل کے بعد کیا باطناً ہم کسی شئے کو مس کر سکتے ہیں؟ آخر اس ظاہری خوابیدگی کے باوجود ہمارے کان کیونکر سنتے ہیں؟ ہنری برگساں نے ان کل مسایل پر مفصل بحث کی ہے وہ کہتا ہے کہ آنکھیں بند کر لیجئے' اور توجہ کے ساتھ دیکھئے رؤیت کی دنیا میں کیا ہو رہا ہے' اس کے متعلق سوال کیا جائے تو بہت سے لوگ کہینگے کہ کچھ نہیں ہوتا یعنی وہ کچھ نہیں دیکھتے' کوئی تعجب کی بات نہیں کیونکہ کسی قدر مشق کے بعد ایک آدمی تشفی بخش طریقہ سے خود مشاہدہ کر سکتا ہے لیکن توجہ مبذول کیجئے' آپ تھوڑا تھوڑا کر کے اشیاء میں امتیاز کریں گے پہلے پہل ایک سیاہ منظر بعید (Back Ground) ظاہر ہوگا اس کے بعد اس سیاہ منظر میں چمکیلے نقطے رواں دواں ہوں گے کبھی یہ بلند ہوں گے کبھی پست ہوں گے' کبھی انکی رفتار آہستہ ہوگی کبھی تیز ہوگی' اکثر ایسا ہوگا کہ مختلف رنگ کے داغ بعض لوگوں کو دھندلے بعض کو بہت درخشان نظر آئینگے' ایسے درخشان کہ حقیقی رنگ ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے یہ دھبے پھیلتے اور سمٹتے

Marfat.com

نظر آئیں گے ان کی شکل اور رنگ بدلتا جائے گا برابر ایک شکل نمایاں ہوگی ایک رنگ ظاہر ہوگا اور پھر غائب ہو جائے گا دوسرا اسکی جگہ لیگا بعض اوقات اس تغیر و تبدل میں آہستگی و توازن ہوگا بعض اوقات اس میں مرمر کے جونکے کی طرح تیزی ہوگی یہ نقوش باطل کہاں سے آتے ہیں ماہرین عضویات ونفسیات نے رنگ والوان کے اس کھیل کا مطالعہ کیا ہے وہ اس منظر کو "صور عینی" (Ocular Spectra) "داغہائے رنگین" اور "فاسفنس" (Phosphenes) سے تعبیر کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حلقہ چشم پر بند پتلیاں دباؤ ڈالتی ہیں اسی وجہ سے عصب البصری (Optic Nerve) میکانی طور پر متحرک ہو جاتا ہے، برگسان کہتا ہے کہ یہاں نہ تو اس منظر کی توجیہہ سے بحث ہے نہ اس کے تسمیہ سے بلکہ عام طور پر یہ واقع ہوتا ہے اور ہم فوراً کہہ سکتے ہیں کہ یہی وہ خاص مادہ ہے جس کے ذریعہ ہم اپنے خوابوں کی تشکیل کرتے ہیں۔ اسی طرح سامعہ سے بحث کرتے ہوئے برگسان لکھتا ہے کہ ہم نیند میں ہوتے ہیں۔ لیکن میز و کرسی کی چچاہٹ، آگ کی چٹک، یا مینہ کا بوچھار، ہوا کا جھونکا یہ ساری آوازیں ہمارے کان میں آتی ہیں۔ خواب انکو اپنے حالات کے ماتحت مکالمہ (غنا) چیخ اور موسیقی میں بدل ڈالتا ہے برگسان کے اس نظریہ کی تائید ڈاکٹر ابرکرامبی کی اس روایت سے ہوتی ہیں جس میں اسنے دکھایا ہے کہ ایک سپاہی کے احباب نیند میں اس کے کان میں آہستہ آہستہ بولتے اور میدان جنگ کا خوفناک منظر دکھا کر ان کو دہشت زدہ بناتے ہم خواب میں دیکھتے ہیں کہ خلا میں اڑ رہے ہیں ایسا خواب دیکھنے والوں پر کہتا ہے کہ اسکے قبل بھی ہم نے اس قسم کا التباس دیکھا لیکن یہ بالکل حقیقی معلوم ہوتا ہے اور

Marfat.com

ہوتا ہے کہ ہم قانون جر ثقیل سے اپنے کو آزاد کر سکتے ہیں۔ اگر تم یکایک بیدار ہو جاؤ تم بلا کسی زحمت کے اس کی تحلیل کر سکتے ہو اگر فوراً اس کی ابتدا کر دو تم دیکھو گے کہ تمہارے پیر زمین کو مس نہیں کر رہے ہیں۔ یہ بات قابل غور ہے۔ کہ خواب میں تم ایک ہی سمت خود کو اڑتے ہوئے دیکھو گے۔ اور جب تم بیدار ہو جاؤ۔ تو یہ مطالعہ کر سکتے ہو کہ جس پہلو تم سوئے تھے اسی سمت تم خواب میں اڑنے کی کوشش بھی کر رہے تھے۔ یعنی تمہارے اڑنے کی سعی اور جسم کا دباؤ۔ سمت کے اعتبار سے یکساں ہوتا ہے۔ ایم میکسن سائمن (M. Maxon Simon) نے خواب میں دیکھا کہ پہلو بہ پہلو اشرفیوں کا دو غیر مساوی انبار ہے ان ڈھیروں کو وہ برابر کرنا چاہتا ہے لیکن وہ برابر نہیں کر سکتا۔ اس سے اس کو انتہائی تکلیف ہوئی۔ لحظہ بہ لحظہ یہ تکلیف بڑھی اور آخر کار وہ بیدار ہو گیا اس نے دیکھا کہ بستر کی تہ میں اس کا ایک پیر اس طرح پھنس گیا ہے کہ اس کے دونوں پیر دو مختلف سطح پر ہیں۔ اور اس کے لئے دونوں کو ایک سطح پر لانا ناممکن ہے دونوں پیر چونکہ غیر مساوی سطح پر تھے۔ اس لئے سائمن نے خواب میں دو غیر مساوی ڈھیر دیکھا۔ اگلے سطور میں برگساں بتا چکا ہے کہ آنکھیں بند ہوتی ہیں۔ اسوقت بھی مختلف قسم کے رنگ رواں دواں ہوتے ہیں۔ دنیائے بصارت میں بھی داغہائے رنگین خاص حالات کے ماتحت شکل وصورت اختیار کر لیتے ہیں۔ سائمن کی آنکھوں کے سامنے زرد رنگ کے داغ آئے اور انھوں نے اشرفیوں کی صورت اختیار کر لی۔ اب چونکہ سائمن۔ اپنا دونوں پیر برابر کرنا چاہتے تھے اس لئے انھوں نے خواب میں اشرفیوں کے دونوں غیر مساوی

Marfat.com

ڈھیروں کو برابر کرتے دیکھا۔ خواب میں آگ نظر آنے کے متعلق علمار کے دو نظریات ہیں ایک طبقہ جو خواب کی الہامی خصوصیت کا معتقد ہے اس کو آئندہ ترقی کیلئے ایک فال نیک بتاتا ہے گستاؤ ہنڈمیں میلر اور ابوشجاع بویہ دیلمی کا معبّر اسی جماعت کے افراد ہیں دوسرا گروہ اس کو "ادراک حِسّی" (Sense Perception) کا نتیجہ بتاتا ہے اس زمرہ میں ڈاکٹر ابر کرامبی اور ہنری برگسان ہیں۔ ڈاکٹر فرائڈ نے بھی اپنی کتاب میں ایک جگہ تذکرہ کیا ہے کہ ایک بوڑھے آدمی کا لڑکا مر گیا۔ لڑکے کو کفن میں لپیٹ کر رات کیوقت رکھدیا گیا لاش کے پہلو میں شمع جل رہی تھی اور بوڑھا آدمی بیٹھا تھا آخر شب میں اس کی آنکھ لگ گئی خواب میں دیکھا کہ اس کا بچہ کہہ رہا ہے کہ ابا آپ سوئے ہوئے ہیں میں جل رہا ہوں۔ ضعیف آدمی کی آنکھیں کھل گئیں دیکھا تو شمع لاش پر گر گئی ہے اور کفن کا کچھ حصہ جل رہا ہے فرائڈ نے اس کی کوئی عملی توجیہ نہیں کی ہے بلکہ دور از کار تاویل سے کام لیا ہے فرانس کے مشہور فلسفی ہنری برگساں نے بسط کے ساتھ اس مسئلہ پر عالمانہ اور محققانہ روشنی ڈالی ہے۔

برگساں لکھتا ہے کہ آنکھیں جب بند ہوتی ہیں تو نور وظل (Light and Shade) میں امتیاز کرتی ہیں یہی نہیں بلکہ آنکھوں کو مختلف قسم کی روشنیوں کی تمیز ہوتی ہے۔ خارجی نور کے یہ مدرکات ہمارے بہت سے خوابوں کی تہ میں ہوتے ہیں۔ کسی کمرہ میں اگر یکایک کوئی شمع روشن ہوجائے اور سونے والے پر گہری نیند کا غلبہ نہ ہو تو وہ دیکھے گا کہ آتش ملتہب ہے کسی عمارت میں آگ لگ گئی ہے اس مسئلہ پر

Marfat.com

ایم ٹیسے (Tesste) نے دو مشاہدات درج کئے ہیں۔ بی لین (B. Loon) خواب میں دیکھتا ہے کہ اسکندریہ کے تھیٹر میں آگ لگ گئی ہے یکا یک وہ محلہ عام کے فوارہ کے درمیان پہنچ جاتا ہے آگ کا سلسلہ ان زنجیروں تک پہنچ جاتا ہے جن کے ذریعہ کنارہ کے ستون ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔ تب وہ اپنے کو پیرس کے میدان میں پاتا ہے جہاں آگ لگی ہوئی ہے ان خطرناک مناظر میں وہ حصہ لیتا ہے وہ چونک جاتا ہے اس کی آنکھ کھل جاتی ہے اسے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی رات کی خادمہ گذرتی ہے تو اس کی سیاہ لالٹین سے روشنی چھن کر اس کے بستر پر پڑ رہی ہے ایم بر ٹریںڈ خواب میں دیکھتا ہے کہ وہ ایک ایسے مقام میں ہے جہاں وہ پہلے نوکر تھا وہ اس کے بعد قلعہ فرانس طولوں، لوریٹ، کریمیا اور قسطنطنیہ میں پہنچتا ہے وہ برق کی چمک دیکھتا ہے رعد کی گرج سنتا ہے۔ اور ایک لڑائی میں ین شریک ہوتا ہے جس میں توپ کے دہانوں سے آگ کے شعلے ملتہب ہو رہے ہیں وہ چونک کر جاگ اوٹھتا ہے بی لین کی طرح وہ بھی مشاہدہ کرتا ہے کہ خادمہ شب کے سیاہ لال ٹین کی روشنی اس پر پڑ رہی ہے اکثر اسی طرح چمکیلی ناگہانی روشنی سے خوابوں کی تحریک ہوتی ہے۔ لیکن چاند کی خنک ضیاء باریوں سے انسان بالکل مختلف خواب دیکھتا ہے۔ اسے کراس۔ (A. Karauss) کہتا ہے کہ ایک شب اس نے خواب میں دیکھا کہ وہ ایک نوجوان دوشیزہ کی طرف اپنے بازو پھیلا رہا ہے۔ بیدار ہوا تو دیکھا کہ چاند کی روشنی اس پر پڑ رہی ہے۔ یہ بہت پر لطف بات ہے۔

Marfat.com

کہ اسی نوع کے اور بھی خواب کے واقعات ہیں جن میں چاند کی نور فشانیوں سے جن کا عکس سونے والے کی آنکھوں پر پڑ رہا تھا۔ خواب میں دوشیزہ کی صورتیں نمودار ہوئیں شاید انڈیمین چرواہے کے افسانہ کی اصلیت اسی نوع کا خواب ہے اس افسانہ میں دکھایا گیا ہے کہ یہ چرواہا محو خواب ہے۔ اور سیلین دیوی یعنی چاند اسے پیار کر رہی ہے آج سے تین چار سال قبل "م" نے خواب میں دیکھا کہ ایک نہایت ہی حسین عورت جو ریشم و حریر میں ملبوس ہے اور جس کے جسم کی مشک بیزیاں مشام جان کو معطر کر رہی ہیں۔ دروازہ کے باہر کھڑی ہے دروازہ بند ہے لیکن خوشبو سے کمرہ کا داخلی حصہ معطر ہو رہا ہے یکایک کمرہ کھلتا ہے اور وہ حسینہ اندر داخل ہوتی ہے "م" چت سویا ہے حسینہ اوس پر چھا جاتی ہے اور اپنی آغوش میں لیکر اسکو پیار کرنے لگتی ہے "م" محسوس کرتا ہے کہ حسینہ اتنے زور سے منھ چوم رہی ہے کہ مبادا اسکے دانت یا سر کو صدمہ پہنچے اس لئے وہ اپنے بازوؤں سے حسینہ کا بوجھ ہلکا کر رہا ہے اس کے بعد "م" اور وہ حسینہ دونوا ٹھ بیٹھتے ہیں اور ایک ریشمی اوڑھنی اوڑھکر دونو باہم بیٹھتے ہیں۔ "م" جس کمرہ میں سویا تھا۔ اس کی مشرقی سمت ایک کھڑکی ہے غالباً برگساں کے نظریہ کے مطابق چاند کی خنک ضیا باریاں "م" کی آنکھوں کو چوم رہی ہوں گی اس لئے اس نے ایسا خواب دیکھا۔

Marfat.com

# اہلِ یونان

خواب کے متعلق الہام کا عقیدہ ساری ادبیات یونان میں ''کلی حیثیت رکھتا ہے''
پانچویں صدی میں اسقیلوس ''تعبیر خواب'' (One Iromancy) سے قواعد
کے اکتشاف کو ان خاص چیزوں میں شمار کرتا ہے جن کے لئے بنی نوع انسان
پرلمیسیں کے مرہون منت ہیں ہومر اپنی مشہور رزمیہ مثنوی الیاد میں کہتا ہے
کہ خواب کا بھیجنے والا زئیس ہے قدیم یونانیوں کے بعض افکار سے پتہ چلتا ہے کہ وہ
بعض مقامات مثلاً ''ڈلفی'' کے خوابوں کی الہامی خصوصیت کو خود مقامی برکت یا پاکی
کا نتیجہ جانتے تھے، اس کے بعد بہت شایستہ اصول یہ تھا کہ خود دیوتا خواب کا الہام
کرتے ہیں اس طور سے ڈلفی کا مندر اپالو کے قبضہ میں آگیا اور اپالو اپنی ملہمہ دیوی
کے منہ سے مستقبل کا الہام کرنے کے علاوہ بہت بڑا خواب کا بھیجنے والا ہے اسی طرح
امراض کے لئے (Incubation) کے ذریعہ نسخہ پانا تاریخی زمانہ خاصکر
ایسقلیقیوس (Asclepius) کی سرپرستی میں ہے اور ایمفیداریوس اس کا
بڑا ہیکل تمام ہیاکل میں معروف ترین ہے جہاں پر خواب میں ایسے نسخے حاصل
ہوسکتے ہیں یونانیوں کا عقیدہ تھا کہ دیوتا مریض کے خواب میں خود ہی آتے ہیں اور
اس کو علاج کا طریقہ بتاتے ہیں جب ہم لوگ یاد کرتے ہیں کہ اس زمانہ میں طبی تصنیفات
وسیع پیمانہ پر عوام الناس کے درمیان متداول تھیں جن میں خوراک اور ریاضت

Marfat.com

کی ہدایتیں اور عام بیماریوں کے نسخے ہوتے تھے، تو ہم لوگ اس قسم کے ہیاکل کی بڑھی ہوئی شہرت کی حقیقت سمجھ سکتے ہیں، ان بڑے بڑے معابد کے علاوہ علم تعبیر خواب کے پرائیوٹ پیشہ ور ماہرین بھی رہتے تھے۔ اس عہد میں پرائیوٹ استعمال کے لئے اس علم کے متعلق چھوٹی چھوٹی کتابیں ہوتی تھیں جن میں ایک جو دوسری صدی عیسوی میں آرتمیدادوس (Artemidoros) کی تصنیف ہے ہم لوگوں تک پہنچی ہے خواب کی الہامی خصوصیت کا عقیدہ آرفک مذہب اور اس کے جانشین فلسفہ فیثاغورث میں بہت اہمیت رکھتا ہے آرفک مذہب کی تعلیم تھی کہ جسم روح کی قبر ہے اور جب کبھی روح اس قید جسمانی سے آزاد ہو جاتی ہے تو اس میں حقیقی زندگی کی بیداری آجاتی ہے اور اس کا قدرتی اثر یہ ہوا کہ لوگ سمجھنے لگے کہ روح نیند میں اشیاء ابدی کے ساتھ مکالمہ کرتی ہے اور آسمان سے اس کو ایسی خبریں موصول ہوتی ہیں جن پر اس کا دسترس نہیں ہو سکتا، یہ تعلیم خاص فندار اور ایسقیلوس کی تحریروں میں مشہور ہیں ان شعراکو صقلیہ کے ساتھ خاص علاقہ ہے اور ظاہر ہے کہ صقلیہ آرفک مسلک اور فیثاغورث کے مذہب کا گہوارہ ہے فندار کہتا ہے کہ جب تک جسم بر سر عمل رہتا ہے روح محو خواب رہتی ہے اور جب جسم پر سکوت طاری ہوتا ہے تو روح بیدار ہو جاتی ہے آرفک اسکول کے بہت سے افکار و عقاید کی طرح "الہامی خواب" کی تعلیم پر فیثاغورث کے فلسفہ نے مجددانہ اثر ڈالا ایمبلیقوس متعدد بار اس اخلاقی تربیت کا ذکر کرتا ہے جو فیثاغورث اس مسلک کے پیروؤں کی نیند اور عالم

Marfat.com

خواب کے متعلق عمل میں لاتا تھا' خاصکر وہ کہتا ہے کہ اس جمعیت کا دستور تھا کہ لوگ سونے کے لئے سکوں آفریں موسیقی سنا کرتے تھے' اس کا اثر یہ ہوتا تھا کہ ان کے نافرمان شہوات دب جاتے تھے' ان کی نیند لطیف اور ان کے خواب بہت کم۔ خوش گوار اور الہامی ہو جاتے تھے' افلاطون کی "جمہوریت" میں یہی اصول پھر ظاہر ہوتا ہے جہاں سقراط کا یہ عقیدہ مذکور ہے کہ نیک لوگوں کے خواب خالص اور الہامی ہوتے ہیں۔ کیونکہ خواب کے اندر بھی انکی روح کے فرو تر عناصر مطیع و منقاد رہتے ہیں اور ان کے شریفانہ عناصر خود اپنی آزاد اور غیر مقید زندگی میں رواں دواں ہوتے ہیں یہ قابل لحاظ بات ہے کہ "کریٹو" اور "فیڈو" میں جو خواب سقراط کی طرف منسوب ہیں وہ کھلے طور پر آرفک اسکول اور فلسفہ فیثا غورث کے مشترک اثر کا نتیجہ ہیں الہامی خوابوں کے متعلق فیثا غورث کے مذہب کی تعلیم اکاڈمی سے رواقیین (Stoics) کے یہاں پہنچی' اس لئے زینو اپنے پیرؤں کو مشورہ دیتا ہے کے وہ خواب کے ذریعہ اپنی پاکبازی کی ترقی کا امتحان لیا کریں

## وحشی اور مہذب اقوام کا زاویہ نگاہ

یونان کے یہ عقاید اور اصول ان معاملات کے متعلق ہمارے بہتیرے اصول کی طرح وحشی اقوام کے منکرین کے نتایج کا مصنوعی بیان ہیں نارنگا قوم کا خیال ہے کہ انسانی روح نیند میں جسم چھوڑ سکتی ہے اور دوسروں کی ارواح کے ساتھ مل سکتی ہے جسم کا سوجانا روح کی فرصت یا عید کا دن ہے روح نیند میں موت کی طرح آسمان پر مقام روحانی کی طرف

Marfat.com

صعود کرتی ہے اور زمان و مکان کے قیود سے آزاد ہو جاتی ہے ہم لوگوں میں ایسے آدمی ہیں جو کہتے ہیں کہ انہوں نے خواب کے اندر ایسے نامعلوم مقامات دیکھے ہیں جنکو بہت دنوں کے بعد انہوں نے عالم بیداری میں دیکھا، اور اس کے قبل بیداری میں کبھی دیکھا نہیں تھا، اسی طرح ہاوٹ لکھتا ہے کہ ایک وحشی قوم کا آدمی مجھ سے کہنے لگا کہ خواب میں اس کا باپ آیا اور کہا کہ اس کو چھپ جانا چاہیے، ورنہ اس کی جان جائے گی، اس نے اس کی جان بچائی، چونکہ اس کے بعد وہ ایسے مقام میں آیا جو اس نے خواب میں دیکھا تھا، اور لوٹ کر وہاں چلا گیا جہاں اس کے دوست تھے اس لئے اس کے دشمن جو اس کا انتظار کر رہے تھے اس کو پکڑ نہ سکے، ایسا تجربہ اور یہ فلسفہ ان اقوام کے یہاں بھی پایا جاتا ہے جو تہذیب کے گہوارہ میں ہیں ٹائیلر، سینٹ اگستاین سے ایک روایت نقل کرتا ہے سینٹ موصوف کے ایک دوست نے یہ قصہ بیان کیا اس شخص نے سونے کے قبل اپنے ایک لاقانی فلسفی کو دیکھا جو اس کے پاس آیا اور بعض افلاطونی اجزا کی تشریح کی جن پر پہلے اس نے روشنی ڈالنے سے انکار کیا تھا، فلسفی سے جب سوال کیا گیا تو اس نے کہا میں نے تو ایسا نہیں کیا لیکن میں نے خواب میں ایسا کرتے دیکھا۔ اس قسم کے باہمی تجربہ کے متعلق بہت سے قصے ہیں ایک کا تذکرہ کیا جاتا ہے جس کو خواب کے دیکھنے والے اور اس کی ماں نے لکھ رکھا تھا، اور اس پر ان کا دستخط ثبت تھا، ماں اس وقت اپنے گھر پر تھی، ریورنٹ سٹربی اپنے کلب میں سو رہا تھا یہ کلب پرنسس اسٹریٹ اڈنبرا میں تھا اس نے خواب میں دیکھا کہ اس کو کھانے میں دیر ہو گئی اور وہ گھر پر اپنے والدین

Marfat.com

جان بی کے مکان میں گیا جو ابر کرامبی پلس میں واقع تھا اس نے خود اپنی کنجی سے دروازہ نہیں کھولا بلکہ اس کے باپ نے کھولا' وہ اوپر سیڑھی پر چڑھ گیا اور نیچے کی طرف دیکھا کہ اس کا باپ اس کی طرف دیکھ رہا ہے۔ اس کے بعد وہ بیدار ہو گیا اپنے کو کلب میں پایا اس وقت نصف شب میں دس منٹ باقی تھے' وہ دوڑا ہوا گھر کی طرف آیا اور سامنے کا دروازہ بند پایا اس کے باپ نے کھول دیا اور کہا کہ تم کہاں تھے۔ دس منٹ ہوئے تم آئے تھے۔ اور اوپر کوٹھے پر چڑھ گئے' اس وقت سے تم کہاں تھے'؟ سینٹ اگستاین کی روایت کے افلاطونی فلسفی کی طرح (جس کا سطور بالا میں تذکرہ ہو چکا) مسٹر بی نے جواب دیا میں نے ایسا نہیں کیا لیکن میں نے خواب میں ایسا کرتے دیکھا' ایک آدمی کا خواب سچا ہو جاتا ہے' وہ پاتا ہے کہ جو کچھ خواب میں اس نے دیکھا تھا' گو اس کے جاننے کے لئے اس کے پاس کوئی عام ذریعہ نہ تھا' لیکن حقیقۃً وہ سچ تھا' وہ نتیجہ نکالتا ہے کہ کوئی چیز اس کے اندر ہے جو باہر نکلکر جاتی ہے اور ایسے مقامات کا دورہ کرتی ہے جہاں وہ جسمانی طور پر نہیں گیا' یقیناً بعض خواب ایسے ہوتے ہیں جن کو میئر نے اپنی کتاب "انسانی شخصیت" کے اندر "شعور خفی" (Subliminal Self) کے ماتحت رکھا ہے میئر کے اصول کے مطابق انسان کو تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ بعض خواب انسانی ادراک کے غیر مشروح سلسلوں کا پتہ بتلاتے ہیں اگر انسان خواب نہیں دیکھتا تو گمان غالب ہے کہ فلسفہ اور مذہب روح کے مسئلہ کو ترقی نہ دے سکتے'

Marfat.com

اگر صرف فی صدی پانچ آدمی خواب دیکھتے تو پنچانوے ۹۵ فی صدی لوگ ان خوابوں کو محض کذب و بطل خیال کرتے،

# ملت بابل

اہل بابل کی زندگی میں خواب کو بہت بڑی اہمیت حاصل تھی ان کا عقیدہ تھا کہ خواب میں دیوتا ایک خاص طریقہ سے افراد کے پاس آتے ہیں تاکہ ان کو مشیت ایزدی اور مستقبل سے باخبر کریں "بارو"۔ یا۔ "بینا" ایک خاص طبقہ کے احبار کہلاتے ہیں شمس دیوتا کے خطابات میں ایک "بار و تیریتی" بھی تھا جس کے معنی "قانون الہامی کا بینا" ہے ان کے عقیدہ کے مطابق الہامی خواب عوام الناس بھی دیکھ سکتے تھے اور پیشہ ور "بینا" بھی اور ان خوابوں کی تعبیر کے لئے کتابیں تھیں دعا کا جواب حاصل کرنے کے لئے ایک شخص ایک معبد میں سوتا اور "مخیر" سے دعاء کرتا مخیر خواب کے دیوتا کا نام تھا مخیر سے خواب کی آرزو کرنے کے متعلق ان کے یہاں خاص گانا ہے۔ مسٹر ہارمزد رسام نے مقام بلوات میں جو موصل سے پندرہ میل مشرق کی طرف واقع ہے ایک چھوٹے سے ہیکل کا پتہ لگایا ہے جو خاصکر مخیر کے نام سے معنون کیا گیا تھا اس میں وہ لوگ جایا کرتے تھے۔ جو خاطر خواہ خواب دیکھنا چاہتے تھے۔ اہل بابل کی اساطیر ان کے جنگ وجدال کی تاریخی روایات ان کے آثار باقیہ خواب کے حوالوں سے بھرے ہیں اہل بابل کا ایک بادشاہ اسو بنی پل (Asubanipal) "استر" دیوی کو خواب میں

Marfat.com

دیکھکر ایک دریا سے عبور کرنے کی جرأت کرتا ہے دیوی خواب میں آتی ہے اور اس کو اپنے ہاتھ کی مخلوق بتاتی ہے اسی بادشاہ کے عہد میں ایلم سے جنگ شروع ہوتی ہے بادشاہ یاس و حرمان میں گھرا ہوا ہے کہ اس کو پھر فتح و نصرت کا یقین دلایا جاتا ہے اسنے "استر" کی عبادت کی اور اسی رات کو ایک "بینا" نے خواب میں دیکھا کہ استر دیوی آئی اس کے دونوں شانوں پر کمان ہے اور ہاتھ میں ایک تیر لئے ہے اس نے خواب دیکھنے والے کو حکم دیا کہ بادشاہ سے کہے کہ وہ کھانا کھائے شراب پیئے گانا سنے میری الوہیت کی تسبیح کرے یہاں تک کہ میں اس امر کی تکمیل کے لئے جاتی ہوں میں تیرے دل کی خواہش پوری کروں گی تیری صورت زرد نہیں ہوگی تیرے پیر میں لغزش نہیں پیدا ہوگی۔ جنگ میں تیرا زہرہ آب ہوگا اسی طرح حران میں قمر دیوتا کے معبد کی دوبارہ تعمیر خواب ہی کا نتیجہ تھی۔ کتاب دانیال میں بخت نصر کے خوابوں کا بڑا حصہ بھرا ہوا ہے اور ایک مثال ایسی بھی ہے جس میں عقلا سے صرف خواب کی تعبیر ہی نہیں دریافت کی گئی بلکہ ان کو کہا گیا کہ بادشاہ کو وہ خواب یاد دلائیں۔ اہل بابل کے یہاں خواب کی تعبیر کے متعلق باضابطہ کتابیں تھیں یہ خواب کی کتابیں ایک جلد میں تھیں اور "اسو بنی پال" کی لائبریری میں تھیں یہ لائبریری نینوا میں تھی یہی خزانہ تھا جو علم تعبیر خواب کے متعلق آرٹیمیڈ ورس کی پانچ کتابوں کا ماخذ تھا مفصلہ ذیل اقتباسات سے اس کی حقیقت کا پتہ چلتا ہے اگر کوئی خواب میں سر پر کھجور دیکھے تو یہ غم کی نشانی ہے اگر اس کے سر پر پہاڑ ہو تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا کوئی حریف نہ ہوگا اگر سر پر نمک دیکھے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اپنا مکان بنائے گا۔ اگر کوئی شخص دیکھے

Marfat.com

کہ وہ گلستان مسرت کی طرف جارہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو آزادی نصیب ہوگی اگر وہ بازاری باغ میں جاتا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا گھر اس کے لیے تکلیف دہ ہوگا اگر کوئی دیکھے کے مشعل روشن کر رہا ہے تو دن میں غم دیکھے گا اگر کوئی دیکھے کہ وہ کھیت آباد کر رہا ہے تو اس کے معنی ہیں کہ وہ ویرانہ سے نجات حاصل کرے گا اگر وہ دیہات میں شکار کرتے ہوئے دیکھتا ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ نامور ہوگا اگر کوئی دیکھے کہ وہ بیل کے گوسالہ میں گیا ہے تو اس کو تحفظ و چین نصیب ہوگا۔ اگر وہ بھیڑ کے اصطبل میں جاتا ہے تو وہ ترقی کر کے اول درجہ پر پہنچے گا۔

## قوم مصر

مصری لوگ خواب کو ایسی اہمیت نہیں دیتے تھے جس طرح کلدانی، فلیقی اور یونانی اقوام کے یہاں اس کو اہم خیال کیا جاتا تھا پھر بھی مصری زندگی میں اس نے ایک مستقل حیثیت پیدا کرلی تھی ان کے معابد سے چند خوابوں کا پتہ چلتا ہے۔ علمائے متاخرین نے ان کے خوابوں کے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ مصر ہی کی پیداوار ہیں۔ "غیر التماسی خواب" جن میں دیوتا لوگ خواب میں آکر اپنے لئے بعض پاک بازانہ عمل کا تقاضا کرتے ہیں۔ (۲) ایسے خواب جن میں تنبیہی قسموں کی تنبیہیں ہوتی ہیں۔ (۳) ایسے خواب جن میں دیوتا اپنے پرستاروں کو سوالات کا جواب دیتے ہیں۔ (۱) اس سلسلہ میں ساسمس چہارم کا مشہور خواب ہم لوگوں کے پیش نظر ہے اسفنگ اعظم کے بت کے پیر کے نزدیک نوجوان شہزادہ سو جاتا ہے اور نیند میں ایک

Marfat.com

دیوتا کی آواز سنتا ہے اس نے اس سے تخت مصر کا وعدہ کیا۔ اور کہا کہ وہ معبد کی دوبارہ تعمیر کرے جو خراب ہو جائے گا۔ پلوچارس نے اسی قسم کے خواب کا تذکرہ کیا ہے بطلیموس خواب میں ایک (Collosal) بت دیکھتا ہے یہ بت اس کو ہدایت کرتا ہے کہ بادشاہ اسے اسکندریہ میں لے جائے جہاں وہ پہلے تھا بیدار ہونے کے بعد وہ تحقیقات کرتا ہے ایک شخص سا سیبیس کہتا ہے کہ میں نے اسی قسم کا بت جیسا بادشاہ نے خواب میں دیکھا ہے بمقام سائیناپ دیکھا تھا آخر کار یہ بت اسی مقام پر دستیاب ہوا اور بادشاہ نے اس کو اسکندریہ میں پہنچایا۔ (۲) **التماسی خواب** اس عنوان کے تحت وہ خواب آتے ہیں جو بادشاہ مصائب اور پریشانی کے وقت دیکھا کرتے تھے دیوتا ان کے خواب میں آتے اور مستقبل کے متعلق کچھ روشنی ڈالتے یا ان کی رہنمائی کرتے اس قسم کے تاریخی خواب ہم تک پہنچے ہیں۔ میرنیاتھ (کرنک کے معبد عظیم) کے قدیم کتبہ سے مفصلہ ذیل خواب کا پتہ چلتا ہے۔ بادشاہ نے خواب میں دیکھا کہ پٹہ (Ptah) کا بت فرعون کے سامنے کھڑا ہوا ہے بت اس کو ایک تلوار دے رہا ہے۔ اور کہتا ہے کہ اس کو لے اور اپنے سینہ سے خوف زدہ دل نکال دے فرعون نے کہا اچھا! ہیرادوطوس نے اسی قسم کا ایک خواب بیان کیا ہے۔ یونانیوں کی طرح اہل مصر بھی ہیاکل میں خواب دیکھنے کے لئے عبادت کرتے تھے اور اپنے مختلف مقاصد، دفع مرض، حصول صحت، حل مشکلات، وغیرہ کے لئے دیوتاؤں سے مدد طلب کرتے تھے خواب میں دیوتا ان کی رہنمائی کرتے تھے بمقام "اسنائے سربت القدیم" کے بت کدہ میں اس قسم کے بعض مقامات تھے جہاں لوگ "هیتھر" دیوی کو خواب میں۔

Marfat.com

دیکھنے کے لئے جاتے تھے۔ تاکہ اس سے لعل کی کان کا پتہ لگائیں معابد میں جاکر خواب دیکھنے یا دیوتاؤں کو خواب میں خود نظر آنے کے علاوہ سحر کے ذریعہ بھی خواب دیکھنے کا طریقہ مصریوں میں مروج تھا۔ مصریوں کے خواب کے متعلق جو کچھ واقعات ملتے ہیں ان میں عموماً سلاطین اور دیوتاؤں کا تذکرہ پایا جاتا ہے عام لوگوں کے خواب کے حالات نہیں ملتے مثلاً کسی عام مصری کا دور دراز مقام میں سفر کرنا خواب میں موت کا پیام سننا ماضی کی دنیا کا سامنے آجانا۔ مستقبل کے حوادث کی اطلاع وغیرہ مصریوں کے خواب میں نہیں ملتے مصریوں کے یہاں خواب کی کیمیاوی حیثیت کے متعلق کیا عقائد تھے اس کا فیصلہ نہیں کیا جاسکتا۔ ان کے یہاں تعبیر خواب کے متعلق بحر الروم کے علاقہ میں رہنے والی قوم کی طرح کوئی کتاب نہ تھی۔ اہل مصر دوسری قوموں کی طرح یہ عقیدہ نہیں رکھتے تھے کہ ان کی روحیں نیند میں جسم سے آزاد ہوکر مختلف مقامات اور باطنی عالم کا دورہ کرتی ہیں۔ بلکہ ان کا یہ عقیدہ تھا کہ نیند میں انسان میں ذکاوت حس پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کے ذریعہ وہ ایسی موجودات کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ جنکو عالم بیداری میں نہیں دیکھ سکتے چونکہ اس وقت حواس زیادہ سریع نہیں رہتے۔ دنیا کے مذاہب کے برخلاف مصری قوم نیند کو ایک قسم کی موت سے تعبیر نہیں کرتی بلکہ اس کو لطافت حسی (Lucid Sensitiveness) کی ایک ایسی حالت سمجھتی ہے جس میں افراد کی روحوں کی بصیرت زیادہ بڑھ جاتی ہے گویا نیند ان کے یہاں صوفیہ کی اصطلاح "وجد" کے مرادف ہے۔

Marfat.com

# ٹیوٹانک قوم

اس قوم کی زندگی میں بھی خواب کو بہت بڑی اہمیت حاصل تھی لیکن ان کے یہاں اس کی حیثیت بالکل الہامی تھی ان کا خیال تھا کہ خواب دیکھنے والے کا مستقبل اور اس کا ماحول قریب اس کے ذریعہ قبل از حدوث آشکارا ہو جاتا ہے۔ لیکن اس کا کوئی پتہ نہیں چلتا کہ خواب ان کے مذہب میں بھی کوئی حصہ رکھتا تھا ٹیوٹونک کا یہ عقیدہ نہ تھا کہ خواب کے دیوتا اکثر الہام کرتے ہیں اور عہد وسطی کے آخری صوفیانہ خواب مسیحیت کے ارتقاء کا نتیجہ ہیں۔ اسکندریہ کے اندر جہاں عہد حاضر میں عہد جہل و کفر کی تمام معلومات حاصل ہوتی ہیں خواب کو نہ صرف۔ مذہب سے خارج کر دیا گیا تھا بلکہ بڑی حد تک دنیائے سحر و ساحری کے اندر بھی اس کو کوئی وقعت نہ تھی خواب کی تعبیر کو ساحرانہ قوتوں سے کوئی علاقہ نہ تھا بلکہ اس کا تعلق زندگی پر فلسفیانہ حیثیت سے نظر ڈالنے اور دنیا کے متعلق وسیع معلومات رکھنے پر مبنی تھا۔ ان کے عقیدہ کے مطابق خواب میں لوہا دیکھنا آگ لگنے کی علامت ہے۔ ان کے خواب کا بیشتر حصہ فال و شگون کا پہلو لئے رہتا ہے ٹیوٹانک قوم کے مختلف ممالک میں یہ عقیدہ پایا جاتا ہے کہ کسی نئے گھر یا کم از کم نئے بستر پر سونا خواب دیکھنے کا بہترین ذریعہ ہے جرمنی کے بعض حصوں میں یہ عقیدہ پایا جاتا ہے کہ اگر خواب دیکھنے والا دن کے وسطی حصہ تک اپنا برا خواب بیان نہ کرے تو اس خواب کے اثر سے وہ محفوظ رہے گا۔ ہمارے ٹیوٹانک یورپ میں بعض راتیں خواب کے لئے بہت اہمیت رکھتی ہیں

Marfat.com

بالخصوص "بارہ راتیں" اور "وسط موسم کی رات" سویڈن اور جرمنی دونو جگہ لوگوں کا دستور ہے۔ کہ وسط موسم گرما کے موقعہ پر نو قسم کے مختلف پھولوں کا ایک گلدستہ تکیہ کے اندر رکھکر سوتے ہیں ان کا یقین ہے کہ اس موقعہ پر جو وہ خواب دیکھیں گے صحیح ثابت ہوگا

# ہندؤں کا نظریہ اور خواب

ہندؤں کی مذہبی ادبیات کی ایک کتاب "برحدارنیک اپنیشد" کے اندر خواب کے متعلق دو اصول پائے جاتے ہیں۔ (۱) خواب کے اندر روح دنیا سے اپنا مواد لیتی ہے اور اس کو اپنے لئے اپنی ہی روشنی میں جیسا کہ ان اشیار کو وہ دیکھتی ہے تیار کرتی ہے۔ (۲) نیند میں روح جسم کو چھوڑ دیتی ہے اور اپنی مرضی کے مطابق جہاں چاہتی دورہ کرتی ہے۔ اس لئے ان کے یہاں یہ حکم ہے۔ کہ سوتے والے کو یکایک نیند سے بیدار نہیں کرنا چاہئے۔ چونکہ ممکن ہے کہ روح اس قدر جلد واپس نہ آسکے "رگ وید" اور "اتھروید" کے بہتیرے اشلوک میں خوابوں کا تذکرہ پایا جاتا ہے۔ اتھر وید میں بہت سی ہدایات ہیں جن پر خواب دیکھنے کے موقعہ پر عمل کرنا چاہئے۔ "چھاندوگیا اپنیشد" میں بتایا گیا ہے کہ اگر کسی مقصد کے پورا ہونے کے لئے کوئی قربانی کی جائے اور اگر قربانی کرنیوالا خواب میں ایک عورت کو دیکھے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ قربانی میں کامیابی ہوئی۔ خواب میں زیور بنانا رگ وید کے مطابق منحوس ہے۔ "ایترے آرنیک" میں ان خوابوں کی ایک فہرست دی ہوئی ہے جن سے موت کی پیشینگوئی ہوتی ہے مثلاً ایک سیہ فام سیہ دندان آدمی کے

Marfat.com

ہاتھوں خود کو قتل ہوتے دیکھنا۔ ایک خوک کو اپنے اوپر قاتلانہ حملہ کرتے دیکھنا۔ بندر کو اپنے اوپر کودتے دیکھنا۔ ہوا کا تیزی سے اڑائے لیے جانا۔ شہد کھاتے دیکھنا اور کھلی چبانا۔ سرخ پھولوں کا ہار پہننا۔ سیاہ گائے کو جس کا کھر سیاہ ہو جنوب کی طرف ہانکتے دیکھنا۔

# جینیوں کا مذہبی عقیدہ

ہر ایک ملک کی تاریخ میں بعض واقعات قومی اہمیت رکھتے ہیں یہ واقعات ساری قوم کے حافظہ اور قلب میں جاگزیں ہو جاتے ہیں ان واقعات کے ساتھ جو چیزیں ان پر گذری ہیں یا جنہوں نے عکومت ولائی ہے یہ بھی قوم کے خزینہ حافظہ میں جمع ہو جاتی ہیں۔ ایک عظیم الشان "تری تھینکر" کی ولادت ایک ایسا ہی بڑا واقعہ ہے اور سولہ خواب جو اس بلند ہستی کی ماں دیکھتی ہے ایک بابرکت مولود کی ولادت کی پیشینگوئی ہے جس طرح صبح کیوقت آفتاب کا نظارہ جمیل۔ یہ خواب اعجازی آثار ہیں ایک ایسی ہستی کی ولادت کے جو دنیا کو صداقت معرفت اور خوشی کی طرف رہنمائی کرے گا۔ ان سولہ خوابوں کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

ایک سفید ہاتھی..... اس کی تعبیر یہ ہے کہ انسان کے ایک حکمران کی ولادت ہو گی۔

ایک سفید سانڈ..... یہ مولود مسعود زندگی میں بہت جلیل القدر عظیم المرتبت ہو گا ایک ڈکارنے والا شیر..... یہ لڑکا مدد درجہ قوی ہو گا۔ دو ہاتھیوں کا لکشمی دیوی کو اشنان کرانا..... دیوتاؤں کا دیوتا اس مولود کو میرو پہاڑی پر غسل دے گا۔ پھولوں کے دو ہار..... یہ ہیرو دو نقطہ نظر سے تبلیغ کرے گا۔ ایک دنیوی فلاح کے لئے دوسرے دینی بہبودی

Marfat.com

کے لئے طلوع ہونیوالا آفتاب یہ ہیرو ساری دنیا میں مسرت کی روح پھونک دے گا۔ ماہ کامل...... اس مولود کو تمام اشیاء کی مکمل معرفت حاصل ہوگی۔ دو مچھلوں کا پانی پر تیرتی ہوئی نظر آنا...... یہ مولود عمر طبعی کو پہنچے گا اور آسان زندگی گذارے گا۔ دو گگروں (برتن) کا کنول کے پھولوں سے مملو نظر آنا...... دنیا کے خزائن اس کے قبضہ میں آئینگے۔ ایک جھیل کا پانی سے بھرا ہونا اور اس پر کنول کے پھولوں کا تیرنا...... یہ مولود دنیا میں تمام شریفانہ اوصاف سے متصف ہوگا۔ ایک بحر مواج...... یہ شخص بہت گہرے خیال کا آدمی ہوگا۔ اور اپنے احساسات موثر اور شاندار طریقہ سے ظاہر کریگا۔ ایک تخت...... یہ مولود تین دنیاؤں کا بادشاہ ہوگا۔ ایک غبارہ...... یہ دیوتاؤں کی سرزمینوں سے اترتے وقت دوبارہ اوتارے گا۔ ناگ "راجہ" کا گھر...... یہ شخص اشیاء کی تین قسموں کے علم کا استاد ہوگا۔ جواہرات کا ڈھیر...... یہ مولود چاردانگ عالم میں محاسن کے جواہرات بکھیر دے گا۔ دھکتی ہوئی آگ...... اس کو نروان (فنا) کی ابدی نعمت حاصل ہوگی۔ جین سدھانت بھون (آرہ) میں ایک قلمی تصویر ہے۔ اس تصویر میں اسی چندرا گپت کے خوابوں کی تفصیل ہے جس کو بدھ، جین اور سناتن دھرم اپنے مذہب کا ایک رکن تسلیم کرتے ہیں لیکن ان کے "جین" ہونے کا۔ کافی ثبوت "تھابھا سکرنا تک" اخبار میں جو جین "سدھانت بھون" سے شائع ہوتا تھا دیا جا چکا ہے یہ جین مذہب کے پیرو تھے ان کے پیر سوامی بھدر باہو تھے۔ جب یہ سادھو ہوئے تو ان کا نام پر وبھا چندر کہا گیا تھا جس وقت سکندر نے ہندوستان پر چڑھائی کی تھی اس وقت اس نے جین مذہب کی حفاظت کی تھی

Marfat.com

اس تصویر میں دکھلایا گیا ہے کہ وہی چندر گپت رات کے وقت ایک پلنگ پر سو رہے ہیں اور ان کا پاسبان محافظت کر رہا ہے اس وقت وہ ایک خواب دیکھتے ہیں۔

(۱) غروب ہوتے آفتاب کو دیکھا...... مستقبل میں مکمل جین شاستر کا جاننے والا کوئی نہ ہوگا۔ گرد میں پڑے ہوئے جواہرات...... جینی فقراء میں باہمی نفاق و مخالفت ہوگی۔ (۳) مراد پوری کرنے والے درخت کی ڈال ٹوٹی ہوئی...... راجپوت جین مذہب کے پابند رہینگے (۴) سمندر کا پانی ساحل سے آگے ہو جانا...... راجہ انصاف وری نہیں کرینگے۔ (۵) بارہ پھنوں والا سانپ...... بارہ برس تک قحط پڑے گا۔ (۶) اڑن کھٹولہ کا الٹا دیکھنا...... نیند میں اب دیوتا نہیں آئینگے۔ (۷) اونٹ پر چڑھا ہوا شاہزادہ ...... راجہ جین دھرم چھوڑ کر دوسرے دھرم کا اتباع کرینگے۔ (۸) دو کالے ہاتھیوں کا لڑنا ...... وقت پر بارش کم ہوگی۔ (۹) رتھ کو ہانکنے والا بچھڑا...... جوانی سے پہلے ہی برہم چریہ ہوں گے۔ (۱۰) ہاتھی پر چڑھا ہوا بندر...... راجپوت راجاؤں کے غلام ہو کر رہینگے (۱۱) بھوت کا رقص...... جھوٹے دیوتاؤں کی پرستش۔ (۱۲) سونے کے برتن میں کتے کا کھانا ...... مالدار اپنے دولت برے کام میں صرف کریں گے۔ (۱۳) جگنو کی چمک دیکھنا...... جین مذہب بہت کم رہے گا۔ (۱۴) خشک تالاب اور دکن میں قلیل بارش دیکھنا...... دیگر حصوں میں جین مذہب کم ہو جائے گا دکن میں اس کی کسی قدر اشاعت ہوگی۔ (۱۵) گرد میں کھلا ہوا کنول...... راجہ یا تو غیر جین مذہب کے پیرو ہوں گے اور جین مذہب کے ماننے والے مہاجن ہوں گے۔ (۱۶) مہتاب میں داغ...... جین مذہب میں بہت فرقے ہو جائینگے

Marfat.com

# سکان جاپان

خواب کے متعلق جاپان کے باشندے بھی وہی عقیدہ رکھتے تھے جو دنیا کی دوسری قوموں کے یہاں تھا ان کی ادبیات میں مختلف خوابوں کا تذکرہ پایا جاتا ہے جن میں ایک بہت دلچسپ ہے۔ شہنشاہ سوئینن سے اس کی بیوی نے غداری کی اس نے اپنے رفیق "ساہو" کے شہزادہ کے اغوا کے باعث شہنشاہ کو نیند میں مار ڈالنے کی کوشش کی شہنشاہ کو اسکی خبر نہ تھی وہ شہزادی کی ساق کا تکیہ لگا کر سویا ہوا تھا شہزادی نے رات کے وقت اس کا گلا گھونٹ ڈالنا چاہا اسنے تین مرتبہ چھرا اٹھایا لیکن گلا گھونٹنے میں کامیاب نہ ہو سکی چونکہ اس پر ایک ناقابل ضبط غم کا احساس طاری تھا وہ رونے لگی اور آنسو کے قطرے شہنشاہ کے چہرہ پر ٹپک پڑے شہنشاہ بیدار ہو گیا۔ اور ملکہ سے کہا کہ ایک عجیب خواب دیکھا ہے دیکھتا ہوں کہ بارش کا ایک سخت بوچھار "ساہو" کے طرف سے آیا اور اس نے میرے چہرے کو تر کر ڈالا پھر مشجر رنگ کا ایک چھوٹا سانپ میری گردن کے چاروں طرف لپٹ گیا اس خواب کی کیا تعبیر ہو گی؟ ملکہ نے جانا کہ اب حقیقت کا چھپانا فضول ہے۔ اس نے اپنے اس غدارانہ ارادہ کا اعتراف کیا جس کے متعلق شہنشاہ کو خواب میں ہشیار کیا گیا تھا۔ جاپانیوں کے یہاں خواب کو اتنی ہی اہمیت دی جاتی تھی کہ جانوروں کے خواب کے بارہ میں افسانے ہیں۔ ان کے یہاں ایک ضرب المثل ہے کہ حمار کی ایک

Marfat.com

ہرنا بھی خواب کی تعبیر کی پیروی کرتا ہے[1]۔ اس کی تفصیل یہ بتائی جاتی ہے کہ ایک شخص بمقام طوغہ (TOGA) پہنچا اور جنگل میں رات بسر کی اس کے نزدیک ہرن کا ایک جوڑا بھی آکر لیٹ رہا جب مرغ کے بانگ دینے کا وقت آیا تو ہرن نے ہرنی کو خطاب کرکے کہا آج کی رات میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک سفید کہر آیا اور اسنے میرے جسم کو چھپا لیا۔ اس کی کیا تعبیر ہے ؟ ہرنی نے کہا اگر تم باہر جاؤ گے تو یقیناً انسان تم کو گولی مار دیں گے اور تم مر جاؤ گے تمہارے جسم میں سفید نمک لگائی جائے گی ۔ کہر کی سفیدی کی یہی تعبیر ہے ابھی صبح بھی ہونے نہ پائی تھی کہ ایک شکاری آیا اور اس نے ہرن کو گولی سے مار ڈالا۔

# یہودی ادب میں خواب کی اہمیت

یہودیوں کی مذہبی کتابوں میں خواب کے بہتیرے تذکرے ملتے ہیں کہیں خواب میں یعقوبؑ کے سیڑھی دیکھنے کا ذکر ہے کہیں فرعون کے خواب دیکھنے اور یوسفؑ کے تعبیر بتانے کا واقعہ ہے کہیں موسیٰ کی پیدائش کے بارہ میں فرعون کے خواب دیکھنے کا تذکرہ پایا جاتا ہے اسی طرح کتاب دانیال خواب کے تذکروں سے بھری ہوئی ہے ۔ بیت المقدس بنانے کے قبل سلیمانؑ سے خواب میں خدا نے کلام کیا۔ یہودیوں نے

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹینیکا کے ۔ مقالہ نگار نے بھی جانوروں کے خواب پر روشنی ڈالی ہے اس کی تحقیق ہے کہ شکاری کتے عام کتوں کی بہ نسبت زیادہ خواب دیکھتے ہیں۔

Marfat.com

یہاں خواب کی تعبیر بتانا ایک باضابطہ فن بنگیا تھا۔ تلمود میں ایسے اشخاص کا تذکرہ ہے جو تعبیر گوئی کا معاوضہ پاتے تھے۔ خواب کی تعبیر بتانے والے چوبیس آدمی بیک وقت بیت المقدس میں تھے "بار ہدایہ" نامی ایک آدمی کا تذکرہ پایا جاتا ہے جو اپنے معاوضہ کی رقم کے مطابق خواب کی تعبیر بتایا کرتا تھا۔ تلمود میں خواب کی بہت سی تعبیریں مرقوم ہیں اگر کوئی شخص براخواب دیکھتا تو روزہ رکھتا اور ایک خاص دعا کا ورد کرتا۔ یہودی ادبیات میں "آسمانی جواب" کے متعلق ایک دلچسپ تصنیف پائی جاتی ہے یہ غالباً بارھویں یا تیرھویں صدی میں لکھی گئی۔

بخت نصر کا خواب جو اس نے دیکھا تھا یہودیوں کی کتابوں میں درج ہے اور اسلامی مورخوں نے بھی اسکو لکھا ہے

ابوالفدار لکھتا ہے،

قالوا رأی صنما راسه من ذهب وصدره وذراعاه من فضة وبطنه وفخذاه من نحاس وساقاه وقدماه من حديد واصابع قدميه بعضها حديد وبعضها خزف وان حجراً انقطعت من جبل من غير يد قاطعة له وصكت الصنم فاندق الحديد والنحاس وغيره وصار جميع ذالك مثل الغبار والوت به ريح عاصفة ثم صارت الحجر التی صكت الصنم جبلا عظيما امتلات منه الارض كلها

ان کا بیان ہے کہ اس نے خواب میں ایک بت دیکھا جس کا سر سونے کا جس کا سینہ اور بازو چاندی کا پیٹ اور ران تانبے کی پنڈلی اور پیر لوہے کا اور پیر کی انگلیاں بعض لوہے کی اور بعض چینی کی مٹی تھیں، یکایک ایک پتھر پہاڑ سے ٹوٹ کر گرا جس کے گرانے میں کسی کا ہاتھ نہ تھا اس نے بت کو توڑ دیا پھر لوہا اور تانبا وغیرہ ملکر کل مثل غبار ہوگیا اس سے تیز ہوا چلی اور وہ پتھر جس نے بت کو توڑ ڈالا تھا عظیم الشان پہاڑ کر ساری زمین پر چھا گیا

---

تاریخ ابوالفدا جلد ا صفحہ ۴۵

Marfat.com

بخت نصر نے کہا کہ میں اس خواب کی تعبیر اس وقت تک بھی نہیں تسلیم کر سکتا جب تک کوئی یہ نہ بتا دے کہ میں نے کیا دیکھا اور بخت نصر نے اس کو پوشیدہ رکھا، اور عالموں، جادوگروں اور کاہنوں سے اس کے متعلق دریافت کیا لیکن کسی میں۔ خواب بیان کرنے کی طاقت نہ تھی، یہاں تک کہ بخت نصر نے حضرت دانیالؑ سے سوال کیا انہوں نے اسکے خواب کی جو اس نے دیکھا تھا صورت بیان کی، اور اس میں کچھ غلطی نہ کی۔ اس کے بعد آپنے اس کی تعبیر بتائی آپ نے فرمایا کہ "سر" سے مراد تیری سلطنت ہے چونکہ تو بادشاہوں کے درمیان مثل سونے کے سر کے ہے اور جو شخص تیرے بعد جانشیں ہوگا وہ تجھ سے کمتر درجہ میں ہوگا جیسا چاندی سونے کے مقابلہ میں ہوتی ہے یہاں تک کہ یکے بعد دیگرے کل جانشیں منزلت میں اپنے ماسبق سے کمتر ہوں گے۔ جیسے تانبا چاندی سے اور لوہا تانبے سے کمتر ہوتا ہے اور انگلیوں کی پوریں جن میں بعض لوہے کی اور بعض چینی کی مٹی کی تھیں، پس یقیناً۔ تمہاری سلطنت آخر وقت میں مختلف ریاستوں میں تقسیم ہو جائے گی بعض قوی ہونگی اور بعض کمزور، پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ ایک ایسی سلطنت قایم کرے گا جو آخر زمانہ تک قایم رہے گی یہی تمہارے خواب کی تعبیر ہے، پس بخت نصر دانیالؑ کے سامنے سجدہ میں گر پڑا،

خاندان کیانیہ کے مشہور بادشاہ لہراسب کے زمانہ میں بخت نصر اس کا نائب تھا ابوالفدا رضا ابو حیسیٰ کی روایت کے مطابق بخت نصر کی حکومت کی مدّت ستاونؔ برس ایک ماہ اور آٹھ دن بتائی ہے، اس کے بعد اس کا لڑکا اولاق تخت نشیں ہوا پھر اس کا پوتا بلشاصر سر پر آرائے حکومت ہوا

Marfat.com

# اسلامی خواب

اسلامی ادبیات کے اکثر شعبوں میں مسئلہ خواب کی بحثیں ملتی ہیں خود قرآن مجید کے اندر سرسری طور سے ایک نظر ڈالنے کے بعد پانچ مقامات میں خواب کا تذکرہ ملتا ہے[1] سورۂ یوسف کو اس سلسلہ میں خاص اہمیت حاصل ہے' الغرض اسلامی ادبیات کے اندر فلسفہ و تصوف تاریخ و سیر، شعر و موسیقی، حدیث و کلام کی مختلف کتابوں میں خواب کے فلسفہ و تعبیر سے بحث کی گئی ہے' اگر ایک طرف بخاری و مسلم' غزالی و سنائی نظر آتے ہیں، جو حدیث، تصوف و شعر کے علم بردار ہیں۔ تو دوسری طرف ابن خلدون' جاحظ' و ابن حزم جیسے مورخین' فلاسفہ اور متکلمین نے بھی اس مسئلہ پر اپنی توضیحات پیش کی ہیں' سطور ذیل میں ابن خلدون اور ابن حزم کے فلسفیانہ اور متکلمانہ نظریات کا خلاصہ درج کیا جا رہا ہے۔

---

[1] اذ قال یوسف لابیہ یا ابت انی رأیت احد عشر کوکبا والشمس والقمر رأیتھم لی سٰجدین (سورۂ یوسف) و قال الملک انی اریٰ سبع بقرٰت سمان یاکلھن سبع عجاف وسبع سنبلٰت خضر واخر یٰبسٰت (ایضاً) قال یٰبنی انی اریٰ فی المنام انی اذبحک فانظر ماذا تریٰ (سورۃ والصّٰفّٰت)۔ اذ یریکھم اللہ فی منامک قلیلاً (الانفال) لقد صدق اللہ رسولہ الرءیا بالحق (الفتح)

[2] سورۂ یوسف میں بادشاہ مصر کے خواب کا تذکرہ ہے اس کے متعلق فرائڈ کی کتاب "تعبیرات خواب" اور معجم المذاہب والاخلاق (انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجن اینڈ اتھکس) میں بھی بحث کی گئی ہے عربی زبان میں علمائے اسلام نے تعبیر کی جتنی کتابیں لکھی ہیں ان میں وہی اصول پیش رکھا گیا ہے جو مشہور معبر "آرٹمیڈ اراس" کی کتاب میں ہے اس کو فرائڈ "طریق صفر" کہتا ہے اور بتاتا ہے کہ یہ بالکل لاطائل چیز ہے اور علم و تحقیق سے معرّا (ع۔م)

Marfat.com

تعبیر خواب کے سلسلہ میں تقلیسی کی کتاب "کامل التعبیر" بھی قابل ذکر ہے، اس کے مصنف کا نام ابوالفضل حسین بن ابراہیم محمد تقلیسی ہے جنہوں نے قزل ارسلان مسعود نامر کے عہد میں یہ کتاب لکھی مقدمہ میں مصنف نے بہت سی کتابوں کے نام گنائے ہیں۔ جن میں اکثر وہی ہیں جن کا تذکرہ "کشف الظنون" میں بھی ملتا ہے تقلیسی کا بیان ہے۔ "این ضعیف اقوال شش کس یاد کرد کہ ہرکس در عہد خویش یگانہ و حکیم وقت بودہ اند"

ان ماہرین خواب اور ان کی تصنیفات کے نام یہ ہیں۔ وصول دانیال، تقسیم جعفر، جامع محمد بن سیرین، ارشاد جابر مغربی، دستور ابراہیم کرمانی، تعبیر اسمٰعیل ابن اشعث۔ کامل التعبیر کا ایک قلمی اور ایک مطبوعہ نسخہ پٹنہ لائبریری میں ہے تعبیر کرنے میں وہی اصول برتا گیا ہے جس کو فرایوڈ "Clpher Method" کہتا ہے (ع۔م)

---

# ابن خلدون کا فلسفہ خواب

علامہ ابن خلدون نے مسئلہ نبوت کے سلسلہ میں کہانت، خواب، اور دوسرے غیب کی معلومات پر بڑی فلسفیانہ بحث کی ہے، اس کی عالمانہ نکتہ سنجیوں پر ایک نظر ڈالنے کے بعد معابر گساں، فرایوڈ اور ابرکرامبی کے افکار ذرا سامنے آجاتے ہیں، خصوصیت کے ساتھ

Marfat.com

برگساں نے خواب کے اسباب تخلیق اور اس کی ماہیت سے متعلق جو بحث کی ہے وہ ابن خلدون کی صدائے بازگشت معلوم ہوتی ہے، علامہ موصوف نے پہلے خواب کی ماہیت بتائی ہے، پھر اس کے وقوع کا سبب بتایا ہے، پھر اس کے بعد اولیاء اللہ اور عام انسانوں کے خواب کے مراتب پیش کئے ہیں اور اس نوع کے انبیاء کے خواب اور غیب بینی کا فرق و امتیاز دکھایا ہے، اسی سلسلہ میں انہوں نے حواس خمسہ سے بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ کس طرح یہ انسان کے نفس روحانیہ میں حجاب کی حیثیت رکھتا ہے، یہیں برگساں کے افکار سے اس مشرقی علامہ کے خیالات ملجاتے ہیں، ابن خلدون نے اس کے بعد نفس روحانیہ سے حجاب حواس کے اٹھ جانے کے مسئلہ پر بڑی مفصل بحث کی ہے، اور ضمناً ان احادیث کی فلسفیانہ تشریح کی ہے، جن میں خواب کو نبوت کا چھیالیسواں حصہ بتایا گیا ہے اس کو "مبشرات" سے تعبیر کیا گیا ہے اور اس کے حدوث کو خدا، فرشتہ، اور شیطان کی طرف نسبت دیا گیا ہے، آخر میں ابن خلدون نے "حالومیہ" یا "حالومہ" کے متعلق نہایت دلچسپ بحث کی اور بتایا ہے کہ کس طرح بعض اہل ریاضت کسی خاص مقصد کے لئے خواب دیکھتے ہیں اسی کو "کتاب الغایۃ" کے مصنف نے "حالومیۃ الطباع التام" سے تعبیر کیا ہے اس میں ہوتا یہ ہے کہ شب کو سونے کے وقت تمام امور سے فارغ ہو جانے کے بعد پوری توجہ سے مفصلہ ذیل عجمی الفاظ (منتر) دہراتے ہیں۔

تماغس بعدان یسواد وغداس نوفنا غادس

اور اس کے بعد اپنی حاجت بیان کرتے ہیں پھر جو کچھ سوال کیا جاتا ہے اس کا کشف ہو جاتا ہے

Marfat.com

اس سلسلہ میں علامہ موصوف نے ایک روایت بیان کی ہے اور اپنا ذاتی تجربہ بھی بیان کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ ایک آدمی نے چند راتوں کو اپنی غذا میں احتیاط ملحوظ رکھنے کے بعد کلمات بالا دہرائے ایک شخص اس کے سامنے ظاہر ہوا، اور اس نے کہا کہ "میں تمہارا طباع تام" ہوں، پس اس آدمی نے اس سے سوال کیا اُس نے جو کچھ اس کی خواہش تھی اسکی خبر دی، ابن خلدون کہتے ہیں کہ میں نے بھی ان اسمار کے ورد سے بعض عجیب وغریب نظارے دیکھے، اور مجھے ان کے ذریعہ اپنے ان حالات سے جن کے متعلق میں واقفیت حاصل کرنا چاہتا تھا اطلاع ملی، "حالومیہ" کی بحث ختم کرنے کے بعد علامہ ابن خلدون کہتے ہیں کہ حالومیہ سے نفس کے اندر خواب کے حدوث کی استعداد پیدا ہو جاتی ہے نہ کہ یہ قصد ہی رویا کے حدوث کا سبب ہے، علامہ ابن خلدون خواب کی حقیقت کے متعلق لکھتے ہیں۔

**ماہیت خواب** فحقیقتها مطالعة النفس الناطقة فی ذاتها الروحانیة لمحة من صور الواقعات ﮦ

پس خواب کی حقیقت یہ ہے کہ نفس ناطقہ اپنی ذات روحانی میں آنے والے واقعات کا کسی وقت مطالعہ کرلیتا ہے اس کے بعد علامہ موصوف فرماتے ہیں۔

فتقتبس بها علم ما تتشوف الیه من الامور المستقبلة وتعود به الی مدارکها فان کان ذالک الاقتباس ضعیفا غیر جلی بالمحاکاة والمثال فی الخیال لتخلصه فیحتاج من اجل هذه المحاکاة الی التعبیر وقد یکون الاقتباس قویا یستغنی فیه عن المحاکاة فلا یحتاج الی تعبیر لخلوصه من المثال والخیال ﮦ

یہ نفس ناطقہ اپنی روحانیت کی مدد سے آنے والی باتوں کا علم حاصل کرکے اپنی قوت ادراک سے کام لیتا ہے، کبھی یہ علم کمزور اور دھندلا ہوتا ہے یعنی خیالی تمثیل او محاکاة کی آمیزش کی وجہ سے زیادہ صاف نہیں ہوتا اور ایسی صورت میں تعبیر کی حاجت ہوتی ہے بعض اوقات یہ علم قوی ہوتا ہے، محاکات کی بندشوں سے آزاد ہوتا ہے اور اس صورت میں تعبیر کی ضرورت نہیں پڑتی

Marfat.com

ابن خلدون کا یہ نظریہ ڈاکٹر فرایوڈ سے بالکل ملجاتا ہے فرایوڈ نے اپنی کتاب کے ایک باب "پیچیدہ خواب" (Distorted Dream) میں اسی نظریہ کی توضیح کی ہے علامہ موصوف خواب کے سبب حدوث کے متعلق فرماتے ہیں۔

سبب وقوع

والسبب وقوع هذه اللمحة للنفس انها ذات روحانية بالقوة مستكملة بالبدن ومداركه حتى تصير ذاتها تعقلا محضا ويكمل وجودها بالفعل فتكون حينئذ ذاتا روحانية مدركة بغير شيء من الآلات البدنية الا ان نوعها في الروحانيات دون نوع الملائكة اهل الافق الاعلى الذين لم يستكملوا ذواتهم بشيء من مدارك البدن ولا غيره فهذا الاستعداد حاصل لها مادامت في البدن ومنه خاص كالذى الاولياء ومنه عام البشر على العموم ط

اور نفس پر ایسے لمحہ کے گذر جانے کا سبب یہ ہوتا ہے کہ (نفس) خود ایک روحانی ذات ہے جس کی تکمیل بدن اور اس کے مدارک کے ساتھ ملکر ہوتی ہے یہاں تک کہ وہ عقل محض بنجاتا ہے۔ اور ایسی روحانی ذات ہوجاتا ہے کہ اعضاء وجسم کی مدد کے بغیر وہ ادراک کرنے لگتا ہے لیکن اس کی یہ روحانیت ان فرشتوں کی سی روحانیت نہیں ہوتی جن کی ذاتی تکمیل کا تعلق جسمانی یا غیر جسمانی قواء سے نہیں ہوتا بلکہ نفس کی یہ استعداد اسی وقت تک حاصل رہتی ہے۔ جب تک اس کا تعلق جسم کے ساتھ باقی ہے پھر ان میں بعض اولیاء اللہ کے سے

Marfat.com

خالص نفوس ہوتے ہیں اور بعض عام انسانوں کے سے۔ اس کے بعد علامہ ابن خلدون نے انبیا کے خواب کی حالت کو اس سے متمائز بتایا ہے فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| فھو استعداد بالانسلاخ من البشریۃ الی الملکیۃ المحضۃ التی ھی اعلی الروحانیات ط | اور وہ اس استعداد کا نام ہے جس میں بشریت کی چولی چھوڑ کر محض ملکوتیت میں جو سب سے بلند اور روحانی مقام ہے انسان جذب ہو جاتا ہے۔ |

انبیاء پر یہ حالت وحی کے وقت طاری ہوتی ہے، اور اس وقت نیند ہی کی طرح ان کو ادراک ہوتا ہے، باوجودیکہ نیند کی حالت اس کیفیت سے بہت زیادہ پست تر ہے نیند اور وحی کی اسی مشابہت کے باعث شارع نے خواب کو نبوت کے چھیالیسواں حصہ سے تعبیر کیا ہے بعض میں تینتالیسواں حصہ اور بعض میں سترواں حصہ کہا گیا ہے ان تمام روایات میں کسی خاص عدد کی تعیین مقصود نہیں بلکہ کثرت مراد ہے، وحی کی تو حالت وہی ہے جس میں انبیا بشریت سے محض ملکوتیت میں جذب ہو جاتے ہیں، لیکن عام انسانوں کی روحانی استعداد میں بہت سے موانع ہیں ان میں سب سے بڑی رکاوٹ "حواس ظاہرہ" ہے ابن خلدون کہتا ہے،

| | |
|---|---|
| فطر اللہ البشر علی ارتفاع حجاب الحواس بالنوم الذی ھو | پس اللہ تعالی نے انسان کی فطرت میں یہ بات ڈالدی ہے کہ وہ نیند میں حواس کا |

Marfat.com

جبلی لهم فتتعرض النفس عند ارتفاعه الی معرفة ما تتشوف الیه فی عالم الحق فتدرک فی بعض الاحیان منه لمحة یکون فیها الظفر بالمطلوب ولذلك جعلها الشارع من المبشرات فقال لم یبق من النبوة الا المبشرات قالوا وما المبشرات یا رسول الله قال الرؤیا الصالحة یراها الرجل الصالح او تری له ؎

حجاب اپنی ذات سے علیحدہ کر ڈالتا ہے اور اس پردہ کے اُٹھ جانے کے بعد نفس عالم حق کے مشاہدہ سے معرفت حاصل کرتا ہے پس بعض اوقات اس پر ایسا لمحہ معرفت بھی آتا ہے جب اسے اپنی آرزوؤں کی تکمیل کا علم ہو جاتا ہے اور اسی لئے شارع نے اس کو "مبشرات" (مبارک خوابوں) سے تعبیر کیا ہے اور فرمایا ہے کہ نبوت باقی نہ رہی لیکن مبشرات باقی ہیں لوگوں نے کہا کہ یارسول اللہ! مبشرات کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا سچا خواب جو پاک باز انسان دیکھے

اب اگلے صفحات میں برگساں کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں اور فیصلہ کریں کہ مشرقیات نے مغرب کے افکار و عقاید پر کس حد تک اثر ڈالا ہے، برگساں نے لکھا ہے کہ جس طرح ایک دیگ میں ابخرہ بند رہتا ہے اسی طرح بہت سے واقعات دماغ میں بند رہتے ہیں نیند انھیں واقعات و مناظر کو دماغی قید سے آزاد کرتی ہے، علامہ ابن خلدون نے "ارتفاع حجاب حواس" (حواس کا پردہ اُٹھ جانا) کے مسئلہ پر عضویاتی نقطہ نظر سے بحث کرنے کے بعد خواب کے نظام تخلیقی پر روشنی ڈالی ہے فرماتے ہیں،

Marfat.com

فاذا انخنس الروح عن الحواس
الظاهرة ورجع الى القوى
الباطنة وخفت عن النفس
شواغل الحس وموانعه ورجعت
الى الصورة التي في الحافظة تمثل
منها بالتركيب والتحليل صور
خيالية واكثرما تكون معتادة
لانها منتزعة من المدركات
المتعاهدة قريبا ثم ينزلها
الحس المشترك الذي هو جامع
الحواس الظاهرة وربما التفت
النفس لفتة الى ذاتها
الروحانية مع منازعتها القوى
الباطنية فتدرك بادراكها
الروحاني لانها مفطورة عليه
وتقتبس من صور الاشياء التي
صارت متعلقة في ذاتها

جب روح حواس ظاہری سے علیحدہ
ہوکر باطنی قوتوں کی طرف مایل ہوتی ہے
اور نفس سے احساس کی مشغولیتیں کم ہوکر
اس صورت کی طرف لوٹتی ہے جو اسکے
حافظہ میں ہے تو ترکیب وتحلیل سے بعض
خیالی صورتیں سامنے آجاتی ہیں لیکن ان میں
سے اکثر معمولی ہوتی ہیں کیونکہ وہ مدرکات
قریبہ سے اخذ کی ہوئی ہوتی ہیں پھر حس
مشترک جو سارے حواس ظاہری کی جامع
ہے اپنا کام کرتی ہے اور نفس قوائے
باطنی کی کشاکش کے ساتھ کبھی اپنی ذات
روحانی کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اپنی
روحانی ادراک کے ذریعہ سے معلومات
حاصل کرتا ہے (کیونکہ یہ اس کا فطری خاصہ
ہے) اور اس وقت ان اشیا کی صورتیں
اقتباس کرتا ہے جو اس کی ذات سے متعلق
ہوتی ہیں اسکے بعد خیال ان مدرکہ صورتوں

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حینئذٍ ثم یاخذ الخیال تلک | کو حقیقت یا محاکاۃ کے روپ میں سامنے |
| الصور المدرکۃ فیمثلہا | لاتا ہے اس لئے وہ حافظہ میں قائم ہونے |
| بالحقیقۃ او المحاکاۃ فی القوالب | والی صورتوں کے باب میں محتاج ہوتا ہو |
| المعہودۃ والمحاکاۃ من ھذہٖ | تعبیر کا اور اگر نفس نے حافظہ کے نقوش کی |
| ھی المحتاجۃ للتعبیر وتصرفہا بالترکیب | تحلیل و ترکیب شروع کر دی قبل اسکے |
| والتحلیل فی صور الحافظۃ قبل ان تدرک | کہ نفس خود کسی نتیجہ پر پہنچے تو یہی تحلیل و ترکیب |
| من تلک اللمحۃ ما تدرکہ ھی اضغاث الاحلام۔ | "بدخوابی" کہلاتی ہے |

# ابن حزم کی متکلمانہ وضاحت

علامہ ابن حزم ظاہری نے جو متکلمین میں ایک خاص درجہ رکھتے ہیں خواب اور اسکے پہلی قسم اسباب تخلیق پر بحث کی ہے، انہوں نے خواب کے مختلف مراتب بتائے ہیں آپ فرماتے ہیں کہ خواب بعض اوقات شیطان کی طرف سے ہوتا ہے، چنانچہ حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے آں حضرتؐ کے سامنے اپنا خواب بیان کیا آپ نے فرمایا کہ "لاتخبر بتلعب الشیطان بک" اور یہ خواب مجموعہ ہوتا ہے غیر مربوط اور غیر مسلسل واقعات کا اسی کے متعلق علامہ موصوف فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وھو ما کان من الاضغاث والتخلیط الذی لا ینضبط ؎ | اور وہ چیز خیال پریشان اور ملی جلی ہوتی ہے جس میں نظم و ترتیب نہیں ہوتی۔ |

؎ ملاحظہ ہو مقدمہ ابن خلدون مطبوعہ مصر ص ۸۶۔ ص ۱۸

Marfat.com

**دوسری قسم** دوسرے قسم کا خواب وہ ہے جس کو "حدیث النفس" کہتے ہیں یعنی انسان جس شغل میں رہتا ہے اسی لحاظ سے وہ خواب بھی دیکھتا ہے فرماتے ہیں۔

وھو ما یشتغل بہ المرء فی الیقظۃ فیراہ فی النوم من خوف عدو ولقاء حبیب او خلاص من خوف او نحو ذلک ۂ

بعض وہ خواب ہے جو انسان کا بیداری میں مشغلہ رہتا ہے اسی کو وہ نیند میں دکھتا ہے مثلاً دشمن کا ڈر، دوست کی ملاقات، یا خوف سے رہائی اور اسی قسم کی چیزیں۔

علامہ ابن حزم کا یہ خیال ڈاکٹر فریوڈ کے اس نظریہ سے ملتا ہے کہ خواب کسی آرزو کی تکمیل کا نام ہے علامہ موصوف کے اس خیال کی توثیق ڈاکٹر ابر کرامبی کے قوانین سے بھی ہوتی ہے

**تیسری قسم** تیسری قسم کا خواب وہ ہے جو "غلبہ طبیعت" کا نتیجہ ہے اس سلسلہ میں علامہ ابن حزم نے بعض ایسی باتیں لکھی ہیں جن پر ڈاکٹر فریوڈ، ابر کرامبی، برگساں وغیرہ کسی نے روشنی نہیں ڈالی فرماتے ہیں۔

ومنھا ما یکون من غلبۃ الطبع کرویۃ من غلب علیہ الدم للانوار والزھر والحمرۃ والسرور ورویۃ من غلب علیہ الصفراء للنیران ورویۃ صاحب البلغم للثلوج والمیاہ وکرویۃ علیہ السوداء الکھوف والظلم والمخاوف ط

اور ان میں بعض خواب وہ ہیں جو طبیعت کے غلبہ کا نتیجہ ہیں مثلاً اس شخص کا خواب جس میں خون کی زیادتی ہوتی ہے، روشنی، چمک، سرخی اور خوشی کا سامان نظر آتا جس پر صفرا کا غلبہ ہو اس کو آگ نظر آتا بلغم کی زیادتی والے کو برف اور پانی کا اور جس پر سوداغالب ہے اس کو غار، ظلم اور خوف کے مناظر کا نظر آتا۔

Marfat.com

اس میں شک نہیں ابرکرامی اور فرایڈ نے عضویاتی نقطہ نظر سے بھی خواب کے اسباب تخلیق پر بحث کی ہے مثلاً فرایڈ کی روایات میں آپ کو بعض ایسے مریضوں کا پتہ چلے گا جنہوں نے کسی مرض کی علت سے خواب دیکھا اسی طرح ابرکرامی نے بھی بعض ایسے خوابوں کا تذکرہ کیا ہے جو عضویاتی اختلال یا جسمانی تاثرات کا نتیجہ تھے، چوتھی قسم علامہ موصوف چوتھی قسم کا خواب اس کو بتاتے ہیں جو صفائے باطن اور پاکیزگی نفس کے بعد ظاہر ہوتا ہے جب انسان کا نفس افکار فاسدہ سے پاک اور کدورت حسد سے منزہ ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو "مغیبات" سے مشرف کرتا ہے، اور ایسی صورت میں خواب کی سچائی، صفائی اور پاکی کے درجات کے مطابق مترتب ہوتی ہے اس کے بعد علامہ ابن حزم نے "جزء من النبوۃ" (خواب نبوت کا ایک جزو ہے) والی حدیث کے مختلف الفاظ پر ایک نئے پیرایہ میں روشنی ڈالی ہے، ابن خلدون نے بھی متکلمانہ طرز میں ان احادیث پر بحث کر کے بتلایا ہے کہ حدیث میں "ستۃ وعشرین جزءًا" "ستۃ واربعین جزءًا" "جزء من سبعین جزءًا" سے محض کثرت مراد ہے اور اس طور سے انہوں نے عوام اور انبیا کے خواب میں فرق و امتیاز بتایا ہے، یعنی نبوت اور رویائے صالحہ میں جو فرق ہے اس سے کسی خاص عدد کی تعیین مقصود نہیں۔ اس لئے حدیث کے الفاظ میں "چھبیسواں حصہ" یا چھیالیسواں یا سترواں حصہ کہا گیا تو ان تمام اعداد سے کثرت مراد ہے نہ کہ کسی خاص عدد کا تعین، مگر علامہ ابن حزم نے حدیث کے ان مختلف الفاظ کی ایک

Marfat.com

نہایت عمدہ توضیح کی ہے، فرماتے ہیں،

ھذا النص جلی علی ما ذکرنا من تفاضلھا فی الصدق والوضوح والصفاء من کل تخلیط ؎

سچائی اور وضاحت اور تمام ملاوٹ سے پاکیزہ رہنے کے اعتبار سے خوابوں کے جس باہمی فضیلت کا ذکر ہم نے کیا ہے اس پر یہ کھلی ہوئی نص ہے۔

اگلے سطور میں علامہ موصوف کا یہ نظریہ لکھا گیا ہے کہ صفائے باطن کے مطابق سچا اور اصل خواب ظہور پذیر ہوتا ہے اب انہوں نے حدیث جزء من النبوۃ کے مختلف الفاظ سے استدلال کیا ہے اور بتایا ہے کہ اس میں اسی فرق و امتیاز کا اظہار کیا گیا ہے یعنی کوئی خواب نبوت سے چھبیس درجہ، کوئی چھیالیس درجہ اور کوئی ستر درجہ قریب ہوتا ہے۔

تمام شد

ع۱ ملاحظہ ہو کتاب الفصل فی الملل والاہواء والنحل للعلامہ ابن حزمؒ ابن حزم مطبوعہ مصر جلد ص ۱۹

Marfat.com

# مجموعہ مقا...

یہ مجموعہ ہے اُن علمی، ادبی، تاریخی اور ...

عبدالمالک صاحب نے ملک کے مختلف ...

جامعہ، برہان، ساقی، مخزن، ندیم، عالمگیر ...

وقتاً فوقتاً لکھے، جن لوگوں نے ان کا ...

پوشیدہ نہیں کہ خشک علمی و تاریخی مباحث کو ...

... دینا عبدالمالک صاحب ...

آپ کو حدیث و انساب، شعر و اد ...

نفسیات، نجوم و مصوری ...

ان مقالات کے پڑھنے کے بعد آپ اندازہ کریں گے

کسقدر وسیع اضافہ ہوا ... خاص اہتمام ...

جائیگا، چاروں جلد کی ... کا اندازہ ...

طاق بستان کے [redacted]

آپ کو صر... [redacted]

9779

Marfat.com